
نامعلوم امور کے حیرت انگیز راز اور مفید قیمتی معلومات

ماہ جون ۲۰۱۸ء

قیمت:- /۶۵ روپے

روحانی دنیا



برج شمس

زکوٰۃ اور صدقات

تثلیث شمس و مشتری

مریخ ۲۰۱۸ء میں

صدمات اور تشدد


برنی
روزانہ کواکبی گائیڈ
2018
ہر روز کے نظرات مع ان کے اثرات، مدت اثرات کواکب
ہر سعد و نحس نظر کا دورانیہ، کاروبار، فنانس، قانونی نکات، قمری دنوں کی مخصوص
سرگرمیاں، قمری عدم الحساب، ہر روز اپنے پروگرام ترتیب دیں
۳۶۵ دنوں کے
ہر دن کے اثرات،
عملیات کے اہم
مواقعوں سے
فائدہ اٹھائیں
اس تقویمی گائیڈ کی انفرادی خصوصیت یہ ہے کہ ڈائری کی طرح ہر صفحہ پر ۵ دن دیئے گئے ہیں تاکہ اس میں ہر خاص و عام بات لکھی جا سکے، پہلے سے اپنے پروگرام ترتیب دیں، کس دن کون سی خریداری کرنی ہو، شادی کب کریں، ملازمت کی درخواست کس دن یا نظر میں دینی ہے۔ پراپرٹی یا مکان کب خریدا یا بیچا جائے۔ لین دین، گفت و شنید، تحریری کام، پیشہ وارانہ کاروبار اور دیگر معاملات کب طے کئے جانے چاہئے، سفر کا دن کون سا بہتر ہے۔ ہر تاریخ میں اس دن کے نظرات، قمری دور، برج میں قمر کا داخلہ مع وقت، برج میں کواکب کا داخلہ مع وقت، ہجری و عیسوی تاریخیں، رجعت و استقامت، قمری خلل السیار شامل ہیں۔
قیمت کتاب:- /۲۰۰+ڈاک خرچ+منی آڈر فیس=۵۰+۷۵=- /۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی
E-mail: ruhanidunya@hotmail.com
Phone: 021-34949944
اوراق پبلشرز پی آئی بی کالونی کراچی نمبر ۷۴۸۰۰
اپنے قریبی بک اسٹور سے حاصل کریں
آپنا آڈر آج ھی ارسال کریں

علوم روحانی دینی دنیوی اور کائناتی معلومات کا خزانہ

جاری شدہ ۱۹۳۲ء

بیادگار حضرت کاش البرنیؒ

ماہنامہ

روحانی دنیا

مینجنگ ایڈیٹر: حارث عثمانی البرنی

نائب مدیرہ: شازلی سعید مغل

بدل اشتراک

فی پرچہ:- / ۶۵ روپے   سالانہ چندہ:- / ۸۰۰   بذریعہ رجسٹری:- /۹۵۰ روپے
میل بذریعہ PDF سالانہ چندہ:- / ۱۴۰۰ روپے

غیر ممالک ایئر میل
ابوظہبی، دوبئی، بحرین، مسقط، ایران، کویت:- /۳۲۰۰ روپے
افریقہ، برطانیہ، نیویارک (امریکہ) : -/۴۲۰۰ روپے

جلد نمبر ۸۶

شمارہ نمبر ۲

ماہ: ماہ جون ۲۰۱۸ء

اس شمارے میں

فون پر رابطہ کریں صبح ۱۱ بجے سے شام ۳ بجے تک

رابطہ دفتر

فون نمبر:
021-34949944
0333-7202964

ای میل:
ruhanidunya@hotmail.com
ruhanidunya@yahoo.com
Web site: www.ruhanidunya.com

• مینجر سرکولیشن   سہیل احمد
• کمپوزنگ   اصغر نظامی


خط وکتابت وترسیل زر کا پتہ: مینجر رسالہ روحانی دنیا، ابراہیم مارکیٹ پیر الٰہی بخش کالونی، کراچی ۷۴۸۰۰

RUHANI DUNYA ESSENTIAL OIL

نام اردو	English	ML	RATE
کالی تلسی	BASIL OIL	30	650.00
ترنج	BERGAMOT OIL	30	600.00
لوبان	BENZION OIL	30	800.00
سیاہ زیرہ	CARAWAY OIL	30	550.00
الائچی	CARDOMOM OIL	30	600.00
دیاردیودار	CEDARWOOD OIL	30	500.00
کافور	CHAMPHOR OIL	30	650.00
ساج	CLARY SAGE OIL	30	1600.00
دارچینی	CINNAMON OIL	30	700.00
لونگ	CLOVE OIL	30	400.00
یوکلپٹس	EUCALYPTUS OIL	30	400.00
بارزد بریجا	GALBANUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM (Natural) (T/L)	30	3000.00
لیونڈر	LAVENDER OIL	30	450.00
لیمون	LEMON OIL	30	450.00
اذخر	LEMON GRASS OIL	30	400.00
عرق لیموں	LIME OIL	30	460.00
مشک	MUSK OIL	30	800.00
نارنگی شریں	ORANGE SWEET OIL	30	350.00
ارنڈی کی قسم	PALMA ROSA OIL	30	800.00
نعناع ہندی	PATCHOULY OIL	30	980.00
نعناع ہندی قدرتی	PATCHOULY OIL(Natural)	30	1880.00
نارنگی تلخ	PETIT GRAIN OIL	30	850.00
فل فل پودینا	PEPPERMINT MenthalOIL	30	450.00
فل فل پودینا سادہ	PEPPERMINT OIL	30	350.00
صنوبر	PINE OIL	30	400.00
روزمیری	ROSEMARY OIL	30	580.00
چوب صندل	SANDAL WOOD OIL	30	12500.00
ساسافارس	SASA FARAS OIL	30	960.00
خس خس	VETIVERT OIL	30	1800.00
یلینگ یلینگ	YLANG YLANG	30	2280.00
گھٹیا اور جوڑوں کے درد کے لئے	**Arthritis & Joints Pain Oil**	125	600.00
اعضاء اور نسوں کے کھچاؤ کے لئے	**Muscular Pain Relief Oil**	125	800.00

روحانی دنیا
ماہ جون ۲۰۱۸ء

محبت الٰہی



اعمال صالحہ کامنبع محبت الٰہی ہے۔جس مسلمان کوجتنی زیادہ اللہ تعالیٰ سے محبت ہوگی۔اتنی ہی زیادہ اطاعت کا ثبوت دے گا۔یعنی محبت کالازمی نتیجہ اطاعت ہے۔چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جولوگ ایماندار ہیں وہ اللہ ہی سے انتہائی محبت کرتے ہیں۔

خداوند عالم تمام عالم کے حق میں واجب الاطاعت ہیں۔اورتمام عالم کے ذمہّ اس کی اطاعت وفرمانبرداری لازم آتی ہے۔کیونکہ وہ تمام وجوہ اس ذات واجب الوجود ہیں جوفرمانبرداری کے ہیں۔بظاہروہ تین ہیں۔اول کوئی کسی کی تابعداری نفع کی امید پرکرتا ہے۔دوسرے کسی کی فرمانبرداری اندیشۂ نقصان کی بناپرکرتا ہے۔تیسرے محبت کی وجہ سے فرمانبرداری کی جاتی ہے۔جیسے عاشق اپنے معشوق کی تابعداری کرتا ہے۔یہ تینوں وجوہات ذاتِ باری میں بدرجہ اتمہواکمل موجود ہیں۔اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

لن تنا لو البرحتی تنفقو مما تحبون ط تاوقتیکہ تم اپنی پیاری اوردل پسند چیز راہ خدامیں صرف نہ کروگے۔ہرگز بھلائی کونہ پہنچوگے۔

عارفوں نے اس آیت کی تفسیریوں کی ہے کہ جب تک میرے غیر کی محبت تمہارے دلوں میں جاگزیں رہے گی۔تب تک میری محبت حاصل نہ کرسکوگے۔اس بناپرصوفیائے کرام سخت مجاہدے اورریاضتیں کرتے ہیں۔تاکہ اپنے نفسوں سے ہرغیرکاخیال دورکردیں۔

محبت الٰہی کامفہوم

محبت الٰہی کوئی خیال چیز نہی ہے بلکہ عملی چیز ہے۔ہمیں جوخدا سے محبت ہے۔اس کے معنی اورثبوت یہ ہے کہ ہم اس کے احکام پرعمل پیراہوں۔ہرحال میں اطاعت الٰہی کاثبوت دیں۔حضرات صوفیہ نے محبت کودس منزلوں میں تقسیم کیاہے۔یایوں کہیں کہ محبانِ الٰہی نے دس منزلیں قائم کی ہیں جویہ ہیں۔

۱۔ موافقت	دوست کے دشمنوں کودشمن سمجھنا
۲۔ میل	ہمیشہ متوجہ الی اللہ رہنا
۳۔موانست	ہرچیز سے گریزاں اور رجویانِ حق رہنا
۴۔موَدت	عجزوزاری سے خلوت دل میں مشغول رہنا
۵۔ھوا	ریاضت ومجاہدہ
۶۔خلت	جملہ اعضا کویادحق سے پرکرنااورغیر سے خالی کرنا
۷۔الفت	صفاتِ حمیدہ سے متصف ہونا۔
۸۔شغف	غایت شوق سے حجاب دل دورکرنااورمغلوب حال ہوئے بغیرافشائے محبت کرنا۔
۹۔تیم	بندۂ محبت ہوکرتجریدظاہری اورتفرید باطنی سے متصف ہونا۔
۱۰۔ولہ	آئینہ دل کوجمال دوست کے مقابل کرنا۔مصروف مشاہدہ ہونااورمحورہنا۔

لوح زحل

استحکام وجمعیت کی روحانیت

تسخیر سلطنت وفتوحات، ناموری، حکمت اور قیام واستحکام مرتبہ کے لئے مؤثر وقت

ستارہ زحل کو ترفع اور تنزل سے منسوب کیا جاتا ہے۔ جب یہ سعد ہوتا ہے تو اعلیٰ مرتبہ اور اختیارات دیتا ہے نحس ہونے کی صورت میں مصائب وآلام خوف اور ڈر کا سبق دیتا ہے۔ زحل کی نحوست سے ہر شخص زندگی میں کسی نہ کسی طرح ضرور متاثر ہوتا ہے۔ یاد رکھیئے یہ دنیا اسباب کی ہے۔ ایسا سبب ضرور تلاش کرنا چاہیئے جو انسان کو مصائب سے بچائے۔ اُس کے مرتبے کو استحکام دے اور عظمت حاصل ہو۔ دنیوی مقام کے ساتھ ساتھ وہ مقام جہاں انسان ہر جگہ لاچار ہو جائے تو وہاں ایک اور سبب کو اختیار کرنا ہے وہ سبب روحانی علوم سے استمداد حاصل کرنا ہے۔ ان علوم میں خاص امتزاجی حالت سے ایسی الواح تیار کی جاتی ہے جو ذرائع اور اسباب لاتی ہیں جس سے بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ان الواح میں سے ایک لوح زحل کی بھی ہے۔ جس کے خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ نحوست زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے رفع ہوتی ہے۔

۲۔ نحوست کے بعد جلد اسباب بنانے کے لئے لوح بے انتہا موثر ثابت ہوگی۔

۳۔ تسلط بر خلق اور استحکام کے لئے کہ تنزلی نہ ہو۔

۴۔ حصول جائیداد یا جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو یا زمیندار ہوں اور چاہتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام دیتا ہے۔

۵۔ تعمیر مکان کے وقت اگر بنیاد میں رکھیں تو مضرات سے محفوظ اور مکینوں کے لئے خوشحالی رہے۔

۶۔ خلقت میں ناموری، تسخیر سلطنت، حصول مرتبہ، خلقت پر بزرگی، الیکشن میں کامیابی کے لئے۔

۷۔ وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں یا فرمیں ہیں یا جن کے ماتحت بہت ملازمین کام کرتے ہوں۔ چاہیں کہ قیام مرتبہ اور غلبہ بر مخلوق رہے۔ یہ لوح مؤثر ہے۔

خوش قسمتی اور بدقسمتی دونوں انسان کے ساتھ ہیں۔ خوش قسمتی کو سبب سے حاصل کیا جاسکتا ہے اور بدقسمتی کو سبب سے دور کیا جاسکتا ہے۔ حقیقتاً یہ رعایت خدا نے انسان کو دی ہے اس سے فائدہ اٹھانا یا نہ اُٹھانا انسان کا ذاتی کام ہے۔ کیونکہ اُس نے اسباب کے طریقے بھی سکھائے اور علم بھی دیا۔

زحل سے متعلق اسباب کو اختیار کرنے کے لئے چاندی کی لوح اور خاص اوقات میں اس لوح کے نقوش اس پر اُتارنے ہوں گے پھر اگر اس لوح کو پاس رکھا جائے تو ایک مخفی اثر رکھنے والی باقوت چیز آپ کی زندگی کو بدل دے گی۔ جلد یا بدیر اُس کے اثرات خود دیکھیں گے۔ لازماً دوسروں سے آپ اپنے آپ کو مختلف قوت اور خوشی کا مالک پائیں گے۔

جو لوگ دفتر سے لینا چاہیں تو لوح کا ہدیہ علاوہ محصول ڈاک کے ارسال کردیں۔ ہدیہ نام مع والدہ لکھیں۔

اب تختی کا وقت خصوصاً جوزا، سرطان، قوس، جدی کے لئے ہے اُن کو ضرور بنوانا چاہیئے۔ باقی لوگوں کو آئندہ کے تحفظ کے لئے ضرور تیار کروانا چاہیئے۔

اپنا نام معہ والدہ کا نام 0333-7202964 پر میسیج کریں۔ اور رقم منی آڈر حارث عثمانی البرنی کے نام کا ارسال کریں

زکوٰۃ اور صدقات

قرآن پاک میں نماز کے ساتھ زکوٰۃ کا ذکر اس التزام سے آیا ہے کہ یہ دونوں توام بہنیں معلوم ہوتی ہیں۔عرب کے یہود سودی کاروبار کی وجہ سے اس ملک کی دولت کے تنہا مالک بن بیٹھے تھے۔ان میں جو مفاسد پیدا ہو گئے تھے ان پر ٹوکنے کے علاوہ جن فرائض کی فراموشی پر قرآن نے ان کو ملامت کی وہ یہی دو فریضے تھے۔نماز اور زکوٰۃ۔

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ط ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۔ (بقرہ ع ۱)(اور تم نبی اسرائیل سے معاہدہ تھا کہ) نماز کھڑی رکھنا اور زکوٰۃ دیتے رہنا پھر تم پھر گئے۔

جن مسلمانوں کو خلافت ارضی کی امانت سونپی جائے ان کے اوصاف کیا ہوں گے؟

اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ط (حج ۶)

یہ وہ ہیں کہ اگر ہم نے زمین میں ان کو اقتدار دے دیا تو وہ نماز قائم کریں گے۔زکوٰۃ کی ادائیگی میں سرگرم ہوں گے۔نیکیوں کا حکم دیں گے برائیاں روکیں گے۔

حضرت اسمٰعیل کے محاسن میں ایک یہ تھا کہ ''**وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ** '' (مریم ع۴) اور وہ اپنے (گھر کے) لوگوں کو نماز اور زکوٰۃ کی تاکید کیا کرتے تھے۔

حضرت عیسیٰ بے باپ کے پیدا ہوئے تو لوگوں کا جم گھٹا ہو گیا اور لگے ان کی ماں حضرت مریم کو ملامت کرنے کہ تو نیک باپ اور پاک باز ماں کی بیٹی ہے۔یہ کیا کر بیٹھی انہوں نے جواب میں کچھ نہ کہا ''صرف ابھی پیدا ہوئے بچے'' حضرت عیسیٰؑ کی طرف اشارہ کیا کہ ان سے پوچھ لو حضرت عیسیٰؑ اپنے یوں بے باپ کے پیدا ہونے میں اللہ تعالیٰ کی حکمت و منشا بتانے لگے اور پھر اپنے بارے میں یہ فرمان الٰہی سنایا۔

'' **وَاَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا** ''

(مریم ع۲) اور خدا نے مجھے زندگی بھر نماز پڑھتے رہنے اور زکوٰۃ دیتے رہنے کی تاکید فرمائی۔

روح اور مادہ الگ الگ چیزیں ہیں وہ نورانی اور یہ خاکی مگر انسانی پیکر اسی وقت تک متحرک رہتا ہے کہ جب تک یہ دونوں باہم ایک جاں ہم نوا رہتی ہیں۔اُخروی زندگی اس اربعہ عناصر کے عالم سے کہیں بالاتر اور ماوراء ہوگی۔مگر وہاں بھی روح کا مکان یہی خاکی جسم ہوگا۔مٹی کی تیرہ و تار تہوں میں سڑ گل کر نابود و معدوم انسانی جسم کے ذرات صور کے پھنکتے ہی باہم جڑیں گے اور صحیح و سالم بنا سنورا گوشت و پوست والا جسم ہو جائے گا۔فراق کا عرصہ دراز ختم ہوگا اور یہ جسم زبان حال سے اپنی ہم دم و رفیق روح کو بلائے گا۔

رواق منظر چشم من آشیانۂ تست
کرم نما و فرود آ کہ خانہ خانۂ تست

اسلام کی تنظیمی زندگی ان ہی دو بنیادوں پر قائم ہے۔روحانی اور مادی، روحانی نظام یہ کہ مساجد میں نمازیوں کی صفیں منظم کے ساتھ آراستہ ہوں اور مادی نظام یہ کہ بیت المال میں قاعدے اور ضابطے کے مطابق زکوٰۃ جمع ہو کر مستحق لوگوں میں تقسیم ہو۔

حضرت ابوبکرؓ کی خلافت کے شروع میں بعض قبائل میں ارتداد پھیلنے لگا اور بعض قبائل مرتد تو نہیں ہوئے مگر زکوٰۃ بیت المال میں داخل کرنے سے انکار کرنے لگے۔حضرت ابوبکرؓ نے ان کے خلاف تادیبی کاروائی کی اور حضرت عمرؓ کے اعتراض پر فرمایا کہ'' میں نماز اور زکوٰۃ کو الگ الگ نہ ہونے دوں گا'' یعنی یہ گوارا نہ کروں گا کہ یہ لوگ نماز تو پڑھتے رہیں مگر زکوٰۃ نہ دیں۔

رسول اللہ ﷺ نے فریضہ رسالت کا لب لباب ان دو لفظوں میں بتا دیا ''اللہ کا حق اور بھائیوں کا حق'' خدا کا حق نماز اور دوسری بدنی عبادات' بھائیوں کا حق' قریب و نادار بھائی کی مالی امداد' آخر تمام انسان آپس میں بھائی ہیں۔کیونکہ وہ ایک ہی باپ آدمؑ کی اولاد ہیں۔حدیث مسلم '' **کلکم بنو آدم وآدم منی تواب** '' تم سب آدم کی اولاد ہو اور آدم مٹی سے بنے تھے حضرت جعفر ہجرت کر کے حبشہ پہنچے تو انہوں نے اس ملک کے فرماں روا نجاشی کے دربار میں تقریر کی اور یہ بتایا کہ'' وہ پیغمبر ہم کو یہ تعلیم دیتے ہیں کہ ہم نماز پڑھیں۔ روزے رکھیں اور زکوٰۃ دیں ''

جب نجاشی نے نامۂ مبارک پڑھنے کے بعد ابوسفیان سے جو اس وقت تک دشمن! اسلام تھے اسلام کی تعلیمات دریافت کیں تو انہوں نے دوسری چیزوں کے ساتھ زکوٰۃ و صدقے کا بھی تذکرہ کیا۔

جب آں حضرت ﷺ نے حضرت معاذؓ کو دعوت اسلام دینے کے لئے یمن بھیجا تو اسلام کے مذہبی فرائض کی یہ ترتیب بتائی کہ'' پہلے ان کو توحید کی دعوت دو۔جب وہ یہ جان لیں تو ان کو بتانا کہ دن میں پانچ وقت کی نماز ان پر فرض ہے جب وہ نماز پڑھ لیں تو انہیں بتانا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے مال پر زکوٰۃ فرض کی ہے جو ان کے دولت مندوں سے لے کر ان کے غریبوں کو دی جائے گی۔

'' **توخذ من اغنیاء ھم وترۃ علیٰ فقرائھم** ''

وہ دولت مندوں سے لے کر ان کے غریبوں کو لوٹا دیا جائے۔

نماز اسلام و کفر کے درمیان حد فاصل ہے۔

'' **وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ** ۙ (روم ع۴)

اور خدا سے ڈرتے رہو اور نماز کھڑی رکھو اور مشرکوں میں سے نہ بنو'' اور زکوٰۃ اپنے منکروں کو جہنم کا ٹکٹ دیتی ہے۔

" وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لافَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ لا (توبہ ع ۵)

وہ لوگ جو سونا اور چاندی گاڑ کر رکھتے ہیں اور اس کو خدا کی راہ میں خرچ نہیں کرتے ان کو درد ناک عذاب کی بشارت دے دو۔

جو لوگ روپیہ پیسہ کا اندوختہ بناتے رہتے ہیں اور وہ زکوٰۃ نہیں نکالتے تو روز حشر یہی مال دو منہ کا سانپ بن کر ان کے گلے کا ہار بن جائے گا اور ان کے منہ کو دونوں طرف سے چباتے ہوئے کہے گا۔

" انا مالك وانا كنزك "

حدیث " میں ہوں تیرا مال، میں ہوں تیرا خزانہ "

حضرت ابوذرؓ فرماتے ہیں کہ میں آں حضرتﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت آپﷺ خانہ کعبہ کے سائے میں بیٹھے تھے آپﷺ نے مجھے دیکھ کر فرمایا۔

" قسم ہے رب کعبہ کی کہ وہی لوگ زیادہ نقصان میں ہیں" میں نے عرض کیا وہ کون ہیں؟

فرمایا کہ " جن کے پاس مال بہت ہے مگر (ہاں وہ نہیں کہ) جو اپنے داہنے اور بائیں اور آگے اور پیچھے بکھیرے اور خیرات کرے اور فرمایا جو کوئی اونٹ والا یا بکریوں، خواہ گائیوں والا ان (جانوروں) کی زکوٰۃ ادا نہ کرے گا (تو) وہ چوپائے قیامت میں بے حد بڑے اور موٹے ہو کر آئیں گے اور اس شخص کو اپنے سینگوں سے ماریں گے اور کھروں سے کچلیں گے اور وہ مارتے ہی رہیں گے) اس وقت تک کہ جب لوگوں کے درمیان (اللہ تعالیٰ کا آخری) حکم ہو" (بخاری و مسلم)

زکوٰۃ کے معنی ہیں " پاکیزگی " وہ مال کو پاکیزہ کرتی ہے جو مال حلال طریقے سے کمایا جائے وہ پاکیزہ مال ہے۔ زکوٰۃ ایسے ہی مال سے نکالی جائے کی حرام مال سے زکوٰۃ دینا ناجائز ہے اور مال حلال کو اگر اندوختہ کیا جائے اور زکوٰۃ نہ نکالی جائے تو پھر یہ مال بھی پاکیزہ نہیں رہتا اور یہی مال روز حشر سانپ بن کر گردن سے لپٹے گا۔

ایک دفعہ آں حضرتﷺ نے تقریر میں فرمایا کہ " لوگو مجھے تمہاری نسبت جو ڈر ہے وہ دنیا کی خیر و برکت کا ہے" صحابہ کرامؓ نے پوچھا یا رسول اللہﷺ دنیا کی خیر و برکت سے کیا مراد ہے۔ فرمایا " دنیا کا باغ و بہار" ایک صحابیؓ نے کہا یا رسول اللہ کیا خیر سے بھی برائی پیدا ہو سکتی ہے (یعنی اگر دولت خیر و برکت ہے تو وہ فتنہ و شر کیوں کر ہو سکتی ہے) آپ نے سوال سن کر ذرا تامل فرمایا، پھر جبین مبارک سے پسینے کے قطرے پونچھے پھر فرمایا " خیر سے خیر ہی پیدا ہوتی ہے لیکن دولت کی مثال ایک ہری بھری چراگاہ کی ہے جس کو موسم بہار نے سرسبز و شاداب بنا دیا ہو۔ جب بعض جانور حرص و طمع میں آکر حد اعتدال سے زیادہ کھا لیتے ہیں تو دیکھو وہ خیر و برکت کی چیز ان کی ہلاکت اور موت کا باعث ہوتی ہے لیکن جو جانور اس کو اعتدال سے چرتا ہے جب اس کا پیٹ بھر جاتا ہے تو وہ دھوپ کے سامنے ہو جاتا اور کچھ دیر جگالی کرتا ہے۔ فضلہ باہر پھینک دیتا ہے اور پھر چرنے لگتا ہے دولت ایک خوش گوار چیز ہے تو جو شخص اس کو صحیح طریقے سے خرچ کرے تو یہ دولت اس کے لئے بہترین مددگار ہے۔ لیکن جو شخص اس کو صحیح طریقے سے حاصل نہیں کرتا اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی کھاتا چلا جائے اور سیر نہ ہو (بخاری کتاب الزکوٰۃ اور کتاب الزہد والرقاق)

اس تقریر میں رسول اللہﷺ نے اس نکتہ کو واضح فرمایا کہ نفس مال و دولت نہ خیر ہے نہ شر ہے اگر وہ جائز و حلال طریقے سے حاصل کی جائے اور اس کا مصرف بھی حلال وطیب ہو تو وہ خیر ہے اور اگر اس کا ماخذ و منبع معصیت ہو تو وہ شر ہے اور اگر حلال وطیب مال کا مصرف معصیت ہو تو وہ مال بھی شر ہے۔

زکوٰۃ مال کو تو پاکیزہ کرتی ہے۔ اس سے زکوٰۃ دینے والے کا باطن بھی پاکیزہ ہو جاتا ہے جب بنی اسرائیل کے دانش مندوں نے قارون کو مشورہ دیا کہ " جو کچھ تجھے اللہ تعالیٰ نے دیا ہے اس سے اپنی آخرت بھی بنا اور (اپنی خود پسندی) خود غرضی و عیاشی سے غریب امیر میں کش مکش کا فساد اس ملک میں نہ پھیلا تو اس نے اپنی دولت کو عطیۂ الٰہی ماننے کے بجائے جواب میں کہا " اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِىْ ط (قصص ع ۸) مجھے تو عقل سے ایک ہنر ملا جو میرے پاس ہے جس سے سب کچھ ملا ہے۔

ہر زمانے کے قارون اپنے اندوختے کو اپنے کمانے کی قابلیت کا نتیجہ سمجھتے ہیں۔ یہ نہیں سمجھتے کہ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا ہے۔ یہ خدا فراموشی کے باطن کو تیرہ و تار بنا دیتی ہے اور انسانیت ان کو اپنی برادری سے باہر نکال دیتی ہے۔

نواب سر مزمل اللہ خان مرحوم بے حد سخی تھے۔ ان کا فیض کرم ملک کی تمام اسلامی افادہ گاہوں میں پہنچتا تھا۔ جب ان کے مصاحب ان کے منہ پر ان کی تعریف کرتے تو وہ جواب میں کہتے تھے۔" نہ کس ے دھد نہ کس ے دھاند خدا مے دھد خدا مے دھاند" نہ کوئی دیتا ہے نہ کوئی دلواتا ہے۔ خدا ہی دیتا ہے خدا ہی دلواتا ہے"

اللہ تعالیٰ پاک و منزہ ہے جو چیز اس کی خوشنودی کے لئے اس کے بندوں کو دی جائے وہ بھی پاک وطیب اور عمدہ ہونی چاہئے۔ اصحاب صفہ نے

اپنی زندگی کا مقصد صرف دین کی خدمت اور عبادت میں انہماک قرار دیا تھا- ان کو کسی معاش کا موقع نہیں ملتا تھا- اس لئے لوگ گھٹیا قسم کی کھجوروں کے خوشے لاکر مسجد میں لٹکا دیتے تھے- یہ لوگ بھوک کی شدت سے بے تاب ہوکر ان میں سے توڑ کر کھا لیتے تھے- اللہ تعالیٰ کو ایسی خیرات پسند نہ آئی اس بناء پر یہ آیت نازل ہوئی-

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَاكَسَبْتُمْ وَمِمَّاۤ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَلَاتَیَمَّمُوا الْخَبِیْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِیْهِ اِلَّاۤ اَنْ تُغْمِضُوْا فِیْهِ ط وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ حَمِیْدٌ ہ (بقرہ ع ۳۷)

مسلمانوں! اپنی کمائی سے اور اس چیز سے جو تمہارے لئے ہم نے زمین سے نکالی ہے، بہتر حصہ خیرات کرو اور ان میں سے ردی مال کی خیرات کا قصد نہ کرو حالانکہ اگر وہی تم کو دیا جائے تو خود تم نہ لو گے لیکن یہ کہ چشم پوشی کر جاؤ اور یقین کرو کہ خدا تمہاری اس قسم کی خیرات سے بے نیاز ہے اور وہ خوبیوں والا ہے (اسے وہی چیز پسند ہے کہ جو خوب ہو)

بندے کی شان یہی ہے کہ خدائے جبار و قہار کے احکام کی تعمیل میں وہ سراپائے عجز ہو- رکوع وسجود میں عجز و تذلل انفاق فی سبیل اللہ میں عجز و انکسار دینے والے کے سامنے یہ نظریہ ہو کہ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَانُرِیْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَاشُكُوْرًا - (دھرع ۱) ہم تم کو خدا کے لئے کھلاتے ہیں ہم تم سے کوئی بدلہ اور شکریہ نہیں چاہتے-

زکوٰۃ وصدقہ وہ آب طاہر ومطہر ہے جو باطن کی گندگی نکال کر قلوب کو پاک وصاف کر دیتا ہے لیکن جو احسان جتا کر دیتا ہے وہ اس آب مقطر کو ہی گندہ کر دیتا ہے اور زکوٰۃ وصدقہ کی معنویت ہی ختم ہو جاتی ہے-

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَاتُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰی لا (بقرہ ع ۳۶)

مسلمانو- اپنے صدقوں کو احسان جتا کر اور طعنہ دے کر برباد نہ کرو-

حدیث - ''لایقبل اللہ صدقۃ منان'' اللہ تعالیٰ احسان رکھنے والے کی خیرات قبول نہیں فرماتا- زکوٰۃ تو فریضہ ہے- صدقۃ الفطر واجب ہے- ان دنوں کے علاوہ صدقہ وخیرات نفل ہے- مگر کسی موقع پر صدقہ نافلہ واجب ہو جاتا ہے اور اس موقع پر مستحق کی امداد نہ کرنے سے گناہ لازم آتا ہے- مثلاً زید نے زکوٰۃ ادا کر دی- اسے معلوم ہوا کہ پڑوسی کے گھر میں فاقہ ہے تو اس وقت اسے کھانا پہنچانا اس پر فرض واجب ہوگا- یا زید پر زکوٰۃ واجب ہی نہیں تو اس حالت میں بھی بھوکے پڑوسی کی امداد اس پر واجب ہوگی- نخعیؒ شعبیؒ اور عطارؒ جیسے جلیل قدر علماء کی یہی رائے ہے کہ زکوٰۃ کے علاوہ اور بھی حقوق ہیں- چنانچہ امام شعبیؒ سے جب پوچھا گیا کہ مال میں زکوٰۃ کے علاوہ اور بھی حقوق ہیں؟ تو فرمایا کہ اور بھی ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے- ''وَاٰتَی الْمَالَ عَلٰی حُبِّهٖ ذَوِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰكِیْنَ وَابْنَ السَّبِیْلِ لا وَالسَّآئِلِیْنَ وَفِی الرِّقَابِ- (بقرہ ع ۲۲)

اور جس نے خدا کی محبت میں (یا مال کی محبت کے باوجود) قرابت مندوں، یتیموں مسکینوں، مسافروں، مانگنے والوں اور غلاموں یا مقروضوں کی) گردن چھڑانے میں مال دیا-

عام طور سے ان لوگوں کو امداد کا مستحق سمجھا جاتا ہے کہ جن پر خستگی کے آثار نمایاں ہوں اور ان لوگوں کی طرف دھیان نہیں ہوتا جو بظاہر سفید پوش ہوتے ہیں اور گھر میں مفلس ونادار ایسے خوددار لوگوں کی امداد کی طرف توجہ دلائی-

یَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِیَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ج تَعْرِفُهُمْ بِسِیْمٰهُمْ ج لَا یَسْئَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ط (بقرہ ع ۳۷)

ناواقف ان کی خودداری اور سوال کی ذلت سے بچنے کے سبب ان کو دولت مند سمجھتا ہے تو ان کو ان کی نشانی سے پہچانتا ہے وہ لوگوں سے لپٹ کر نہیں مانگتے-

اوج شمس

جب شمس چلتا ہوا برج سرطان کے ۲۰ درجہ پر پہنچ جاتا ہے تو اسے اوج ہوتا ہے۔ بلند مرتبہ اس درجہ پر شمس کو حاصل ہوتا ہے۔

اوج شمس ۱۱ جولائی کو دوپہر ایک بجکر ۱۰ منٹ سے ۱۲ جولائی دوپہر ۲ بجکر ۲۰ منٹ تک وقت ہوگا۔ دو ساعتیں ملیں گی۔ اس وقت کے لئے تین اہم عمل دے رہا ہوں۔ اگر آپ اس وقت سے ضرورت کے مطابق فائدہ اٹھا سکیں تو سمجھ لیں اللہ کا فضل آپ پر ہے۔ خط وکتابت کے ذریعے **عمل کی اجازت لینا ضروری ھے۔**

لوح قائمی

اگر کسی شخص کو اپنی ملازمت میں اپنے درجہ اور اپنے کام میں تنزلی یا برطرفی کا خوف ہے اگر کسی دشمنی کا ڈر ہے اور اگر کسی وجہ سے ترقی نہیں ہوتی۔ اگر افسران کے دل میں عزت نہیں تو اس لوح کو تیار کریں۔ اس کی برکت سے قلوب افسران میں خاصی عزت وتکریم حاصل ہوگی۔ ملازمت یا عہدہ کو کبھی زوال نہ ہوگا اور ترقیاں حاصل ہوں گی۔ اس آیت کریمہ کی لوح مربع آتشی تیار کریں۔ میں نے اسے حل کر دیا ہے۔ اس کو پاس رکھیں کل اعداد اس آیت کے ۸۸۵ ہیں۔

والھکم	اله واحد	لا اله الا	ہوالرحمن الرحیم
۱۰۰	۶۲۸	۱۰۳	۵۴
۶۲۷	۹۷	۵۷	۱۰۴
۵۶	۱۰۵	۶۲۶	۹۸

رفتار اس نقش کی یہ ہے۔

۱	۶	۱۱	۱۶
۱۲	۱۵	۲	۵
۱۴	۹	۸	۳
۷	۴	۱۳	۱۰

نقش کے ضلع **قولہ الحق ولہ الملک** سے تیار کریں چاروں طرف موکلات وخدام کے نام لکھیں پھر اپنے نام میں اسم الٰہی ودود کو امتزاج دیں۔ یعنی اپنے نام کو علیحدہ علیحدہ حرفوں میں لکھ کر ان کے اندر بار بار ودود کے حروف لکھیں حتیٰ کہ لفظ برابر ہو جائیں۔ پھر چار چار کلمات بنا کر نقش کے چاروں طرف چار بار لکھ دیں۔ لوح تیار ہے اسے سرخ ریشمی کپڑے میں سی کر پاس رکھیں اور اس کے اثرات ملاحظہ کریں۔

لوح تخفیف غضب حکام وسلاطین

اگر کسی سے کوئی حاکم یا بڑا آدمی ناراض ہو اور اس کی ناراضگی نقصان پہنچا سکتی ہو یا کسی حاکم سے اندیشہ ہو۔ یا کسی کو معزول کر دیا گیا ہو تو اس کی برکت سے حامل لوح ہر قسم کے غصہ اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔ اگر کسی کو پھانسی کا بھی خطرہ ہوگا تو وہ ٹل جائے گی۔ اگر کسی سے جان کا خطرہ ہو تو بھی محفوظ ہو جائیگا۔ مندرجہ ذیل نقش اسی آیت کا ہے۔ **سبحان ربک رب العزہ وعما یصفون وسلام علی المرسلین والحمد للہ رب العالمین** عدد اس کے ۱۳۸۲۹ ہیں اور مربع اس کا یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۱۳۸۰۹	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳۸۰۸
۶	۹	۱۳۸۱۱	۳
۱۳۸۱۰	۴	۵	۱۰

اس نقش کو کاغذ پر لکھیں۔ اس کے بھی ضلع **قولہ الحق ولہ الملک** سے بنائیں۔ موکلات و خدام لکھیں۔ پھر نیچے پوری آیت لکھ دیں۔ تہہ کر کے نقش بنائیں کوئی خوشبو کی دھونی دیں اور الٹے بازو پر باندھ لیں۔ ہر طرح سے امان میں آجائے گا۔ میرا بہت دفعہ کا آزمودہ ہے اور میں اس سے بہت کام لیتا ہوں۔ عموماً ناحق مقدمات میں پھنسے ہوئے لوگوں کے لئے بھی بناتا ہوں۔

زباں بندی حکام وعملہ وحاسدین

یہ بھی دراصل تسخیر کا عمل ہے اس کا مطلب ہے۔ کوئی بھی خلاف نہ بولے نہ کہے۔ نہ کسی کو ایسی جرات ہو کہ شکایت کر سکے نہ حاکم کو جرات ہو خلاف حکم نہ کہہ سکے۔ اس کے لئے ایک مربع کاغذ پر **صراط علی حق نمسکہ** کے اعداد کا پر کرے۔ عدد اس کے ۶۹۳ ہیں۔ مربع یہ ہے۔

صراط	علی	حق	نمسکہ
۱۰۹	۱۷۴	۳۰۱	۱۰۹
۱۷۳	۱۰۶	۱۱۲	۳۰۲
۱۱۱	۳۰۳	۱۷۲	۱۰۷

اس کے چاروں طرف حروف صوامت لکھ دیں۔ ''اح در س ص ط ع ک ل م وہ'' اس کی رفتار بھی لوح قائمی کی طرح ہے۔ اگر کوئی خاص موقعہ ہو۔ کسی حاکم کے سامنے پیش ہونا ہو تو سترہ (۱۷) بار پڑھیں۔ **صراط علی حق نمسکہ** اور سامنے جائیں کچھ نہ کہہ سکے گا۔ اس کے قلب میں ہمدردی پیدا ہوگی۔ یا وہ کچھ کہنے کی ہمت نہ کر سکے گا۔ یہ میرے تین تحفے ہیں اور اس دور میں بہت ضروری ہیں۔ خدا آپ کو نفع حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

وہ لوگ جو دفتر سے تیار کرانا چاہیں وہ ہدیہ ساتھ روانہ کریں اور پندرہ دن قبل نام نوٹ کرا دیں۔ کاغذ پر نقش کا ہدیہ =/۹۵۰۱ روپے ہوگا۔

(قسط۲)

مریخ ۲۰۱۸ء میں

برج میزان (چوتھا گھر اور پانچواں گھر)

مریخ میزانی افراد کے چوتھے گھر میں رہے گا چنانچہ ان میں روپے اور اثاثوں کے حصول کی خواہش بہت بڑھے گی۔ شادی یا کاروباری شراکت کے ذریعے فائدہ ملے گا۔ تاہم لڑائیوں کی وجہ سے گھریلو فضا مکدر رہا کرے گی۔ اس طرح گھریلو ناتسلی بخش حالات فکر مندی لائیں گے۔ خاندانی جذباتی مسائل کی وجہ سے اکثر لڑائیاں ہوا کریں گی۔ اس لئے ضروری ہوگا کہ خاندان کے دوسرے افراد کے احکامات اور ضروریات کا خیال رکھا جائے جذباتی پریشانیوں یا خوراک کے معاملے میں لاپرواہی کی وجہ سے ہاضمے کی خرابی کا امکان ہے۔

یہ وقت گھر تبدیل کرنے یا جائیداد یا زمین کی خریداری کے لئے غیر موافق ثابت ہوگا۔ ۲۷ رجون سے ۲۷ راگست تک کا وقت ان معاملات اور گھریلو حالات کے لحاظ سے خاص طور پر غیر موافق اور غیر تسلی بخش ثابت ہوگا۔ کیونکہ اس وقت مریخ کو رجعت رہے گی۔ کسی بڑی عمر کے فرد، بزرگ یا والدین میں سے کسی کی صحت کی وجہ سے پریشانی رہے گی میزانی افراد پر کچھ زائد ذمہ داریاں بھی آپڑیں گی۔ گھر میں چوری، حادثے یا آگ لگنے کا اندیشہ بھی ہے لہٰذا احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔

برج عقرب (تیسرا گھر اور چوتھا گھر)

مریخ عقربی افراد کے تیسرے گھر میں رہے گا۔ یہاں مریخ کی موجودگی انہیں بے حد تنقیدی بنا دے گی مگر ساتھ ہی ذہنی لحاظ سے سرگرم اور چست ہو جائیں گے۔ چنانچہ ان کی کامیابیوں میں ان کی ذہنی قوتیں مدد کریں گی۔ عقربی افراد ایسی معلومات اور خیالات میں دلچسپی لیں گے جن کی علمی اہمیت ہو اور جن پر عملدرآمد کیا جا سکے۔ کچھ عقربی افراد سائنٹیفک ریسرچ یا دوسری نوعیت کی معلومات کی تلاش میں ہوں گے فوجی معاملات، سیاست، کاروبار اور کھیلوں میں دلچسپی پیدا ہوگی۔

بھائی بہنوں، پڑوسیوں اور دوسرے قریبی افراد سے جھگڑے کا امکان ہے۔ جبکہ دوسری جانب عقربی افراد اپنے ماحول اور پڑوسیوں سے تعلقات کو بہتر بنانے کے لئے مثبت قدم اٹھائیں گے۔

کاروباری اور پیشہ وارانہ معاملات کی وجہ سے سفر اکثر ہوا کریں گے۔ شاید کوئی خط بھی ایسا موصول ہوگا جو غیر متوقع سفر کے باعث بنے گا۔ یہ وقت گاڑیوں کے حادثات اور ٹرانسپورٹ کے مسائل بھی لا سکتا ہے اس کے علاوہ ذہنی پریشانی کا امکان بھی ہے۔

مریخ ۲۷ جون سے ۲۷ راگست تک رجعت کی حالت میں رہے گا۔ یہ وقت مندرجہ بالا معاملات میں پریشانی لائے گا۔ اس وقت زائد ذمہ داریاں بھی پڑ سکتی ہیں۔

قریبی افراد اور اعزاء سے حاکمانہ رویہ اختیار کرنے سے بچیں اور خطوط لکھتے ہوئے محتاط انداز اختیار کریں۔

برج قوس (دوسرا گھر اور تیسرا گھر)

مریخ قوسی افراد کے دوسرے وتیسرے گھر میں رہے گا یہ سابقہ ذرائع سے پیدا شدہ روپیہ کا گھر ہے۔ یہ وقت روپیہ کمانے کے لئے کوششوں میں اضافہ کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ لیکن یہ لوگ شاہ خرچ ہوں گے۔ چنانچہ روپیہ جس تیزی سے آئے گا اسی تیزی سے ہاتھ سے جاتا بھی رہے گا۔ قوسی افراد کو چاہئے کہ فضول خرچی سے پرہیز کریں۔ اور کسی ایسی مد میں سرمایہ نہ لگائیں جس میں خطرے کا عنصر ہو۔ یہ وقت دوستوں، بچوں، شریک زندگی اور مشینری کے لحاظ سے مہنگا ثابت ہوگا اگر محتاط نہ رہے تو مالی پریشانیوں کا با آسانی شکار ہو جائیں گے۔

اس وقت دولت اور مرتبے میں اضافے کی خواہش پیدا ہوگی اس پر اگر کنٹرول نہیں کیا تو نتیجہ لالچ، فضول خرچی اور مادہ پرست ذہنیت کی صورت میں نکلے گا جو کسی طرح ٹھیک بات نہ ہوگی۔ خانہ مال کا حاکم زحل طالع میں ہے اس لئے اب بہترین نتائج صرف اور صرف منظم رہ کر طویل مدت کو ذہن میں رکھ کر اور آئندہ کے بارے میں احتیاط سے منصوبہ بندی کر کے ہی حاصل ہوں گے۔

مریخ کو ۲۷ رجون سے ۲۷ راگست تک رجعت رہے گی یہ وقت تمام مالی اور کاروبار معاملات میں رکاوٹیں لائے گا۔ اور احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ اس وقت فضول خرچی سے بھی پرہیز کریں۔

برج جدی (پہلا گھر اور دوسرا گھر)

مریخ ان کے طالع و دوسرے گھر میں رہے گا جہاں پلوٹو پہلے سے موجود ہے جدی میں مریخ کو شرف ہوتا ہے اس لئے طالع میں مریخ کی موجودگی جدی سے متعلقہ افراد کو باہمت، خود اعتماد اور مہم جو بنا دے گی جو کام بھی شروع کریں گے اس میں تیزی سے آگے بڑھ سکیں گے۔ مریخ نقل و حرکت پر ابھارے گا۔ سابقہ رکے ہوئے کاموں کو اس وقت آسانی سے سرانجام دیا جا سکے گا۔ تاہم محبت میں عجیب حماقتیں کریں گے۔ بولنے اور اقدامات میں لاپرواہی کریں گے۔ جلد بازی بھی پیدا ہو جائے گی۔ جس سے بچنا ضروری ہے۔ تاہم یہ ایسا وقت ہے کہ جب آپ اپنی فطری احتیاط پسندی کو کسی حد تک بالائے طاق رکھ کر بے خوف اور مضبوط رویہ اختیار کر کے ہی بہترین نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔

مریخ کو ۲۷ رجون سے ۲۷ راگست تک رجعت رہے گی۔ یہ وقت ایسا ہوگا کہ جب معاملات کو زبردستی آگے بڑھانے کی کوششیں نقصان دیں گی۔ اس وقت اگر جلد بازی اختیار کی تو عزت اور ساکھ کو نقصان پہنچے گا۔ اس کے علاوہ دوسروں کو مخالف بنانے سے پرہیز کریں اور اپنی زبان پر بھی قابو رکھیں۔ یہ ایسا وقت ہے جب ہر قسم کی رکاوٹوں

اور مخالفتوں کی توقع رکھیں۔ اور اپنے اندر زیادہ سے زیادہ لچک رکھیں تاکہ حالات کے مطابق اپنی کوششوں اور ارادوں کو تبدیل کر سکیں۔

مریخ جدی سے متعلقہ افراد کے گھر اور گھریلو معاملات پر حکومت کرتا ہے چنانچہ اس کی رجعت کا عرصہ ان معاملات کے لحاظ سے بھی مشکل ثابت ہوگا جائیداد کے معاملات کو بھی اس وقت زبردستی آگے نہ بڑھائیں ورنہ مایوسی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ وہ افراد جن کے بچے ہیں انہیں بچوں سے متعلق بے حد صبر وتحمل سے کام لینا پڑے گا۔ کیونکہ بچے سرکشی پر اترے ہوئے ہوں گے۔

جدی سے متعلقہ اکثر افراد اس سال گھر بدلنا چاہیں گے بعض افراد گھر ہی نہیں بلکہ ملک بھی بدلنا چاہیں گے۔ اگر ایسا ہے تو اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے بھرپور کوشش کریں۔ یہ سال اس مقصد کے لئے موافق ثابت ہوگا۔

برج دلو (بارہواں اور پہلا گھر)

مریخ ان کے بارہویں گھر وطالع میں رہے گا۔ اس گھر میں مریخ کی موجودگی ان میں تنظیمی قوت پیدا کرے گی لیکن دوسرے حسد کریں گے اور غلط قسم کی تنقید کا سامنا ہوگا۔ بارہویں گھر میں مریخ کی موجودگی ان افراد کے لئے موافق ثابت ہوگی جو طب کے شعبے، کسی مذہبی ادارے، نجی یا خفیہ نوعیت کے کام میں ملوث ہیں۔ یہاں مریخ لاشعور میں چھپی ہوئی باتوں کو متحرک کرے گا۔ دلو سے متعلقہ کچھ افراد پیراسائیکولوجی میدانوں میں تحقیق کرنے لگیں گے یا پھر علم نجوم اور دیگر پراسرار علوم میں دلچسپی لینے لگیں گے۔

بارہویں گھر میں موجودگی کے دوران مریخ کے غیر موافق نظرات کے تحت خفیہ دشمنوں یا سازشوں کا شکار ہونے کا اندیشہ بھی ہوتا ہے اور انتہائی حالات میں انسان خود اپنا دشمن بن جاتا ہے اس لئے کہ مریخ عمل اور خواہش کے اصول پر حکومت کرتا ہے چنانچہ بے قابو خواہشات کے نتیجے میں غلط اقدامات انسان کو مصیبتوں میں پھنسا دیتے ہیں۔ چنانچہ مریخ کے غیر موافق نظرات کی حامل تاریخوں کو خاص طور پر ذہن میں رکھیں۔

نیز یہ ستارہ ۲۷ رجون سے ۲۷ راگست تک رجعت کی حالت میں رہے گا۔ یہ وقت پس پردہ کسی بھی نوعیت کی مشکلات لا سکتا ہے۔ کوئی شخص جو کسی اہم معاملے میں ان سے اختلاف یا مخالفت رکھتا ہے امکان ہے کہ اس وقت اس سے کسی قسم کا تصفیہ کرنا پڑے گا۔ یہ وقت صحت کے لحاظ سے بھی احتیاط کا متقاضی ہے۔

برج حوت

(گیارہواں اور بارہواں گھر)

مریخ ان کے گیارہویں گھر میں ہوگا یہاں موجودگی کے دوران سوشل خوشیاں لائے گا۔ بہت دوست پیدا ہوں گے۔حوتی افراد کو کسی قسم کی جسمانی سرگرمی میں حصہ لینے یا دوستوں ، گروہوں اور انجمنوں کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملے گا۔ دوست انہیں عمل پر ابھاریں گے تاہم دوستوں اور دیگر افراد کے ساتھ اختلافات یا مسابقت کا امکان بھی ہے۔

گیارہویں گھر میں مریخ کی موجودگی حوتی افراد کو بے حد جاہ طلب بنادے گی۔اس کے علاوہ وہ بے حد تنگ مزاج ، زود رنج، ضرورت سے زیادہ حساس اور کسی قدر جھگڑالو بھی ہو جائیں گے۔ ان رجحانات پر قابو پائیں اور جاہ طلبی کے سلسلے میں ضرورت سے زیادہ آگے بڑھنے سے پرہیز کریں۔

یہ وقت سماجی و فلاحی معاملات اور مقامی سیاست میں حصہ لینے کیلئے موافق ثابت ہوگا۔ کچھ نئے اور پرانے دوست ان کی زندگی میں اہمیت اختیار کر جائیں گے۔لیکن وہ ایسی ذمہ داریاں بھی آپ پر ڈالنا چاہیں گے جو آپ کو ناپسند ہوں گی یا پھر آپ کو اپنی کچھ امیدوں اور خواہشات میں تبدیلی لانی پڑے گی۔

مریخ کو ۲۷ رجون سے ۲۷ راگست تک رجعت رہے گی یہ وقت دوستی کے معاملات ، امیدوں اور خواہشات کیلئے غیر موافق ثابت ہوگا چنانچہ ان معاملات میں محتاط رہیں۔

مریخ کے دوسرے سیارگان کے ساتھ سعد نظرات سعد اثرات لائیں گے جو اس برج کے منسوبات کے مطابق ہوں گے لیکن نحس نظرات عارضی طور پر نحوست کا اثر ڈالیں گے۔ یہ نحوست تیز اور فوری ہوگی اور جلد ختم ہوجایا کرے گی۔

مریخ ہمیشہ نحس نہیں ہوتا۔صرف اس وقت منحوس اثر رکھتا ہے جب اس کے نحس ستاروں کے ساتھ نحس نظرات ہوں اور وہ بھی فوری ہوتے ہیں۔

مریخ آتشی ستارہ ہے اور خاکی برج جدی میں ہے جہاں اسے شرف حاصل ہوتا ہے ہم سب اس کے برج جدی میں قیام کے دوران فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یہ ہمت ، حوصلہ اور قوت دے گا۔اس کا مطلب یہ ہے کہ مخالفتوں کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔وہ اس گھر کی فطرت کے مطابق مدد دے گا جس میں ہوگا جب یہ اپنے دوستوں سے سعد نظرات بنائے گا تو کامیابیاں ہوں گی۔

جب یہ ان کواکب کے ساتھ نحس نظرات رکھے گا جو دوست ہوں گے تو اس کے نحس اثر کو کم کر دیں گے اور جب اس کے نحس نظرات دشمن کواکب سے ہوں گے تو اس کا اثر بہت نحس ہوگا۔یوں سمجھ لیں کہ شمس مشتری اور پلوٹو اس کے دوست ہیں اور قمر، نپچون، یورنس، زحل ، زہرہ، اور عطارد ناموافق ہیں۔

بعض ماہرین نجوم کہتے ہیں کہ مریخ جب پلوٹو کے ساتھ نحس نظر رکھے گا تو نحس حالت لائے گا اور بعض کہتے ہیں کہ مریخ کا شمس سے بھی تعلق اچھا نہیں ہوتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب کوئی ستارہ ایسے برج اور گھر میں واقع ہو جہاں وہ سعد نہیں ہے تو لازمی اس کا اثر اچھا نہ ہوگا۔

برج جہاں کواکب کمزور ہوتے ہیں یا جہاں ناموافق ہوتے ہیں ان کو ذہن میں رکھنا چاہئے ۔ ذیل میں وہ فہرست دی جاتی ہے جہاں مریخ سعد ہوگا اور طاقتور ہوگا۔

بروج	مریخ کی حالت	اثر
حمل	حاکمانہ	طاقتور اور سعد
ثور	....	کمزور
جوزا	غیر مؤثر	....
سرطان	....	کمزور
اسد	طاقتور	سعد
سنبلہ	....	کمزور
میزان	....	کمزور
عقرب	ذیلی حاکم	طاقتور، سعد
قوس	غیر مؤثر	کچھ سعد
جدی	طاقتور۔شرف	بہت سعد
دلو	غیر مؤثر	....
حوت	غیر مؤثر	....

اگر آپ مریخ کی سعد اور نحس نظرات کی حامل تاریخوں کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں تو برنی تقویم ۲۰۱۸ء میں نظرات کے صفحات (صفحہ ۱۳۵ تا ۱۴۳) کا مطالعہ کریں ان صفحات کے مطالعے سے صرف سال بھر کے سعد اور نحس دنوں بلکہ ہر روز کی سعد اور نحس نظروں کے اوقات کا علم بھی ہو جائے گا۔

زائچہ پیدائش میں عطارد کے احکامات

اگر عطارد خانہ شرف میں ہو تو مولود زیورات، پوشاک اور ہر عمدہ چیز پائے- دولت سے آسودہ رہے- شیریں کلام، شاعر، پسندیدہ نقاش، ہنرمند و معلم ہو- بزرگوں سے بخشش پائے- عورتوں سے زیادہ موافقت رکھے- اگر عطارد خانہ ہبوط میں ہو تو مولود بے زار اور تہی دست ہو- غیروں کے مال سے حاجت روائی کرے- فقیروں سے صحبت رکھے تماشہ بین ہو-

اگر عطارد صاحب خانہ ہو تو مولود عالم اور دولت مند ہو-

اگر عطارد خانہ وبال میں ہو تو مولود افعال ناشائستہ کرے- بھائیوں سے مخالفت رکھے-

اگر عطارد ۱، ۴، ۷، ۱۰ میں ہو تو مولود کا پیشہ معلم گیری ہو اور اسی سے روزی کمائے-

اگر عطارد مائل وتد میں یعنی ۲، ۵، ۸، ۱۱ میں ہو تو دانا ہو- ہمیشہ خوش رہے اور ہر ایک سے بالاتر ہو-

اگر عطارد خانہ دوست میں ہو تو مولود صاحب جمال دولت ہو-

اگر عطارد خانہ دشمن میں ہو تو مولود نامرد، مخنث ہو، کارہائے ناشائستہ کرے، مفلس ہو-

عطارد بارہ گھروں میں

اگر عطارد طالع میں ہو تو مولود قد آور، نوشت وخورند میں مشاق، عالم و عاقل و عزیز و آہستہ گو، خوش شکل سلیم طبع، شیریں کلام ہو، جامۂ سبز کو دوست رکھے اور کوئی اس سے مخالفت نہ کرے-

اگر عطارد خانہ ۲ میں ہو تو ہمیشہ تلاش و جمع کرنے، مال وغلہ کے مستعد رہے، بخشش کرنے والا ہو، ہر مقام پر غالب رہے- کوئی اس کا بدخواہ نہ ہو-

اگر عطارد خانہ ۳ میں ہو تو مولود دروغ گو ہو- کوئی کام اس سے صحیح واقع نہ ہو جو کام کرے کسی کو پسند نہ آئے اور بدی اس کی سب پر آشکارا ہو جائے-

اگر عطارد خانہ ۴ میں ہو تو مالدار، راست گو پرورش کنندہ قبیلہ و اقارب کا ہو- انواع واقسام کی غذا ملے-

اگر عطارد خانہ ۵ میں ہو تو صاحب اولاد ہو بشرطیکہ کسی نحس ستارہ سے قران یا نظر نہ ہو-

اگر عطارد خانہ ۶ میں ہو تو اس کے دشمن دوست ہو جائیں بشرطیکہ کسی نحس ستارہ سے قران نہ ہو-

اگر عطارد خانہ ۷ میں ہو تو عمر دراز، نیک ظرف ہو، ہمیشہ نفیس پوشاک اور عمدہ مکان رکھے- بشرطیکہ کسی دوسرے نحس ستارے سے قران نہ کرے اور رجعت میں نہ ہو-

اگر عطارد خانہ ۸ میں ہو تو خوف و ہلاکت سے دوچار رہے مگر کوئی آزار نہ ہو- البتہ فربہ اقدام اور فعل ناشائستہ رکھے-

اگر عطارد خانہ نو میں ہو تو نیک بخت صاحب اقبال کریم و سخی ہو- بشرطیکہ قوی ہو یا قوی ستارہ سے ہم قران ہو- اگر نحس ستارہ سے قران کرے تو کم بخت ہو-

اگر عطارد خانہ ۱۰ میں ہو تو مولود نیک نام، امراء کے قریب صاحب رتبہ و ہر دل عزیز ہو- اس کے بہت دوست ہوں- جو ارادہ کرے پورا کرے-

اگر عطارد خانہ ۱۱ میں ہو تو مالدار، دیندار، نیک نام، عاقل، عمر دراز، خوش غذا ہو ملازم رکھے-

اگر عطارد خانہ ۱۲ میں ہو تو شریں زبان و کاہل ہو اگر نحس ستارہ سے قران ہو تو اس کے برعکس نتائج ہوں-

اگر عطارد خانہ ۲، ۳، ۴، ۸، ۱۰، ۱۲ میں ہو تو سعد ہوتا ہے- اگر خانہ ۱، ۵، ۷، ۹، ۱۱ میں ہو اور نحس ستارہ سے ہم قران ہو تو ناقص ہوتا ہے-

رؤیت ہلال

دسمبر ۲۰۱۸ سے اکتوبر ۲۰۲۵ تک

تحریر: پروفیسر محمد حمزہ نعیم' (جھنگ) ڈپلومہ ہولڈر ریاض یونیورسٹی (سعودیہ عربیہ)

"ہم اُمّی قوم ہیں' حساب کتاب نہیں جانتے" نبی پاک ﷺ نے یہ فرمایا اور انگلیوں کے اشارے سے ایک بار ۲۹ اور دوسری بار ۳۰ کا عدد بتایا۔ دوسری حدیث پاک میں ارشاد ہوا' چاند دیکھو تو روزے رکھنا شروع کرو اور اگلا چاند دیکھو تو (افطار یعنی) عید کرلو۔ یہ حدیث اتنی معروف ومشہور ہے کہ روشن خیال طبقہ بھی اس کا انکار نہیں کر سکا۔ البتہ یوں کہا کہ رؤیت کا معنی دیکھنا بھی ہے اور علم ہونا بھی۔ جیسے اسی مصدر رؤیت سے سورہ فیل میں جاننا مراد لیا گیا ہے۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا یعنی کیا آپ کو معلوم نہیں کہ تیرے ربّ نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا؟ وہ کہتے ہیں کہ اس وقت تو نبی پاک ﷺ ابھی پیدا بھی نہ ہوئے تھے۔ لہٰذا ثابت ہو گیا کہ یہاں "رؤیت"، علم کے معنی میں ہے۔ ہمیں تسلیم ہے کہ رؤیت کے دونو معنی ہیں مگر حدیث کے آخری الفاظ خود رؤیت کا معنی طے کر چکے ہیں۔ ارشاد ہوا فَاِنْ غُمَّ عَلَیْکُمْ فَ اَکْمِلُوا الْعِدَّ ةَ ثَلاَ ثِیْنَ۔ (اگر بادل گرد وغبار وغیرہ حائل ہو جائیں تو تیس کی گنتی پوری کرو)...... اہل عقل وفہم سے درخواست ہے کہ آیا بادل گرد وغبار اور دیگر فلکی کوائف کبھی علمی رؤیت کے سامنے بھی حائل ہوتے ہیں؟ علمی رؤیت تو بند کمروں اور تہ خانوں کے اندر بیٹھ کر بھی طے کی جا سکتی ہے...... لہٰذا سر کی آنکھوں سے دیکھنا ہی مطلوب ہے۔ اسی آنکھوں دیکھی رؤیت کے سامنے بادل اور گرد وغبار حائل ہوا کرتے ہیں۔

قبل ازیں جن قارئین نے میرے مضامین ملاحظہ کیے ہوں گے تو اُن پر واضح ہو چکا ہوگا کہ اس بار ۲۰۱۸ء کا رمضان ۱۷ مئی سے شروع ہوگا۔ پہلا روزہ خمیس کے دن ہوگا آخری روزہ جمعہ کا دن۔ اس طرح اس بار ۳۰ دن رمضان المبارک میں پانچ جمعہ ہونگے...... شعبان کی اٹھائیسویں کی شام کو سورج غروب ہونے سے پہلے ہی چاند مطلع فلک سے غروب ہو چکا ہوگا۔ کراچی اور گوادر میں ۳ منٹ پہلے' پشاور اور چارسدہ میں ۹ منٹ پہلے' لاہور اور جھنگ مین ۸ منٹ چاند پہلے غروب ہو جائے گا۔ تو اگر کسی کو شک ہو کہ یہ منگل کا دن ۲۸ نہیں ۲۹ شعبان ہو سکتی ہے اور اس طرح شام کو امکان رؤیت ہو سکتا ہے تو ہم نے بتا دیا کہ یہ اٹھائیسویں ہی ہے چاند پہلے غروب ہو رہا ہے۔ بدھ ۱۶ مئی کو ۲۹ شعبان ہو گی اور ہلال رمضان نظر آنے کے واضح امکانات ہیں...... سعودیہ میں بھی منگل ۱۵ مئی ۲۰۱۸ء کی شام چاند نظر آنا ممکن نہیں کیونکہ سورج غروب ہونے کے ۵۰ منٹ بعد تک چاند کا اُفق مغرب پر کھڑے رہنا ضروری ہوتا ہے۔ تبھی وہ سورج کی تیز کرنوں سے نکل کر نظر آتا ہے۔ جبکہ ریاض میں سورج اور چاند اکٹھے غروب ہونگے۔ مکّہ اور مدینہ میں چاند غروب شمس کے دوڈھائی منٹ بعد غروب ہو جائے گا۔ لہٰذا رؤیت ناممکن ہے۔ اس طرح وہاں بھی ہلال رمضان ۱۶ مئی ۲۰۱۸ء کی شام نظر آنا ہی ممکن ہے۔ اس سے پہلے یعنی ۱۵ مئی کی شام اگر اعلان رؤیت کر دیا گیا تو وہ علمی رؤیت اور نیومونکا اعلان ہوگا۔ عینی رؤیت یعنی آنکھوں دیکھا چاند نہ ہوگا...... دوسری طرف تقویم اُمّ القریٰ (کیلنڈر) میرے سامنے ہے۔ یہ انٹرنیٹ پر بھی موجود ہے۔ اس سال اوّل رمضان ۱۴۳۹ بروز بدھ ۱۶ مئی ۲۰۱۸ء کو لکھا ہے۔ اور ہمارا سال ہا سال کا تجربہ ہے کہ وہاں اسی تاریخ سے ماہ صیام کا اعلان کر دیا جائے گا۔ ۱۹۷۹ء سے بندہ عرض کرتا آ رہا ہے کہ اگر نیومون سسٹم درست اور جائز ہے تو ہمارے علماء اس کا اعلان کریں اور اگر آنکھوں دیکھا چاند ضروری ہے تو علماء اسلام شاہان سعودیہ اور ان کی مجلس قضائے اعلیٰ کی منت خوشامد کر کے افہام و تفہیم سے ان حضرات کو عینی رؤیت پر لائیں مگر کمال دورنگی ہے کہ حدیث رسول کو مانتے سمجھتے ہوئے علمی رؤیت پر عمل ہو رہا ہے۔ امریکی خلائی ادارہ جس لمحے نیومون یعنی چاند کی سورج سے علیحدگی کا اعلان کرتا ہے' اُسی لمحے مکّہ مکرمہ میں توپیں داغی جاتی ہیں یعنی چاند نظر آ گیا ہے...... حالانکہ امریکہ کے اہل علم وفن مسلم وغیر مسلم ماہرین رؤیت سے پوچھیں تو وہ یہی جواب دیں گے کہ "مذکورہ لمحے ہلال پیدا ہوا ہے۔ جس کے نظر آنے کے لیے کم وبیش ایک دن مزید درکار ہے۔"

رؤیت ہلال اسلامی شعار ہے۔ اگر اہل کتاب نے "سبت" کی بے توقیری کی تو بندر اور سئور بنا دیے گئے تھے تو اہل اسلام اللہ واحد کے رشتہ دار تو نہیں ہیں کہ رؤیت ہلال کی بے توقیری کرتے رہیں اور ان پر اللہ کی ناراضی اور کافر ملت کا تسلط نہ ہو۔

اللہ سے دعا ہے کہ وہ تمام علمائے اسلام کو عینی رؤیت کے دینی شعار پر جلد متفق کرے۔ دوسری وجہ اللہ کی ناراضی کی سودی نظام ہیں جس پر اللہ نے اپنے ساتھ جنگ کی دھمکی دی ہوئی ہے۔ اللہ سے جنگ کی شکل یہی تو ہے کہ پورے عالم میں ہر جگہ کفار' اہل اسلام پر مسلط رہیں۔ اور اہل اسلام کا خون پانی کی طرح بہایا جا رہا ہے۔

لیجیے اب ایک اور اہم موضوع = ماہرین رؤیت امکان رؤیت بتا کر علمائے اسلام کو فیصلہ کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ اگر شرعی شہادت یا رؤیت عامّہ نہ ہو تو اوّل ماہ شمار نہ ہوگی...... ان ماہرین کے اندازے اکثر وبیشتر درست ہوتے ہیں۔ بعض دینی ادارے بندہ سے سالانہ امکان رؤیت کی تاریخیں منگواتے ہیں۔ ماہرین رؤیت کا اس بات سے تعلق نہیں ہوتا کہ آیا ہر ماہ دوسرے ماہ سے مختلف ایام کا یعنی ۳۰، ۲۹ کا ہوتا ہے۔ یا کئی ماہ مسلسل ۳۰ یا ۲۹ کے ہوتے ہیں۔ کسی صاحب علم کے پوچھنے پر ہم لوگ اس بات

پر بھی غور کر لیتے ہیں۔ اس بار میں نے جب رمضان ۱۴۳۹ سے شعبان ۱۴۴۰ کا گراف تیار کیا تو ایک مہربان نے میرا مرسلہ یہ نقشہ دیکھ کر جواباً لکھا کہ تین مہینے ربیع الثانی ۱۴۴۰، جمادی اولی اور جمادی ثانیہ، یہ تینوں ۳۰، ۳۰ دن کے آئینگے۔ یہ کیسے ہوا؟ بندہ نے دوبارہ غور کیا تو آئندہ ۲۰۲۵ تک یعنی کوئی سات سال میں ۵ بار تین تین ماہ ۳۰، ۳۰ دن کے آ رہے ہیں اور ۲۰۲۵ میں چار ماہ مسلسل ۲۹، ۲۹ دن کے نیز ۲۰۲۱ میں مسلسل ۲۹، ۲۹ دن کے آئیں گے۔ یہ وہ راز ہیں جن کا تھوڑا تھوڑا علم اب اہل علم کو ہو چکا ہے مگر ان حقائق کی تفصیلات صرف وُہی جانتا ہے جو کہ رہا ہے ''ذلك تقدير العزيز العليم'' یہ ہیں اندازے اس غالب خوب علم والی ذات کے۔

تفصیل حوالہ بالا یہ ہے: ۳۰، ۳۰ کے تین تین چاند۔

۹ دسمبر ۲۰۱۸ کو اول ربیع ثانی، ۸ جنوری ۲۰۱۹ کو اول جمادی اولیٰ، ۷ فروری ۲۰۱۹ کو اول جمادی ثانیہ تینوں ماہ ۳۰ دن کے۔

۲۶ مارچ ۲۰۲۰ سے شعبان، ۲۵ اپریل ۲۰۲۰ سے رمضان اور ۲۵ مئی ۲۰۲۰ سے شوال (یوم العید)...... تینوں ماہ ۳۰ دن کے۔

۱۸ اگست ۲۰۲۳ سے صفر، ۷ ستمبر سے ربیع الاول اور ۱۷ اکتوبر ۲۰۲۳ سے ربیع الثانی...... تینوں ماہ ۳۰ دن کے۔

۶ اگست ۲۰۲۴ سے صفر، ۵ ستمبر ۲۰۲۴ سے ربیع اول اور ۵ اکتوبر سے ربیع ثانی...... تینوں ماہ ۳۰ دن کے۔

۲۵ اگست ۲۰۲۵ سے ربیع اول، ۲۴ ستمبر ۲۰۲۵ سے ربیع ثانی اور ۲۴ اکتوبر سے جمادی اولیٰ...... تینوں ماہ ۳۰ دن کے۔

اب ملاحظہ فرمایئے کہ ۲۹ دنوں کے مسلسل پانچ ماہ بھی آ سکتے ہیں:۔

۱۲ جولائی ۲۰۲۱ سے ذوالحجہ، ۱۰ اگست ۲۰۲۱ سے محرم ۱۴۴۳، ۹ ستمبر ۲۰۲۱ سے صفر، ۸ اکتوبر ۲۰۲۱ سے ربیع الاول اور ۷ نومبر ۲۰۲۱ سے ربیع ثانی...... یہ پانچوں ماہ مسلسل ۲۹ دن کے ہوں گے۔ انشاءاللہ

۳۰ اپریل ۲۰۲۵ سے ذی قعد، ۲۹ مئی ۲۰۲۵ سے ذوالحجہ، ۲۷ جون ۲۰۲۵ سے محرم اور ۲۷ جولائی ۲۰۲۵ سے صفر ۱۴۴۷۔

یہ چاروں ماہ مسلسل ۲۹، ۲۹ دن کے ہوں گے۔ ہمارے حسابات انشاء اللہ درست ہو گے۔ واللہ اعلم وعلمہ اتم۔

کشــــکــــول

واپسی

اگر کسی کی کوئی چیز جاتی رہے۔ گم ہو جائے چوری ہو جائے۔ یا کوئی لے کر واپس نہ کرے تو اسے چاہئے کہ سورہ والضحی سات بار پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے اپنے سر کے چو گرد پھرائے۔ اس کے بعد سات بار اس عزیمت کو پڑھے۔

اصبحت فی امان اللہ وامسیت فی جوار اللہ امسیت فی امان اللہ واصبحت فی جوار اللہ ابرصا صبرصا صارصا

اس کو پڑھ کر سات بار دستک دیوے۔ تو گیا ہوا مال واپس ملے گا۔ کم از کم سات رات کرے۔ آزمودہ ہے۔

شفاء اور سلامتی

اگر کوئی شخص باہر گیا ہوا ہے اور چاہے کہ سلامتی سے واپس آئے۔ یا اگر کوئی بیمار ہے اور شفا نہیں پاتا تو فجر کی نماز میں سنت اور فرض کے درمیان ۴۱ بار سورہ فاتحہ پڑھ کر اس کے لئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ مسافر بخیریت واپس آئے گا بیمار کے لئے پانی پاس رکھے۔ اور اس پر دم کرے۔ اور مریض کو پلاتا رہے۔ تو چند دنوں میں اللہ تعالیٰ اسے شفا دے گا۔

رات کو اٹھنا

اگر رات کسی مخصوص وقت اٹھنے کا ارادہ ہو تو سورہ کہف کی آیت کو آخر سورہ تک پڑھے۔ ان الذین امنواو عملو الصلحت کانت لھم جنات الفردوس الخ تو اس کو سوتے وقت پڑھے۔ اور کہے کہ فلاں وقت مجھے اٹھا دیا جائے۔ تو اس کا موکل نیند سے بیدار کر دے گا۔

سنگدلی اور بے راہ روی

اگر کوئی اپنے اندر یا اپنی کسی اولاد کے اندر یا شریک حیات کے اندر اپنے لئے سختی اور سنگدلی پائے۔ یا کوئی بے راہ رو ہو جائے تو سورۃ ق والقران المجید اور سورہ یٰسین نماز فجر کے بعد ایک ایک دفعہ پڑھ کر دم کر کے پلائے۔ تو وہ شخص نرم دلی اختیار کرے اور راہ راست پر آ جائے۔ چالیس دن اس عمل کو کرے۔ روز پڑھے روز پلائے سخت خراب عادت والے لوگ بھی درست ہو جاتے ہیں۔ عمل کے دوران ناغہ ہو تو پرواہ نہ کرے اور دونوں سورتوں کو پڑھنے کے بعد نام اور عادت بد کا نام لے۔ پھر دم کرے۔ یعنی بعد میں نام لے کر مختصراً دعا کیا کرے۔

دشمن کے لئے

چاند کی پندرہ تاریخ کے بعد جو منگل آئے تو گیارہ پتے آک کے لے کر پاس رکھے اور کسی قبر کے اوپر بیٹھ کر یا دو قبروں کے درمیان بیٹھ کر اس اسم کو ایک سو بار پڑھے۔

یابدیع العجائب باالقھر یابدیع

اور چھری پر دم کر کے نام دشمن کا لے اور ایک پتہ کاٹ دے۔ چھری نئی خریدنی چاہئے۔ پھر سو مرتبہ پڑھے۔ اور اسی طرح دم کر کے نام دشمن کا لے کر دوسرا پتہ کاٹ دے۔ اسی طرح ۱۱ پتے کاٹنے ہیں اور گیارہ سو مرتبہ پڑھنا ہے۔ دوپہر کے وقت کرے۔ کوئی قبر جنگل میں ہو تو بہتر ہوگا۔ کیونکہ تنہائی ہوگی۔ حصار کر کے پڑھے۔ ایک چلہ میں دشمن تباہ و برباد ہوگا۔ ناحق کرنے والا مجرم اور شرع کی رو سے خطا کار ہوگا۔

رجوع خلق

اگر کوئی شخص چاہے کہ رجوع خلق ہو تا کہ خلقت میں عزت و مرتبہ ہو یا کاروباری ہے تو لوگوں کے آنے سے آمدن زیادہ ہو تو اس کے لئے اسم بدوح کا عامل بنے۔ زکات کا طریقہ یہ ہے کہ سات ہزار بار روزانہ چالیس دنوں تک اس کی عزیمت کو پڑھنا ہوگا۔ پرہیز جلالی و جمالی دونوں کا ہو اور خلوت ہو۔ رات کو پڑھے۔ اسم یہ ہے۔

یابدوح تبدوحت من البدوح فی البدوح بدوحك یابدوح

اس کے بعد روزانہ سات سو بار بعد نماز عشاء ورد رکھے۔ لیکن اب پرہیز کی ضرورت نہیں۔ انشاء اللہ بہت فتوح ہو اور خلقت رجوع ہو۔ اگر کوئی عامل اس زکات کے بعد بدوح کے نقش کی زکات سوا لاکھ ادا کرے تو اس میں اتنی قوت آ جائے گی کہ نقش لکھنے کے بعد جس شخص یا جانور کا نام اس کے نیچے لکھ کر پاؤں تلے دبائے تو وہ مسافت کے مطابق اس کے پاس پہنچے۔ عزیمت رجوع خلق کی اجازت خط لکھ کر حاصل کریں۔ دوکاندار، طبیب، ڈاکٹر، سیاست دان وغیرہ جس کا خلقت سے تعلق ہوتا ہے۔ پڑھ سکتا ہے۔ یہ بھی دراصل فراخی رزق کے اعمال کی طرح کام کرتا ہے۔

تثلیث شمس و مشتری

۵ جولائی کو دوپہر ۴ بجکر ۳ منٹ کو عین تثلیث کا وقت ہوگا۔ اس لئے اگر کسی زبردست آدمی نے کمزور کا حق دبا کر یا اس کی زمین قبضہ میں کی ہوئی ہے یا مکان و جائیداد کو دبا کر بیٹھ گیا ہے۔ یا کسی نے سازش کر کے روزگار سے الگ کرا دیا ہے اور وہ روزگار دوبارہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو یہ عمل انشاء اللہ کامل کامیابی دے گا اور حقوق واپس دلائے گا اور مخالف کو مجبور کرے گا کہ وہ حق دار کو حق واپس کر دے۔

طریقہ اس کا یہ ہے کہ ایک سکہ (سیسہ) کی لوح بنائیں دشمن یا مخالف کا نام معہ والدہ لے کر اعداد نکال کر اس میں ۵۶۴۴ کا اضافہ کریں۔ اگر افسر ہو تو اس کا پورا نام جو مشہور ہو لیں جس سے اس کو پکارا جاتا ہے ان اعداد کو جو حاصل ہوں گے۔ مربع معکوس کندہ کریں۔ سیسہ کی تختی پر کسی بھی نوکدار چیز سے لکھا جاسکتا ہے۔ جب نقش مکمل ہو جائے تو اس کے اردگرد الٹی سورۃ فاتحہ لکھنی شروع کردیں یعنی والضالین سے لے کر الحمد تک الٹی لکھیں۔ مثلاً والضالین کا الٹ نیلا ضلاو ہوگا۔ اس کو پہلے سے الٹا کر کے کسی کاغذ پر لکھ لیں۔ تاکہ عین وقت پر غلطی نہ ہو۔ نقش تیار ہونے پر نیچے نام مخالف کا لکھیں۔ پھر لکھیں برایں زور فتح شو فتح شو فتح شو بحق کلام پاک مجھے میرا حق (اپنا نام اور اپنے حق کا نام لکھیں) واپس دینے پر مجبور کرو بحق یا اسرافیل یا عزرائیل یا میکائیل یا جبرائیل پھر اس لوح کو کسی وقت سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر اس مکان یا جائیداد میں دفن کر دیں جو غاصب کی گئی ہو افسر ہو تو اس کے کمرے میں کسی جگہ پوشیدہ کردیں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی اور ایسے اسباب پیدا ہوں گے جن سے مطلب حاصل ہوگا۔

لوح کے دوسری طرف اپنے مطلب کی تصویر بھی بنانی ہے مثلاً واپسی ملازمت کا ہو تو ایک آدمی جس کے ہاتھ میں قلم ہو کپڑے کی دکان ہو تو ایک آدمی جس کے ہاتھ میں کپڑا ہو۔ مکان ہو تو مکان کی تصویر بنائیں علیٰ ہذا القیاس شکل و شباہت ضروری نہیں محض علامات کی ضرورت ہوتی ہے۔

نقش کی رفتار ذیل میں دی جارہی ہے۔

۱۶	۳	۲	۱۳
۹	۶	۷	۱۲
۵	۱۰	۱۱	۸
۴	۱۵	۱۴	۱

نقش پر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد میں سے ۳۰ عدد تفریق کر کے باقی کو ۴ پر تقسیم کریں۔ حاصل منتخب کو خانہ اول میں رکھ کر پر کریں باقی ۱ ہو تو خانہ ۱۳ میں ایک کا اضافہ کریں ۲ ہو تو خانہ ۹ میں ایک کا اضافہ کریں۔ اگر باقی ۳ ہوں تو خانہ ۵ میں ایک کا اضافہ کریں۔ نقش پر ہو جائے گا۔

تثلیث زہرہ و زحل

یہ نظر ۱۴ جولائی کو قبل دوپہر ۱۱ بجکر ۴۳ منٹ پر قائم ہوگی۔ اس وقت سے ان لوگوں کو فائدہ اٹھانا چاہئے جن میاں بیوی میں علیحدگی یا تعلقات ٹوٹنے کا اندیشہ ہو یا اندیشہ رہتا ہو یا جو عورت اور مرد یہ چاہے کہ شریک زندگی سے طلاق نہ ہو تو مندرجہ ذیل دو نقش لکھے۔ دونوں پر فریق ثانی کا پہنا ہوا کپڑا لپیٹے۔ ایک نقش پاس رکھے۔ دوسرا گھر میں کسی بھاری چیز کے نیچے دبا دے۔ یہ نقش زعفران سے سفید کاغذ پر لکھنے چاہئیں۔

طریقہ یہ ہے کہ ایک مربع نقش تیار کریں جس کو چال کے مطابق مندرجہ ذیل طریقے سے پر کریں۔

۱ - خانہ اول میں نام طالب معہ والدہ لکھیں اس کے بعد خانہ ۲ میں اعداد نام طالب معہ والدہ میں ایک عدد جمع کر کے لکھیں۔ خانہ ۳ میں دو جمع کر کے خانہ ۴ میں تین جمع کر کے لکھیں۔

۲ - خانہ ۵ میں عدد ۱۴۶۰۔ خانہ ۶ میں واللہ غالب علی امرہ خانہ ۷ میں ۱۴۶۲ خانہ ۸ میں ۱۴۶۳ لکھیں۔

۳ - خانہ ۹ میں ۱۲۸۹۔ خانہ ۱۰ میں ۱۲۹۰۔ خانہ ۱۱ میں وانہ لحب الخیر لشدید خانہ ۱۲ میں ۱۲۹۲ لکھیں۔

۴ - اب نام مطلوب معہ والدہ کے اعداد نکالیں اس میں سے تین کم کر کے خانہ ۱۳ میں لکھیں ۲۷ کم کر کے خانہ ۱۴ میں لکھیں اور نام مطلوب معہ والدہ خانہ ۱۶ میں لکھ دیں۔

ہر دو نقوش لکھ کر ختم نیاز دلائیں اور استعمال کریں انشاء اللہ مقصد ہر حال میں پورا ہوگا اور رشتہ کبھی نہ ٹوٹ سکے گا۔ خواہ کتنی ہی مخالفت یا دوسروں کی شرارتیں کیوں نہ ہوں۔ اپنی ضرورت کیلئے خود عمل تیار کیجئے۔ اگر کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو خط لکھ کر دریافت کر سکتے ہیں۔

نقش کی چال یہ ہے۔

۱	۶	۱۱	۱۶
۱۲	۱۵	۲	۵
۱۴	۹	۸	۳
۷	۴	۱۳	۱۰

دوسری قسط

علم نجوم کی رو سے ایک نیا نقطہ نظر

صدمات اور تشدد

برج اسد

آپ کا تعلق آتشی برج سے ہے جس پر شمس کی حکمرانی ہے چنانچہ آپ تو وہ روشن مینار ہیں جس کے لئے بہت سے جرم کئے جائیں گے۔ وحشی مجرم انسان یا ٹیڑھے دماغ کے مالک لوگوں کے لئے آپ کی شخصیت ایک بہت بڑا چیلنج ہے اور آپ کے غیر لچکدار خیالات اور کھلم کھلا اپنے خیالات کے اظہار کی خواہش ہی ان کو ایسے بہانے فراہم کرے گی جو انہیں ان کی من مانی کرنے کا موقع دے گی اس کے علاوہ آپ پر تہمت لگانے کا الزام بھی لگے گا اگر کبھی ایسا ہو تو اس کے جواب میں آپ بھی وہی الفاظ ہرگز نہ دہرائیں اور اینٹ کا جواب پتھر سے دینے کی کوشش نہ کریں۔ اگر آپ کے خلاف بہت لغو اور بے ہودہ الزامات ہوں تو ان کا جواب دے کر لوگوں کو مزید باتیں کرنے کا موقع ہرگز نہ دیں۔ بلکہ خاموش رہ کر ان لوگوں کو جو آپ کو اچھی طرح جانتے ہیں۔ ان بے بنیاد الزامات کا مذاق اڑانے کا موقع دیں۔ اگر صورت حال بہت سنجیدہ ہو جائے تو اپنا ذہن، تخیل اور طاقتور تخلیقی صلاحیت سے مدد لے کر اپنے آپ کو مثبت انداز میں پیش کریں اور بغیر کسی قسم کی تقریر کئے ان الزامات کو دور کرنے کی کوشش کریں۔

جسمانی تشدد سے بچنے کے لئے بہتر ہے کہ دوسرے کو اشتعال نہ دلائیں۔ پبلک مقامات پر بڑھ بڑھ کر باتیں بنانے سے پرہیز کریں اور ساتھ ہی ساتھ قدیم اشیاء، نوادرات اور زیورات کی نمائش کے ذریعے دنیا کو یہ جتانے کی خواہش کہ آپ کیا ہیں۔ اسے سختی سے دبا دیں۔ اگر گھر میں یا دفتر میں حفاظت کیلئے الارم لگایا ہے تو اس کے متعلق کھلے عام ہرگز بات نہ کریں کیونکہ کسی نہ کسی شخص کیلئے آپ کی یہ باتیں ایک چیلنج بن جائیں گی۔ آپ کیلئے چیلنج نہ دینا بہت مشکل ہے۔ اگر کبھی دوسروں کو چیلنج دینے کا ارادہ نہ بھی ہو تب بھی آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے لئے ناقابل برداشت بن جائے گا۔ چنانچہ آپ کی ذات ہر قسم کے تشدد در عمل کا شکار ہو سکتی ہے۔

برج سنبلہ

آپ کا تعلق خاکی برج سے ہے جس پر عطارد کی حکمرانی ہے۔ چنانچہ آپ کے خلاف تشدد تنقیدی نوعیت کا ہوگا۔ اس کا سبب خود آپ کی تنقیدی اور تجزیاتی فطرت ہوگی۔ آپ کی عادت ہے کہ آپ دوسروں کے معاملات میں ٹانگ اڑاتے ہیں۔ بعض اوقات اس کا نتیجہ تشدد کی صورت میں بھی نکلتا ہے۔ سنبلہ سے متعلقہ عورتیں اگر کسی مرد پر تنقید کریں گی اور وہ مرد پھر ان کو کسی دوسرے آدمی کی طرف متوجہ دیکھ لے گا اور اگر وہ مزاج کا بھی ناقابل اعتبار ہوا تو نتیجہ ان کی آبرو ریزی ہوگا۔ خاص قسم کے حالات کے علاوہ آپ بلاواسطہ تشدد کا شکار کم ہی ہوں گے۔ آپ کے ساتھ جو کچھ بھی ہوگا وہ خود آپ کے اپنے اعمال یا کاموں کا رد عمل ہوگا۔

آپ بعض اوقات یہ ظاہر کرتے ہیں کہ آپ میں کوئی جذبہ بیدار نہیں ہوا اور جب یہی صورتحال اپنی کارکردگی اور تنقید کے وقت ظاہر ہوتی ہے تو اس سے کچھ لوگوں کو غلط فہمی ہو جاتی ہے یہاں تک کہ اگر ایسے وقت آپ پورے خلوص نیت سے بھی کوئی بات کریں گے تب بھی کوئی نہ کوئی بات ایسی ہو جائے گی جو دوسروں کے اشتعال کو ہوا دے گی۔ اگر کسی وقت دفتر میں یا گھر میں کسی پر تنقید کرنا بہت ضروری ہو جائے تو بہتر ہے کہ سردرد اختیار نہ کریں اور نہ ہی کسی چھوٹی سے چھوٹی بات پر نکتہ چینی کریں تاکہ دوسروں کے اشتعال کا شکار نہ ہوں۔ بلکہ دوسروں پر یہ ظاہر کریں کہ آپ کو ان کے احساسات کا بخوبی علم ہے اور ان سے دوستانہ رویہ اختیار کریں۔ آپ کا طور طریقہ اور انداز گفتگو شائستہ ہے مگر انہیں محض رسمی طریقہ نہ بنالیں۔ یاد رکھئے کہ بہترین عادات اور طور طریقے وہ ہوتے ہیں جو دوسروں کو سکون و اطمینان دیں۔ آپ ایک مرتبہ جب کسی چیز کے متعلق کوئی فیصلہ کر لیتے ہیں تو اسے آسانی سے پورا کر سکتے ہیں۔ لہٰذا جب آپ دوسروں کے ساتھ ہمدردانہ رویہ اختیار کرنے کا فیصلہ کر لیں گے تو یہ فیصلہ تشدد کے رد عمل کو یقیناً کم کر دے گا۔

گولی سے اڑا دینا، مسلح ڈاکے، اغوا، زبردستی آبروریزی، قتل یہ تمام وارداتیں جرائم کے بڑھتے ہوئے رجحان کی طرف ہیں کیوں؟ آپ اپنے آپ سے سوال کر سکتے ہیں اور کوئی بھی اس کا جواب اطمینان بخش طریقہ سے نہ دے سکے گا۔ شاید اس کے جواب کا تعلق مستقبل سے ہوتا ہے۔ لیکن اس تعلق کو ماضی کی تاریخ عمدہ طریقہ سے بیان کرتی ہے۔

لیکن ہم تو اس دور میں رہ رہے ہیں کہ ہم باڈی گارڈ تو رکھ نہیں سکتے۔ جو ہماری ہر لحہ حفاظت کر سکے۔ کیا کوئی اور طریقہ ہے کہ ہر پاکستانی اپنا تحفظ کر سکے اور وہ صدمات سے بچ سکے۔ یا تحفظ کے لئے اچھے تالے خرید سکے اور اس بات کا مطالعہ کر سکے کہ کون مدد کیلئے پکارتا ہے یا ہر مشکل کا مقابلہ کر سکے۔ اس سلسلہ میں نجوم کچھ مدد کرتا ہے۔

ہر برج ایک خاص قسم کی صدمات کی رد رکھتا ہے اور خطرہ کے وقت وہ ایک خاص قسم کی خو اختیار کر لیتا ہے۔ ان خصائل کو جاننا ہی اپنے آپ کو خطرات سے محفوظ رکھنے کا طریقہ ہے۔ لہٰذا صدمات و

تشدد کے اندیشوں کو کم از کم کیا جاسکتا ہے۔ اپنے شمسی برج کا مطالع کریں اور جو مشورہ دیا گیا ہے اس کو بھی سمجھیں۔

برج میزان

آپ کا برج بادی ہے۔ جس پر زہرہ کی حکمرانی ہے چنانچہ تشدد جب آپ کی زندگی کو درہم برہم کرتا ہے تو بقیہ تمام بروج سے تعلق رکھنے والے افراد کے مقابلے میں آپ پر اس کا اثر زیادہ ہوتا ہے۔ چونکہ آپ امن وسکون کے لئے ہر کام کرنے کو تیار ہو جاتے ہیں۔ لہذا کوئی بھی شخص جان بوجھ کر آپ کے خلاف تشدد اس وقت تک اختیار نہ کرے گا جب تک کہ آپ خود اپنے آپ کو ایسی صورتحال میں نہ پائیں کہ جس میں سب کو خوش کرنے کی کوشش میں کسی کو بھی خوش نہ کرسکیں۔ اگر وہ افراد جن کو آپ نے ناخوش کیا۔ ان میں سے ایک فرد بھی اگر ناقابل اعتبار یا غیر مستقل مزاج ہے تو یقیناً آپ کے ناک پر ایک زوردار مکہ پڑے گا یا صورت حال اس سے بھی خراب ہوسکتی ہے۔ یا پھر ایسی صورت حال زبانی الزامات کا باعث بنے گی۔ یہ صورت حال بھی آپ کے نزدیک اتنی ہی بری ہے جتنی جسمانی مار پیٹ۔

ایک عجیب بات یہ ہے کہ آپ کی محبت میں تشدد کا باعث محبت بھرے الفاظ ہوں گے۔ بعض اوقات آپ ہم آہنگی قائم رکھنے کے لئے کہیں گے کہ مجھے تم سے محبت ہے' مگر بعد جب آپ کا ذہن اور خیالات تبدیل ہوں گے (جو کہ مثالی میزانی عمل ہے) تو مسترد کیا ہوا محبوب تخریبی انداز میں ردعمل کا اظہار کرے گا۔ خواہ اس کا تشدد الزام تراشی تک ہی محدود ہو مگر پھر بھی وہ آپ کی عزت اور مرتبے کو تباہ کرنے میں کامیاب ہو جائے گا آپ کے لئے سب سے اہم بات یہ ہے کہ آپ نے شادی کے تقدس کو برقرار رکھنے کے لئے جو عہد و پیمان کئے تھے انہیں یاد رکھیں اور اگر آپ عہد پر قائم نہیں رہ سکتے تو وعدہ ہی نہ کریں آپ اس برج سے تعلق رکھتے ہیں جس کے لئے شادی شدہ رہنا سب سے زیادہ مشکل ہے اور ظاہر ہے کہ شادی شدہ زندگی میں جب علیحدگی آتی ہے تو سخت سست الفاظ تو ضرور کہے اور سنے جاتے ہیں۔ وہ تشدد جس کا تعلق براہ راست آپ کی ذات سے نہ ہو۔ آپ کو بہت تکلیف دیتا ہے کیونکہ آپ کی سمجھ میں نہیں آتا کہ ایسی کھچاؤ والی صورتحال میں کیا رویہ اختیار کیا جائے مثال کے طور پر اگر کوئی شخص ہاتھ میں چاقو لئے حملہ آور ہو تو آپ کو کیا رویہ اختیار کرنا چاہئے۔ اپنے آپ کو اس کے حوالے کردینا چاہئے یا بھاگ جانا چاہئے۔ یہی باتیں سوچتے سوچتے اور کوئی قدم اٹھانے میں پس و پیش کرتے کرتے حملہ آور آپ کے بہت قریب آجائے گا اور آپ کو زخمی کردے گا۔ ایسی صورت حال اگر پیش آجائے تو جو خیال پہلے ذہن میں آئے اس پر عمل کرلینا چاہئے۔

برج عقرب

آپ کا تعلق آبی برج سے ہے۔ جس پر پلوٹو کی بھی حکومت ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ خود اپنی اخفا پسندی' منصوبہ بندی' خفگی اور حسد کے ذریعے خود اپنے اوپر تشدد کریں گے۔ آپ تجزیہ کر کے اور معموں کو حل کر کے خوشی محسوس کرتے ہیں۔ انہیں سے آپ کو خوشی اور اطمینان کے لئے بہت کچھ مل جائے گا مگر اس سے کسی ایسے شخص کو آپ پر زبانی تشدد کا موقع مل جائے گا جو یہ سمجھتا ہے کہ آپ اس کے معاملات میں دخل اندازی کررہے ہیں۔ بدترین صورتحال یہ پیش آسکتی ہے کہ کوئی ایسا شخص جس نے کوئی جرم کیا ہے یا دھوکہ دیا ہے۔ اس کے ہاتھوں آپ پٹ جائیں گے۔ کیونکہ تشدد کے ذریعے وہ یہ یقین کرنا چاہے گا کہ اس بارے میں آپ کسی کو کچھ نہ بتائیں۔ بقیہ تمام بروج سے تعلق رکھنے والے افراد کے مقابلے میں آپ کی موت تشدد کے ذریعے واقع ہوگی۔ کیونکہ پلوٹو کا تعلق استخراج اور تبدیلی صورت سے ہے۔ مگر بہرحال اسے حرف آخر نہ سمجھیں۔

تشدد کے امکان سے بچنے کے لئے ضروری ہے کہ سب سے پہلے تو یہ خیال رکھیں کہ آپ کے خفیہ افعال کسی شخص کو اس شک میں مبتلا نہ کردیں کہ آپ اپنے گھر میں بہت قیمتی چیز مثلاً روپیہ پیسہ وغیرہ چھپا رہے ہیں وردوسرے یہ کہ اگر کوئی بھی خطرناک صورت حال پیش آجائے تو اپنی استدلالی قوت کو اس کا تجزیہ کرنے کے لئے استعمال کریں۔ یہ غور کریں کہ اپنے پڑوی کے متعلق معلومات حاصل کرنا آپ کو فائدہ دے گا یا محض آپ اس کے معاملات میں دخل در معقولات کرنے کی نیت سے یہ سب کچھ کررہے ہیں۔ آپ میں حسد کا مادہ بھی ہے جسے آپ دبا بھی سکتے ہیں۔ بشرطیکہ آپ اسے دبانا چاہیں اور صورت حال کا تجزیہ کرنا چاہیں۔ اس طرح آپ حسد کے تباہ کرنے والے تلخ اثرات سے اپنے آپ کو بچاسکتے ہیں۔ اگر کسی قسم کی غیر قانونی سرگرمی کا علم بھی ہو جائے تو خود اس سے دور رہیں۔ بلکہ پولیس کو اطلاع دیں کیونکہ آپ کو نہیں بلکہ پولیس والوں کو ان کاموں کے لئے تربیت دی گئی ہے۔

ماہ جون

تاریخ/ایام	جون ۲۰۱۸ء	رمضان ۱۴۳۹ھ	جیٹھ ۲۰۷۵ب	مفروضی نمبر	توقیعات	درجہ برج	عین وقت	شمس در جوزا	مواضع قمر: برج	اوقات داخلہ	منازل	اوقات داخلہ	اشکال	حالت
جمعہ	۱	۱۶	۱۹	۹				۱۲			بلعہ	۱۶:۱۶		
ہفتہ	۲	۱۷	۲۰	۱	یوم حضرت علیؓ			۱۳			سعود	۱۸:۲۲		
اتوار	۳	۱۸	۲۱	۲				۱۴	دلو	۳:۰۵	اخبیہ	۲۰:۳۲		
پیر	۴	۱۹	۲۲	۳				۱۵			مقدم	۲۲:۳۸		
منگل	۵	۲۰	۲۳	۴				۱۶	حوت	۱۵:۵۳				حضیض
بدھ	۶	۲۱	۲۴	۵				۱۷			موخر	۰۰:۲۵	◓	تربیع دوم
جمعرات	۷	۲۲	۲۵	۶				۱۸			رشا	۱:۴۴		
جمعہ	۸	۲۳	۲۶	۷				۱۹	حمل	۲:۲۵	شرطین	۲:۲۵		
ہفتہ	۹	۲۴	۲۷	۸				۲۰			بطین	۲:۲۰		
اتوار	۱۰	۲۵	۲۸	۹	شرف قمر			۲۱	ثور	۹:۰۳	ثریا / دبران	۱:۳۰ / ۲۳:۵۴		شرف
پیر	۱۱	۲۶	۲۹	۱				۲۲			ہقعہ	۲۱:۴۰		
منگل	۱۲	۲۷	۳۰	۲	لیلۃ القدر			۲۳	جوزا	۱۱:۵۲	ہنعہ	۱۸:۵۳		فرح
بدھ	۱۳	۲۸	۳۱	۳	عطارد در سرطان			۲۴			ذراعہ	۱۵:۴۲		
جمعرات	۱۴	۲۹	ہاڑ	۴	زہرہ در اسد			۲۵	سرطان	۱۲:۱۹	نثرہ	۱۲:۱۹	●	اجتماع ترفع
جمعہ	۱۵	۳۰	۲	۵	جمعۃ الوداع، نیا چاند ☾			۲۶			طرفہ	۸:۵۰		
ہفتہ	۱۶	شوال	۳	۶	یکم شوال ۱۴۳۹ھ، عید الفطر			۲۷	اسد	۱۲:۲۰	جبہۃ	۵:۲۵		
اتوار	۱۷	۲	۴	۷				۲۸			زبرہ / صرفہ	۳:۱۳ / ۲۳:۲۲		
پیر	۱۸	۳	۵	۸				۲۹	سنبلہ	۱۳:۴۰	عوا	۲۰:۵۳		اوج
منگل	۱۹	۴	۶	۹	رجعت نپ چون			۳۰			سماک	۱۸:۵۴		
بدھ	۲۰	۵	۷	۱				۳۱	میزان	۱۷:۲۸	غفرہ	۱۷:۲۸	◒	تربیع اول
جمعرات	۲۱	۶	۸	۲	شمس در سرطان			سرطان			زبانہ	۱۶:۳۳		
جمعہ	۲۲	۷	۹	۳				۲			اکلیل	۱۶:۱۰		
ہفتہ	۲۳	۸	۱۰	۴	قمر در عقرب			۳	عقرب	۰۰:۱۰	قلب	۱۶:۱۷		ہبوط
اتوار	۲۴	۹	۱۱	۵				۴			شولہ	۱۶:۵۲		
پیر	۲۵	۱۰	۱۲	۶				۵	قوس	۹:۲۸	نعائم	۱۷:۵۰		طرح
منگل	۲۶	۱۱	۱۳	۷				۶			بلدہ	۱۹:۱۰		
بدھ	۲۷	۱۲	۱۴	۸	رجعت مریخ			۷	جدی	۲۰:۵۱	ذابح	۲۰:۵۱		وبال
جمعرات	۲۸	۱۳	۱۵	۹				۸			بلعہ	۲۲:۴۶	○	استقبال
جمعہ	۲۹	۱۴	۱۶	۱	عطارد در اسد			۹						
ہفتہ	۳۰	۱۵	۱۷	۲				۱۰	دلو	۹:۳۶	سعود	۰۰:۵۲		

کیا آپ کا برج جوزا ہے؟

اگر ایسا ہے تو اپنی فطرت اور مقسومی حالات کو ذیل سے پڑھئے اور اپنے آپ کو سمجھئے۔

جوزا سے متعلقہ افراد اخبارات' ریڈیو' ٹیلیویژن اور مارکیٹ ریسرچ وغیرہ میں بڑی خوشی سے کام کرتے ہیں اور بڑے کامیاب رہتے ہین-۲۱ مئی سے ۲۰ جون کے درمیان پیدا ہونے والے یہ افراد بڑے ہر فن مولا اور لچکدار فطرت کے مالک ہوتے ہیں-

الیکٹرانکس' فوٹو گرافی' فلموں کی عکاسی اور کارٹون بنانے کا کام ان کے لئے بہت موزوں رہتا ہے کیونکہ ان کی آنکھ ادراک والی اور ہاتھ بڑے فنکار ہوتے ہیں- جوزا سے متعلقہ کچھ افراد کسی ہوائی کمپنی کے لئے کام کرتے ہیں کچھ ریستوران اور ہوٹلوں میں تو کچھ شراب خانوں میں یعنی ایسی جگہ کام کرتے ہیں جہاں زندگی حرکت اور مسلسل تبدیل نظر آتی ہے-

لیکن اس برج سے متعلقہ کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جنہیں فیکٹریوں میں کام کرنا پسند آتا ہے وہاں کام کے دوران ان کے ہاتھ مصروف رہتے ہیں اور ذہن دور دراز مقامات کی سیر کے لئے آزاد رہتا ہے اس کے علاوہ کھانے اور چائے کے وقفے کے دوران باتیں کرنے اور افواہیں اڑانے کا موقع بھی ملتا رہتا ہے یہ تمام باتیں ان کے ذہن کو تیز کرتی رہتی ہیں یہاں تک کہ وہ استرے کی مانند تیز ہو جاتے ہیں بلکہ بعض اوقات بے تحاشا کاٹ کی صلاحیت کا مالک بن جاتا ہے-

جوزا سے متعلقہ آدمی اگر دفاتر میں کام کرتا ہے تو آپ اسے اکثر فرش ناپتے ہوئے دیکھیں گے' یا مسلسل فون پر گفتگو کرتا ہوا ملے گا اور دوسرے ہاتھ سے خط لکھ رہا ہوگا- اپنے ڈیسک پر کاغذات کے انبار سے اسے کوئی پریشانی نہیں ہوتی- آرڈر کے تمام کاغذات فہرستیں' رسیدیں یا خطوط کسی نہ کسی طرح سپرد ڈاک ہو ہی جاتے ہیں یا دوسرے دفتر میں آگے پہنچا دیئے جاتے ہیں یا انہیں فائل کر دیا جاتا ہے اور کسی دوسرے کے ڈیسک پر پہنچا دیا جاتا ہے یہ سارا کام اس لئے ہو جاتا ہے کہ وہ کام کو دوسروں تک پہنچانے میں ماہر ہوتا ہے جب کہ اس کے بدخواہ کہتے ہیں کہ وہ ایک درجن کام ایک ساتھ شروع کر لیتا ہے- لیکن شاذ و نادر ہی انہیں مکمل کرتا ہے بلکہ دوسروں سے اپنے لئے گدھوں کی طرح کام کرواتا ہے- جوزا سے متعلقہ آدمی ہمیشہ کسی ایسے شخص کو ضرور جانتا ہے جو کسی بھی ضرورت کے وقت کام آ سکتا ہے اور سب سے عجیب بات یہ ہے کہ تقریباً ہر شخص جوزا سے متعلقہ آدمی کی مدد کرنے کے لئے تیار رہتا ہے- شاید اس لئے کہ یہ بہت نیک نفس دلچسپ اور زندہ دل انسان ہوتا ہے-


دائرۃ البروج	تیسرا برج ہے
عرصہ پیدائش	مئی ۲۱ تا جون ۲۰ (اندازاً)
عنصر	بادی
ماہیت	ذوجدین
حاکم ستارہ	عطارد
برج کی علامت	جڑواں بچے

دیوتاؤں کا قاصد عطارد جو ہر بات اور ہر اسکینڈل سے واقف ہوتا تھا برج جوزا کا حاکم ہے اس لئے دور جدید کے جوزا سے متعلقہ افراد کے رسل و رسائل و زبانی تحریری اور جسمانی تینوں لحاظ سے ماہر ہونے پر تعجب نہیں ہونا چاہئے-

گفتگو کے فن سے یہ واقف ہوتا ہے اس کا ہردم سرگرم رہنے والا ذہن ہر وقت ایسا مواد جمع کرتا رہتا ہے جسے یہ ہر اس شخص تک پہنچانے کے لئے تیار رہتا ہے جس سے اس کی ملاقات ہوتی ہے اس کا ذہن نظریات اور خیالات سے لبالب بھرا رہتا ہے جن میں سے کچھ بڑے عجیب و غریب اور کچھ چٹ پٹے ہوتے ہیں وہ اپنے ان خیالات و نظریات کو اپنے تجربات کے نتیجے میں اکثر تبدیل کرتا رہتا ہے کوئی ایک خیال جو اسے پیر کو پسند آتا ہے وہ منگل کو اسے بھول چکا ہوتا ہے اگر جلدی میں مکمل کئے گئے حقائق اس کی یادداشت سے محو ہو جائیں اور آپ ان کی نشاندہی کر دیں تو وہ اس کا برا نہیں مانے گا-

جوزا سے متعلقہ افراد بے حد ذہین ہوتے ہیں ان میں سے صرف چند ہی بے وقوف ہوتے ہیں لیکن جوزا سے متعلقہ افراد خواہ کتنے ہی ذہین کیوں نہ ہوں ان کی شخصیت میں بچپن بہت زیادہ رہتا ہے اور ہمیشہ رہتا ہے بالکل ایک بچے کی مانند کسی نہ کسی نتیجے یا فیصلے پر فوری طور پر اور بغیر سوچے سمجھے پہنچتے ہیں اور مسلسل وجہ دریافت کرتے رہتے ہیں ان کے ساتھ جو واقعات ہوتے ہیں ان کے متعلق جب تک اپنے قریبی افراد کو بتا نہ دیں وہ واقعات غیر حقیقی ہی رہتے ہیں جب انہیں غیر محتاط کہا جاتا ہے تو یہ بہت برا مانتے ہیں لیکن اس کے باوجود یہ باتیں کرنا اور دوسروں کو واقعات سنانا نہیں چھوڑتے-

جوزا سے متعلقہ آدمی میں چھپا ہوا بچہ اپنی ماں سے گہری قربت اور انسیت رکھتا ہے دہرے برج کے تحت پیدا ہونے کی وجہ سے اس کی شخصیت کا ایک پہلو ہر چیز جوئی اور جوش پیدا کرنے والی ہوا اس کے متعلق سننا پسند کرتا ہے جب کہ دوسرا پہلو ماں کی آرام دہ باہوں میں چھپنے اور اس کی ماتا بھری آواز سننے کا آرزومند رہتا ہے وہ شاید اپنی ماں سے ملتا نہیں ہوگا یا ماں سے مسلسل تکرار کرتا رہتا ہوگا- لیکن دل کی گہرائی میں ماں اس کی ملکیت ہوگی اور اس



کے لئے تحفظ کی علامت ہوگی لیکن اس ابدی لگاؤ کو جوزا سے متعلقہ آدمی اکثر چھپائے رکھتا ہے اور دوسروں پر یہ ظاہر کرنا چاہتا ہے کہ اس کے اندر کی دنیا زیادہ گہرائی رکھتی ہے اس سے کہیں زیادہ جتنی کہ اس کی بے چین مگر زندہ دل شخصیت ظاہر کرتی ہے۔

وہ کسی بھی قسم کے ماحول میں کسی بھی قسم کی سوسائٹی میں بآسانی گھل مل جاتا ہے اور اپنی الفاظی قوت سے کام لینا شروع کر دیتا ہے۔ ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ یہ لفظوں کا بادشاہ ہوتا ہے۔

جوزا سے متعلقہ آدمی بآسانی محبت میں گرفتار ہو جاتا ہے بعض اوقات پہلی نظر میں گھائل ہو جاتا ہے لیکن ایسا شاذ و نادر ہی ہوتا ہے کہ وہ اس لڑکی کی محبت میں پاگل ہو جائے یا وہ لڑکی ہر وقت اس کے خیالوں پر چھائی رہے یا اس کی کمزوری بن جائے۔ محبت بھی وہ بڑی بے فکری سے اور سرسری طور پر کرتا ہے اور محبت کو دراصل ایک مشترکہ تفریح خیال کرتا ہے جس میں گہرے جذبات کو نہیں بلکہ کشش اور رفاقت کو اہمیت حاصل رہتی ہے۔

جوزا سے تعلقہ کچھ آدمی بیک وقت دو لڑکیوں سے محبت کرتے ہیں یہ محبت کرتے ہیں یہ محبت کا ان کا اپنا انداز ہوتا ہے جس کا وہ اظہار کرتے ہیں اس میں جنسی کشش وکوئی دخل نہیں ہوتا بالکل اسی طرح جس طرح بہت سے لوگ دو مختلف کام کرتے ہیں یا دو مشغلے اپناتے ہیں اسی طرح یہ دو مختلف شخصیتوں سے محبت کرتے ہیں ایسا کرتے وقت ان کے شعور میں یہ بات مسلسل رہتی ہے کہ جب تک انہیں ایک دوسرے کے متعلق پتہ نہیں چلے گا انہیں دکھ نہیں ہوگا اس لئے معاملہ چلتے دینا چاہئے۔ پرانے زمانے کے وہ شوہر جو خفیہ طور پر دوسری شادی کر لیتے تھے اور دوسری بیوی کو الگ گھر لے کر رکھتے تھے۔ یہ سب کے سب برج جوزا کی پیدائش ہوتے تھے اور آدمیوں کی یہ قسم آج بھی پائی جاتی ہے۔

اس برج سے متعلقہ لڑکی آدمی کے مقابلے میں نسبتاً کم تلون مزاج ہوتی ہے۔ ناعاقبت اندیش اور غیر محتاط بھی نسبتاً کم ہوتی ہے تاہم جوزا سے متعلقہ آدمی کی طرح اس کی دلچسپیاں، سرگرمیاں اور ملنے جلنے والے بھی بے شمار ہوتے ہیں اور کئی مختلف قسم کے ہوتے ہیں اس طرح اگر ایک دلچسپی یا ایک دوست زندگی سے نکل جائے تب بھی دوسرے موجود ہوتے ہیں جن کی رفاقت میں خوشی حاصل کی جاسکتی ہے یا دوسری دلچسپیوں میں وقت صرف کیا جاسکتا ہے۔

اس کی حرکات اور چال ڈھال میں تیزی مگر دھیما پن ہوتا ہے۔ جوزا سے متعلقہ صرف چند ہی لڑکیوں کا وزن بڑھتا ہے اور جن کا بڑھتا بھی ہے تو وہ صرف اسی قدر بڑھتا ہے کہ برا نہیں لگتا اور وہ اس میں بھی خوبصورت لگتی ہیں اور یہ بھی ان کا ایک خاص انداز ہوتا ہے دوسرا انوکھا انداز یہ ہوتا ہے کہ دل کے بجائے اپنی عقل سے کام لیتی ہیں ان کی ذہانت انہیں بتاتی ہے کہ کون سا طریقہ اور راستہ اختیار کرنا چاہئے اس لئے یہ جو بھی کیریئر اختیار کرتی ہیں اس میں بے حد کامیاب رہتی ہیں۔

جوزا سے متعلقہ لڑکیاں پاگل پن کی حد تک جاہ طلب نہیں ہوتیں لیکن وہ اشیاء اور خیالات کی فروخت بڑی کامیابی سے کرتی ہیں خاص طور پر اس صورت میں کہ جب وہ ان کی قدر و قیمت سے آگاہ ہوتی ہیں وہ پیچیدگیوں کو سلجھانے میں بڑی ماہر ہوتی ہیں اور موجودہ دور کی دفتری زندگی کی مسابقت اور دباؤ کو بآسانی برداشت کر سکتی ہیں ان میں سے اکثر نہایت کامیاب ٹیچر یا لیکچرار ثابت ہوتی ہیں کیونکہ وہ جانتی ہیں کہ بچوں یا نوجوانوں کا دل کسی طرح جیتا جاتا ہے جذباتی لحاظ سے یہ خود بہت جوان رہتی ہیں اور یہی چیز انہیں اس قابل بناتی ہے کہ نوجوان نسل کے ساتھ اچھے تعلقات قائم رکھ سکیں۔

جوزا سے متعلقہ مرد وعورت ہر دو چالیس سال کی عمر کے بعد عموماً نیا کیریئر اختیار کرتے ہیں جوزا سے متعلقہ آدمی جو بنک میں کلرک کا کام کرتا ہے اچانک یہ کام چھوڑ کر شادی دفتر کھول لیتا ہے یا شادی شدہ جوڑوں کے مسائل حل کرنے اور انہیں مشورے دینے کا کام شروع کر دیتا ہے یا پھر ہیر ڈریسر اچانک بوتیک کھول لیتا ہے جب جوزا سے متعلقہ لڑکی جس نے چالیس سال کی عمر تک کا عرصہ خاتون خانہ کی حیثیت سے گزارا ہوتا ہے اچانک رومانی ناول لکھنا شروع کر دیتی ہے۔ یا ٹی وی کے لئے ڈرامے لکھنا شروع کر دیتی ہے اور مصنفہ بن جاتی ہے۔

جوزا سے متعلقہ لڑکیوں کی مائیں اکثر اپنی جلد باز اور ہر دلعزیز بیٹی کے متعلق یہ کہتی ہیں کہ یہ لڑکی کبھی نہیں سدھرے گی۔ اس میں گھرداری بالکل نہیں ہوتی اس کے پاس گھریلو استعمال کی صرف چند

اشیاء ہوتی ہیں کیونکہ وہ اپنا سارا روپیہ سیر وتفریح اور سیاحت پر صرف کر دیتی ہے۔

تاہم اس کی لڑکی کی دوستی بہت سے لڑکوں سے ہوتی ہے اس لئے کہ وہ یہ بات اچھی طرح سے جانتی ہے کہ آدمی کے دل تک پہنچنے کا راستہ اس کے دل سے ہو کر نہیں جاتا بلکہ اس کی دلچسپیوں میں شریک ہو کر اس کے دل تک پہنچا جا سکتا ہے لہذا وہ جس سے دوستی کرتی ہیں اس کی دلچسپیوں میں شریک ہوتی ہے اور بہت جلد ان میں مہارت حاصل کر لیتی ہے مگر صرف اسی قدر اظہار کرتی ہے جس سے اس کے دوست کو یہ علم ہو جائے کہ یہ اس کی دلچسپی سے واقفیت رکھتی ہے لیکن چاہتی ہے کہ دوست کی برتری قائم رہے اس لئے اپنی مہارت کا کھل کر اظہار نہیں کرتی۔

جوزا سے متعلقہ لڑکی کے نزدیک محبت ایک کھیل اور اداکاری ہوتی ہے اس کا محبوب یہ سمجھتا ہے کہ وہ اس سے بہت قریب ہے لیکن پھر یہ اچانک کسی معاملے میں بہت مصروف ہو جاتی ہے اور محبت اور دوستی کا خاتمہ کر دیتی ہے اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ یہ بور ہو چکی ہوتی ہے اور اس کا ذہن تبدیل ہو چکا ہوتا ہے۔

رومانس کے خاتمے کے بعد وہ اس نتیجہ پر پہنچتی ہے کہ صرف جنسی یا مشترکہ جوش وخروش محبت کے معاملے کو برقرار رکھنے کے لئے کافی نہیں ہوتا نیز وہ یہ بات بھی نہیں چھپاتی کہ دفتر میں جو نیا شخص آیا ہے وہ بڑا ماہر کھلاڑی ہے یا فاضل اوقات میں سنسنی خیز کہانیاں لکھتا ہے اس نئے شخص کی آمد بھی رومانس کے خاتمے کی ایک وجہ ہو سکتی ہے کیونکہ وہ ایسے شخص کو ہر طرح سے جاننا چاہتی ہے۔

چنانچہ جوزا لڑکیوں کی یہ تحقیق عرصہ دراز تک جاری رہتی ہے اس کے ظاہراً کھلنڈرے پن کے پردے میں ذہانت اور محبت کرنے والا دل چھپا ہوتا ہے اسے بچوں سے بھی محبت ہوتی ہے کوئی آدمی جب ان چھپی ہوئی باتوں کو پہچان لیتا ہے اور اس پر یہ بات واضح کر دیتا ہے کہ وہ ان خوبیوں کو پسند کرتا ہے تو یہ لڑکی اسے بہت پسند کرنے لگتی ہے اور ساری زندگی اس کے ساتھ گزار دیتی ہے۔

تسدیس
زہرہ و مشتری

یہ طلسم ان لوگوں کے لئے لکھا جاتا ہے جن کا ستارہ مشتری ہے۔ لیکن جن کے حالات اچھے نہیں ہیں۔ ہر کام میں رکاوٹ اور ہر معاملے میں پریشانی ہوتی ہے آمدن اور مرتبہ میں ترقی نہیں ہوتی۔ اخراجات اور پریشانیاں پیچھا نہیں چھوڑتیں۔ اس کے علاوہ اگر ان لوگوں کا کوئی خاص مقصد ہو جو پورا نہ ہوتا ہو تو یہ عمل کام دے گا۔

۲۲ جولائی دوپہر ۲ بجکر ۲۰ منٹ پر زہرہ اور مشتری کی یہ سعد نظر قائم ہوگی۔ اس سعد وقت سے فائدہ اٹھانے کے لئے اپنا نام معہ والدہ کے اعداد ابجد قمری سے لے کر اس میں ایک سو بارہ (۱۱۲) عدد کا اضافہ کریں اور اس مجموعہ کو وقت مقررہ پر ایک نقش مربع آتشی میں پر کریں۔ قلم اور دوات نئی ہونی چاہئے۔ نقش زعفران سے پر کیا جائے گا۔ پھر مربع سامنے رکھ کر یا باسط ایک سو چوراسی (۱۸۴) بار پڑھیں اور دم کر کے موم جامہ کرا کے اپنے پاس رکھیں۔ انشاء اللہ بہترین مدد ملے گی۔

مربع پر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد سے ۳۰ عدد تفریق کریں اور باقی کو ۴ پر تقسیم کریں۔ جو خارج قسمت ہو اسے خانہ اول میں رکھیں اور ایک ایک کا اضافہ کرتے ہوئے ۱۶ خانے پر کریں۔ اگر تقسیم کے بعد باقی ایک ہو تو خانہ ۱۳ میں۔ اگر ۲ باقی رہیں تو خانہ ۹ میں اگر ۳ باقی رہیں تو خانہ ۵ میں مزید ایک کا اضافہ کریں۔ نقش پر ہو جائے گا۔ نقش کی چال یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اب اس عمل کو مثال کے ذریعے سمجھاتا ہوں تا کہ پوری طرح سمجھ میں آ جائے۔

مثلاً طالب کا نام ارسلان والدہ کا نام مسرت ہے۔ اعداد نام طالب معہ والدہ کے ۱۰۴۲ ہوئے اب ۱۱۲ کا اضافہ کیا کل اعداد ۱۱۵۴ ہوئے۔ مربع پر کرنے کے لئے قانون کے مطابق ۳۰ عدد تفریق کئے اور ۴ پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت ۲۸۱ آئے۔ باقی کچھ نہیں بچا مربع یہ ہوا۔

۲۸۸	۲۹۱	۲۹۴	۲۸۱
۲۹۳	۲۸۲	۲۸۷	۲۹۲
۲۸۳	۲۹۶	۲۸۹	۲۸۶
۲۹۰	۲۸۵	۲۸۴	۲۹۵

باقی طریقہ وہی ہے جو عام نقوش کے سلسلے میں اختیار کیا جاتا ہے۔



ماہ جون کیسا گزرے گا؟

آپ کی تاریخ پیدائش کے ساتھ برج اور ستارہ دیا گیا ہے- اس کے تحت اس ماہ کے حالات پڑھیں- اگر تاریخ پیدائش معلوم نہ ہو تو نام کے پہلے حرف اول کے تحت پڑھیں

برج حمل۔ستارہ مریخ

حروف:- ا-ل -ع -ی



پیدائش:- مارچ۲۱ تا اپریل۲۰

اس ماہ عزت میں اضافہ ہوگا- اہم اور بارسوخ افراد سے ملاقات ہو گی-ان کو متاثر کرنا مشکل نہ ہوگا اور اگر اس وقت جارحانہ رویہ اختیار کرنا موافق ثابت ہوگا-

مریخ زائچے کے گیارہویں گھر میں موجود ہوگا اور ۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا- وہ خاص مقاصد جن کی وجہ سے آپ کلبوں' گروپوں یا سماجی اور معاشرتی سرگرمیوں سے منسلک ہیں-ان کی وجہ سے یہ ماہ ترقی پذیر اور سرگرم ثابت ہوگا-اس ماہ کسی ادارے یا کلب کا ممبر بن کے یا گروہی سرگرمیوں میں شرکت کر کے اور اپنے سماجی اور کاروباری حلقے کو وسعت دے کر بہت کچھ حاصل کرسکیں گے وہ افراد جو سماجی اصلاحات وسیاست اور انسانی فلاح و بہبود میں بہت دلچسپی لیتے ہیں اس ماہ کچھ مثبت اقدامات کرنے کا موقع ملے گا- چنانچہ کوئی بھی جرات مندانہ قدم اٹھاتے ہوئے بالکل نہیں گھبرائیں- بلکہ آگے بڑھانے کی کوشش کرنی چاہئے ان تمام معاملات کے لئے ۳، ۸، ۱۳، ۲۱، ۲۶ تاریخ موافق ثابت ہو گی- تاہم یہ بات ذہن میں رہے کہ کواکب کے اثرات کا سامنا کرنا آسان نہیں ہوتا ہے- ۱۰، ۱۷، ۲۳ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت یہ عموماً اختلاف اور لڑائی جھگڑے کی نشاندہی کرتے ہیں-

یکم تاریخ کو زہرہ مشتری کی تثلیث ہوگی یہ وقت ایسا ہے کہ جب اچانک کسی شخص کی طرف سے بھرپور مدد مل سکتی ہے اور کسی شخص کا تعاون ایک لمحے میں قسمت تبدیل کرسکتا ہے- یہ وقت ایسا ہے کہ جب بیرون ملک کے سفر کے معاملات میں پریشانی اٹھا رہے تھے اس میں بہتری دیکھیں گے-کسی رشتہ داروں کے ساتھ ایسا کوئی نیا تعلق بنے گا جس سے حالات کو یکسر تبدیل کرسکیں گے-


عطارد ۱۳ تاریخ تک زائچے کے تیسرے گھر میں رہے گا اس کے بعد چوتھے گھر میں آجائے گا اور ۳۰ تاریخ کو پانچویں گھر میں داخل ہوگا- رشتہ داروں اور گھر کے افراد کے درمیان کئی معاملات حل ہوجائیں گے-ضرورت سے زائد کام کو فوری طور پر مکمل کرنے کا رجحان رہے گا- والدین سے متعلقہ جائیداد اور روپے کے حسابات رکھنا بہتر رہے گا- تحریری کاموں کے سلسلے میں پیش رفت بہتر رہے گی- گھر کو از سر نو ترتیب دینا چاہتے ہیں تو اس وقت کھلے ذہن اور آرٹسٹک خیالات کو بروئے کار لاتے ہوئے اچھی پلاننگ کرسکیں گے- روزمرہ کے سفر بہتر رہیں گے- وسط ماہ کے بعد رجحانات اور خیالات تیزی سے تبدیل ہوجائیں گے-آپ کے اندر جوش و جذبہ بڑھ جائے گا-نئی پلاننگ اور حکمت عملی کریں -اپنے وقت کو قیمتی جانیں-محبت کے معاملات' اولاد سے متعلقہ تعلیمی سرگرمیوں میں بہتری سے واسطہ پڑے گا-اس طرح منتشر خیالات ،ذہنی دباؤ' چڑچڑا پن اور دردسری کو دور کرسکیں گے-- عطارد' ۴' ۱۴' ۱۹' ۲۴' ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا-

۲۰ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی- یہ وقت کاروباری معاہدات' قانونی مشورہ' تحریری کاموں کو مکمل کروانے اور باحیثیت لوگوں سے رابطہ قائم کرنے میں مددآور ثابت ہوگا-ایسے کام جن میں بڑی سرمایہ کاری کی ہوئی ہے،اس سے متعلقہ حسابات اور منافع سے متعلق معلومات رکھیں-سفر اور سیر و تفریح کے لئے موزوں' گھر اور زمین کی خریداری کے لیے معلومات اکٹھی کریں- روحانی علوم اور مطالعہ سے ذہنی سکون حاصل ہوگا-

۲۷ تاریخ کو شمس زحل کا مقابلہ ہوگا-ایسے تمام کام جو کہ خاندانی جائیداد/زمین سے متعلق ہوں- یا اگر کسی دوست یا رشتہ دار کے ساتھ مل کر شراکتی کاموں میں حصہ لیا ہے تو جلد بہتری کی امید نہ

رکھیں۔ اپنی خواہشات اور توقعات کو بہت بڑھانے کی کوشش نہ کریں۔ اپنے کام اور روزگار میں ہی رہتے ہوئے اسے مضبوط کریں۔ اس دن کے نزدیک اگر زمین یا مکان کی خریداری کر رہے ہیں تو کاغذات اور زمین سے متعلق صحیح معلومات کا حاصل کرنا ضروری ہوگا۔ ورنہ بعد میں پریشانی سے واسطہ پڑے گا۔ تعلیمی امور پریشانی کا باعث ہونگے۔ قریبی افراد آپ کی سوچ اور خیالات سے متفق نہ ہونگے۔

زہرہ ۱۴ تاریخ تک زائچے کے چوتھے گھر میں رہے گا اس کے بعد پانچویں گھر میں داخل ہو گا۔ اس گھر پر باقوت کواکب کا دباؤ ہے۔ گھریلو اور خاندانی افراد پر خوش قسمت اور موافق اثر مرتب ہو رہے تھے اور ان معاملات میں حال ہی میں کوئی زبردست تبدیلی رونما ہوئی ہے جس سے والدین اور بچوں کے درمیان کوئی اختلاف یا تنازعہ پیدا ہوا ہے تو وسط ماہ کے بعد حالات بہتر ہو جائیں گے۔ کواکبی رجحانات اس بات کی نشاندہی کر رہے ہیں کہ اکثر افراد موجودہ رہائش کو بہتر بنانے یا گھر تبدیل کرنے کے متعلق سنجیدگی سے غور کریں گے۔ بچوں کے مستقبل کے لیے بانڈز یا سٹیفکیٹ کا حصول بہتر رہے گا۔ اس ماہ جائیداد کے لین دین کے معاملات خوش اسلوبی سے انجام پا جائیں گے اور وہ افراد جو بچوں کی وجہ سے گھر تبدیل کرنا چاہتے ہیں یا رہائش کے لئے بہتر جگہ کی تلاش میں ہیں ان کے لئے آسانی رہے گی۔ گھریلو معاملات اور جائیداد کے معاملات کے لئے اس ماہ کی ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ ریخ موافق ثابت ہوگی۔



اس ماہ آپ کی شخصیت میں نمایاں تبدیلی نظر آئے گی۔ کاروبار میں ترقی ہوگی۔ اہم شخصیات سے ملنے کا موقع ملے گا۔ گھر میں کسی فرد کی خوشی دیکھنے کو ملے گی۔

زہرہ ۱۴ تاریخ تک تیسرے گھر میں رہے گا -اس کے بعد چوتھے گھر میں داخل ہوگا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی رشتہ دار اس ماہ کے دوران سیر و تفریح اور خوشی کا موقع فراہم کرے گا۔ شاید کسی ایسے رشتہ دار سے ملنے کا موقع ملے گا جس سے ملاقات ہوئے عرصہ ہو چکا ہے۔ یا پھر کسی رشتہ دار کی زندگی میں خوشگوار نوعیت کے واقعات وقوع پذیر ہونگے۔ یعنی کوئی ایسی بات ہوگی جو خوشی اور تقریب کا موقع فراہم کرے گی۔ اگر حال ہی میں قریبی رشتہ داروں یا پڑوسیوں یا قریبی افراد سے اختلافات پیدا ہوئے ہیں تو انہیں دور کرنے میں بھی زہرہ وسط ماہ کے بعد آپ کی مدد کرے گا اور ماحول میں امن و سکون اور ہم آہنگی پیدا کرنے میں مدد دے گا۔ اختلافات اور ایسی نوعیت کی دوسری مشکلات اب جلد دور ہونے لگیں گی۔ زہرہ ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا ان دنوں سیر و تفریح کریں، کسی شادی میں شریک ہو یا اپنے شریک کا ساتھ سفر کرنے میں یہ وقت خوشگوار رہے گا۔

یکم تاریخ کو زہرہ مشتری کی تثلیث ہوگی۔ بیرون ملک سفر کے انتظامات، قانونی معاملات بہتر رہیں گے۔ یہ وقت ایسا ہے کہ جب خاندانی افراد کے درمیان باہمی تصفیہ ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ میراث اور ترکہ سے متعلقہ جو معاملات چل رہے تھے اب ان کا کوئی نہ کوئی حل نکل آئے گا۔ صحت کی طرف توجہ دیں ورنہ پریشانی مل سکتی ہے تاہم اگر مکمل طور پر چیک اپ کرایا تو صحیح صورتحال واضح ہوگی اور کسی بڑی بیماری سے بچ سکیں گے۔

عطارد ۱۳ تاریخ تک خانہ مالمیں رہے گا اس کے بعد تیسرے گھر میں آجائے گا اور ۳۰ تاریخ کو چوتھے گھر میں داخل ہوگا۔ تحریری کام، نشر و اشاعت، پبلشنگ کے امور میں بہتری ملے گی۔ قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے بہتر رہیں گے۔ مالی لین دین اور کاروباری معاملات میں اپنی مرضی کے مطابق تبدیلی لاسکیں گے۔ کام و کاروبار اور گھر کے معاملات کو بہتر کرسکیں گے۔ سفر زائد ہونگے۔ سفر جو بھی ہونگے وہ لوگوں کے ذریعے فائدہ حاصل کرنے میں موافق ثابت ہونگے۔ رشتہ داروں کے ساتھ بہتر تعلقات قائم ہونگے۔ رابطے زائد ہونگے اور آنا جانا اور سوشل تقریبات میں حصہ لیں گے۔ بہن بھائیوں کے زائد مطالبات کو آسانی سے حل کرسکیں گے۔ تعلیمی سرگرمیوں میں بھی آگے بڑھنا اور کچھ حاصل کرنے کی کوششیں کامیابی دے گی۔ عطارد ۲، ۴، ۱۴، ۱۹، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۲۰ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔ کاروباری معاہدات یا روپے کے حصول کے لئے لوگوں کے ساتھ ملاقات ہوگی۔ دوستوں کے حلقے میں نئے لوگوں کے ساتھ تعلقات قائم ہونگے۔ اپنے مقاصد کی تکمیل کے لئے مالی تعاون حاصل ہوگا اور قانونی مشکلات پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ نئے کاروبار یا شراکتی بنیادوں پر قائم معاہدات میں فائدہ ملے گا۔

۲۷ تاریخ کو شمس زحل کا مقابلہ ہوگا۔ معاہدات یا جائیداد سے متعلق امور میں محتاط رہنا ہو گا۔ لین دین یا خریداری میں اخراجات پر قابو رکھیں۔ سرمایہ کو گورنمنٹ کے سیونگ اسکیم میں نہ لگائیں۔ اعلیٰ طبقہ کے افراد سے تعلقات میں محتاط رہیں۔ ہر معاملے کے قانونی امور کو مدنظر رکھیں۔ جلد منافع دینے والی اسکیم میں روپیہ لگایا ہے تو منافع دیر میں ملے گا۔ تاہم ایسی اسکیموں میں حصہ لیں جو مستقل ذرائع سے مالی فائدہ دے تو اس سے متعلق معلومات حاصل کریں۔ خاندانی جائیداد اور میراث کے سلسلے میں رشتہ داروں کے درمیان جھگڑے ہونگے۔ ہر شخص اپنی برتری ظاہر کرے گا اور اپنے قبضہ میں کرنے کی کوشش کرے گا۔ اگر ایسا معاملہ درپیش ہو تو قانونی حل تلاش کریں۔

مریخ وتد السماء پر موجود ہوگا اور ۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ کیریئر سے متعلق جو آفر ملے اس پر ضرور نظر ثانی کریں۔ چونکہ یہ مالی معاملات پر بھی حکومت کرتا ہے اس ماہ آمدنی میں اضافے کا امکان کم ہے اگر آپ کا ذاتی کاروبار ہے تو یہ ماہ اثاثوں میں اضافے اور کاروبار کو وسعت دینے اور نئے راستے تلاش کرنے کے لئے زائد محنت کرنی پڑے گی۔ معاملات کو نفع بخش اور کارگزار بنیادوں پر قائم کرنے کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا۔ اگر آپ زیادہ خود مختاری کے خواہاں ہیں اور کام کے معاملات میں زیادہ آزادی چاہتے ہیں تو اب کو ابھی

قوتیں آپ کی موافقت میں نہیں ہیں گذشتہ کچھ ماہ سے جو خیالات اور اسکیمیں زیر غور ہیں اب جلد انہیں عملی جامہ پہنانے کا موقع مل جائے گا۔ مریخ ۳، ۸، ۱۳، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم ۱۰، ۱۷، ۲۳ تاریخوں کو محتاط رہنا ہو گا۔ کسی قریبی شخص کے ساتھ تکرار یا حادثہ ہونے کا امکان ہے۔

برج جوزا۔ستارہ عطارد

حروف:- ک۔ق



پیدائش:- مئی ۲۲ تا جون ۲۱

اس ماہ آپ ترقی کرنے میں غیبی مدد حاصل ہوگی۔آمدنی میں اضافہ ہوگا۔اس ماہ اپنی کوششوں کا آغاز کردیں۔

زہرہ ۱۴ تاریخ تک خانہ مال میں رہے گا۔اس کے بعد تیسرے گھر میں داخل ہو گا۔ اس دوران آپ کی سوشل سرگرمیوں پر اہم اثرات مرتب کرے گا۔ شخصیت میں کشش پیدا ہونے کے نتیجے میں نئے مداح اور دوست زندگی میں داخل ہونگے وہ افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات سب سے زیادہ اہم ہیں ان کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہو گا۔ یہ وقت مالی معاملات میں غیر معمولی ابتری لائے گا۔ خانہ مال جس کا تعلق آمدنی اور لین دین سے متعلق ہے۔ وسط ماہ کے بعد اپنے آپ کو زیادہ محفوظ اور مستحکم حالت میں پائیں گے۔ یہ وقت خریداری کے لئے بہت موافق ثابت ہو گا۔ مالی معاملات کے لئے ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ وہ افراد جو بہتر آمدنی والی ملازمت کی تلاش میں ہیں۔یا وہ جو اپنی خاص صلاحیتوں سے زیادہ نفع بخش انداز میں فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جاہ طلب اور مہم جو ہیں تو آپ کو آگے بڑھنے کے مواقع میسر آئیں گے اور تسلی بخش ترقی کریں گے۔

یکم تاریخ کو زہرہ مشتری کی تثلیث ہوگی۔جہاں تک قریبی تعلقات، شادی اور محبت کا تعلق ہے۔ بنیادی طور پر یہ وقت تبدیلی لانے تعلقات کی از سر نو تشکیل کرنے کا بہتر وقت ہے۔ مجھ معاملان میں اپنے جذبات پر قابو رکھنا ہوگا اور کچھ سمجھوتوں پر مجبور ہونا پڑے۔در پردہ اگر مشکلات سے واسطہ پڑا ہے تو انہیں دور کرنے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔

عطارد ۱۳ تاریخ تک طالع میں رہے گا اس کے بعد خانہ مال میں آجائے گا اور ۳۰ تاریخ کو سرطان میں داخل ہو گا۔ چنانچہ عطارد کی موجودگی آپ کے لئے پرلطف اور سرگرم وقت لائے گی۔ اپنے آپ کو جسمانی اور ذہنی دونوں لحاظ سے غیر معمولی طور پر سرگرم اور چست محسوس کریں گے۔وہ افراد جو حال ہی میں روزمرہ کے معمولات کی وجہ سے بندھ سے گئے تھے۔ وہ یقیناً حالات میں بہتری دیکھیں گے گھر سے باہر نکلنے اور گھومنے پھرنے، نئے لوگوں سے تعلقات قائم کرنے اور نئی سرگرمیاں اختیار کرنے کے زائد مواقع میسر آئیں گے۔ وہ افراد جو اپنی صلاحیتوں یا تعلیم کو بہتر بنانا چاہتے ہیں ان کے لئے یہ تاریخیں بے حد موافق ثابت ہونگی۔ عطارد ۲، ۱۴، ۱۹، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔لہذا نشر و اشاعت، سفر، سیر و تفریح، تحریرات اور ذاتی مقاصد کی دلچسپیوں سے متعلقہ اہم معاملات میں مدد گار ہونگی۔ ان دنوں مسائل کو حل کرنا آسان ہو گا۔ تاہم عطارد ۸، ۱۷، ۳۰ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ لہذا ان دنوں، سفر، افواہیں اور غیر ضروری افراد آپ کا وقت ضائع کریں گے۔ ان دنوں ملاقاتیں یا پارٹیوں میں محتاط رویہ رکھیں۔

۲۰ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔بیرون ملک سرمایہ کاری، غیر ملکی کمپنی کے ساتھ تعلقات بڑھانے اور معاہدات کے لئے بہتر وقت ثابت ہوگا۔ جائیداد کے معاملات آسانی کے ساتھ طے پا جائیں گے۔ ان دنوں ہر قسم کی تعلیمی معلومات حاصل کریں۔ قانونی مشورہ، بینک سے قرضہ، گفت شنید یا کاغذات بنانے کے لئے بھی یہ وقت بہتر ہوگا۔بیرون ملک یا دور دراز کا سفر بہتر رہے گا۔ ذہنی شعور اور تخلیقی رجحانات ہی قابلیت کو بڑھانے میں مدد دیں گی۔

۲۷ تاریخ کو شمس زحل کا مقابلہ ہوگا۔ رشتہ دار اور شراکتی بنیادوں کے کاروبار میں روپے پیسے کے معاملات میں تلخی اور انتشار سے واسطہ پڑے گا جن لوگوں پر بھروسہ کر کے آپ نے روپیہ ادھار دیا تھا واپسی کی کوشش کریں جھگڑے کے واقعات ہو سکتے ہیں۔ قانونی معاملات میں محتاط اور تجربہ کار افراد سے معاونت حاصل کریں۔ ورنہ آپ کی عزت کو کسی بھی طریقے سے خراب کرنے کی کوشش ہوگی۔لین دین اور قانونی معاملات کے لئے اپنی سوچ کو کھلا رکھیں تا کہ بہتر سے بہتر فیصلہ ہو سکے۔

مریخ زائچے کے نویں گھر میں موجود ہوگا اور ۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ یہ آپ کے کاروباری سفر یا قانونی اور آفیشل کاموں میں تیزی لائے گا۔ اس ماہ روحانی علوم سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لے کر ذہنی اور جسمانی صلاحیتوں کی بہتر نشوونما کر سکیں گے۔ اس ماہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے بیرون ملک سفر کر رہے ہیں تو اپنی باقوت صلاحیتوں پر بھروسہ رکھا تو کامیابی حاصل ہوگی۔ تاہم ان دنوں اپنے غصہ پر قابو رکھنا ہوگا۔ تعمیری کام، ٹیکنیکل اور مشینری سے متعلقہ امور میں غیر ضروری التواء اور پریشانی آئے گی کچھ کام وقت زیادہ لیں گے اور خرچہ بھی ہوگا۔ مریخ ۳، ۸، ۱۳، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ان دنوں اپنے اہم کاموں کو مکمل کریں۔ قانونی و آفیشل معاملات کو حل کرنے کے لئے مشورہ کرنا بہتر رہے گا۔ تاہم ۱۰، ۱۷، ۲۳ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا۔جب یہ غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔

برج سرطان۔ستارہ قمر

حروف:- ح۔ہ



پیدائش:- جون ۲۲ تا جولائی ۲۳

اس ماہ سرطان سے متعلقہ زیادہ تر افراد کو کیریئر میں ترقی ہوگی یا انہیں بہتر ملازمت اور سفر

کرنے کا موقع ملے گا۔ اس ماہ قانونی معاملات بھی آپ کی موافقت میں ہونگے۔ وہ معاملات جو کافی عرصے سے پریشان کئے ہوئے تھے اب حل ہوتے محسوس ہونگے۔

عطارد ۱۳ تاریخ تک زائچے کے بارہویں گھر میں رہے گا اسکے بعد طالع میں آجائے گا اور ۳۰ تاریخ کو خانہ مال میں آجائے گا۔ حاسدی افراد یا وہ افراد جو خفیہ طریقے سے آپ کو پریشانی میں مبتلا کرتے ہیں ان کے ساتھ رابطہ اور گفت شنید کریں یا ان لوگوں کے ہاں جا کر ملاقات کرنا بہتر رہے گا۔ مطالعہ اور معلومات حاصل کر کے ذہنی اور جسمانی دونوں طرح بہتری لاسکیں گے۔ اگر آپ قانون کے شعبے سے منسلک ہیں تو ان دنوں اپنی بہترین صلاحیتوں کے ذریعے لوگوں کو فائدہ دیں۔ طالع میں موجودگی سے ذاتی کام اور کاروباری مقاصد کو آگے بڑھا سکیں گے۔ مشکلات پر قابو پا سکیں گے۔ لوگ تعاون کا وعدہ کریں گے۔ ان دنوں نشر و اشاعت کے کام، پبلشنگ اور حسابات کو بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ عطارد ۲، ۱۴، ۱۹، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

یکم تاریخ کو زہرہ مشتری کی تثلیث ہوگی۔ اپنے اہم منصوبوں کو آگے بڑھانے کیونکہ اس وقت زائد ترغیب اور مواقع میسر آئیں گے۔ اس وقت آپ جتنی زیادہ ہمت و جرات سے کام لیں گے اتنی ہی زیادہ کامیابی کے امکانات بڑھ جائیں گے۔ یا یوں کہنا چاہئے کہ اس وقت ذاتی کوششیں ہی کامیابی لائیں گی۔

زہرہ ۱۴ تاریخ تک طالع میں موجود رہے گا۔ اس کے بعد خانہ مال میں داخل ہوگا۔ کاروبار اور ملازمت میں بہتری آئے گی۔ ان دنوں جو بھی شخص آپ کی زندگی میں آئے گا وہ مدد کرے گا۔ اور اس کی وجہ سے اپنے خیالات میں تبدیلی محسوس کریں گے۔ وہ افراد جو فنون لطیفہ، تھیٹر اور آرٹسٹک کاموں میں ملوث ہیں۔ انہیں وقت کی قدر کرنی چاہیے، اپنی لاپرواہی سے مالی اور گھریلو پریشانی کی وجہ بنتے ہیں۔ ذرا سی عدم توجہ ہی کام میں بگاڑ پیدا کرسکتی ہے۔ اپنی صلاحیتوں اور کام کے ذریعے لوگوں میں اہمیت اختیار کر جانے کی کوشش کریں۔ اسی طرح ذرائع آمدن میں بہتری کے امکانات موجود ہیں جسمیں کامیاب رہیں گے۔ ذہنی سکون کے لئے سیر و تفریح کے پروگرام بنائیں اور اپنے ماحول کو خوبصورت اور آرام دہ بنانے کے لیے قیمتی اشیاء کی خریداری ذہنی سکون دے گی۔ زہرہ ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۲۰ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔ کاروباری معاہدات اور روپے کے حصول کے لئے جن لوگوں سے ملاقات ہوگی ان سے فائدہ ہوگا۔ دوستوں کے حلقے میں نئے لوگوں کے ساتھ کاروباری تعلقات قائم کرنا ضروری ہوگا۔ کچھ ایسے لوگوں کے ساتھ ملاقات ہوگی جو آپ کے مقاصد کی تکمیل کے لئے مالی تعاون کریں گے۔ نئے کاروبار یا شراکتی بنیادوں پر قائم معاہدات سے مستقبل میں فائدہ ہوگا۔

۲۷ تاریخ کو شمس زحل کا مقابلہ ہوگا۔ اس وقت لوگ جائز و ناجائز کسی بھی طریقے سے روپیہ حاصل کرنے کی کوشش کریں گے اور آپ پر مختلف طریقے سے دباؤ ڈالیں گے۔ روپیہ کے حصول کے لئے مشکلات رہیں گی۔ تاہم غیر ارادی طور پر بھی روپیہ آپ کو ملے گا۔ وہ افراد جو کاروباری دشمنی رکھتے ہیں ان کے ساتھ کوئی جھگڑا نہ کریں۔ کیونکہ قانونی معاملے آپ کے خلاف جائیں گے۔

مریخ زائچے کے آٹھویں گھر میں موجود ہوگا اور ۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ کاروباری شراکت داری اور شریک زندگی کے ساتھ مالی امور میں زائد دلچسپی لیں گے۔ یہ وقت ذہنی خرابی لاتا ہے۔ اپنی خواہشات کو پورا کرنے کا رجحان شدید ہوگا۔ طریقہ غلط انداز سے ہوگا۔ دوسروں کو تکلیف ملے گی۔ جو روپیہ ہاتھ آئے گا وہ جلد ہی نکل جائے گا۔ شریک زندگی سے جھگڑا ہونے کا امکان ہے۔ خاندانی افراد کے درمیان میراث اور ترکہ کا مسلہ زندگی اور موت سے جڑ جائے گا۔ ذہنی ٹینشن بہت ملے گی۔ غصہ، جھگڑا اور جلد بازی سے نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ اپنی اہم چیزوں کا خیال رکھیں، گم یا چوری ہونے کا امکان ہے۔ مریخ ۳، ۸، ۱۳، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ تاہم ۱۰، ۱۷، ۲۳ تاریخ کو محتاط رہیں۔ ان دنوں حادثہ یا جھگڑا ہونے کا زیادہ اندیشہ ہے۔

برج اسد۔ ستارہ شمس

حروف:- م



پیدائش:- جولائی ۲۴ تا اگست ۲۳

ملازمت پیشہ افراد کو اس ماہ اپنے مستقبل کو بنانے کے لیے سفر موقع فراہم کرے گا۔ اس ماہ مذہبی مقامات کی زیارت کرنے کے لیے بھی سفر کریں گے۔ اس وقت روزمرہ کے معمولات میں تبدیلیاں آئیں گی جو آپ کو خوشیاں دیں گی۔

مریخ طالع کے مقابل موجود ہوگا اور ۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ نئے تعلقات کا انجام تیزی سے منگنی اور شادی کی صورت میں نکل سکتا ہے جلد بازی سے نقصان ہوگا۔ وہ افراد جو پہلے ہی سے شادی شدہ ہیں انہیں جذباتی سکون اور خوشی کے ساتھ مادی اقبال مندی بھی حاصل ہوگی۔ اس ماہ تفریحی سرگرمیوں، سوشل زندگی اور سیر و تفریح بھی زائد رہے گی۔ چنانچہ اگر آپ نئے خیالات کے اظہار کے لئے وسیع میدان کے خواہاں ہیں تو اب خوش قسمت مواقع حاصل ہونگے۔ مریخ ۳، ۸، ۱۳، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم مریخ طالع کے مقابل ۱۰، ۱۷، ۲۳ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ آپ کو کسی نوعیت کی مخالفت سے سابقہ پڑے گا اگر آپ کچھ خاص لوگوں کا ساتھ دینا چاہتے ہیں جو آپ کے خیال میں حق پر ہیں تو آپ کو بہت احتیاط اور حکمت عملی سے کام لینا پڑے گا۔

یکم تاریخ کو زہرہ مشتری کی تثلیث ہوگی۔ آپ کی زیادہ توجہ رشتہ داروں یا خاندانی معاملات پر صرف ہوگی۔ اس وقت ذاتی معاملات کی طرف توجہ دیں۔ آپ کو کاروباری اور مالی معاملات میں ترقی کی توقع رکھنی چاہئے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ رسل و رسائل اور طویل غیر ملکی سفر آپ کے لئے خوش قسمت اور پرلطف ثابت ہونگے۔

زہرہ۱۴تاریخ تک زائچے کے بارہویں گھر میں رہے گا۔اس کے بعد طالع میں داخل ہوگا۔ یہ وقت کاروباری امور میں لوگوں کے ساتھ تعلقات بنانے میں مدد دے گا۔اُن لوگوں کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنائیں جو بزنس میں رکاوٹیں ڈالتے ہیں۔ غیر ضروری اخراجات پر قابو پائیں۔ مالی اور کاروباری امور میں کچھ رکاوٹیں آئیں گی۔اس ماہ سیر وتفریح کے لئے پروگرام بنائیں اور ساتھ ہی صحت کے معاملات کو بھی اہمیت دیں۔ یہ وقت کچھ نئے دوستوں کا اضافہ کرے گا یا پھر کسی پرانے دوست سے ملیں گے۔ان کے ذریعے جو معلومات حاصل ہونگی وہ ذرائع آمدن کو بڑھانے اور نئے راستوں کو اپنانے کے لئے فائدہ مند ثابت ہونگی۔وہ افراد جو فنون لطیفہ، تھیٹر اور آرٹسٹک سرگرمیوں میں ملوث ہیں انہیں لوگوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا۔ عملی طور پر اپنے کام میں بہتری لائیں گے۔ زہرہ ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ان دنوں سوشل تقریبات منعقد کرنی بہتر ثابت ہونگی۔

۲۰ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔ایسے تمام معاملات جن میں لوگوں کی مہربانیاں شامل ہونگی وہ روزگار اور ترقی کے امور میں فائدہ مند ثابت ہونگی۔ کاروباری افراد اور جاننے والوں کے درمیان غلط قسم کا پروگنڈا کرنے کی بھی کوشش ناکام ہوگی۔اگر فہم وفراست سے کام لیا اور اپنی صلاحیتوں کو استعمال کیا تو راستے آسان ہوجائیں گے۔

۲۷ تاریخ کو شمس زحل کا مقابلہ ہوگا۔قریبی دوستوں کے ساتھ سماجی سرگرمیوں میں حصہ لے کر اپنے حلقے کو بڑھانے کی کوشش کریں اور جن لوگوں کے ساتھ تعلقات بنائیں ان کی سوچ اور تعلقات سے فائدہ اٹھا کر رہنمائی حاصل کریں اور آنے والے دنوں میں اپنے ذرائع کو بہتر بنانے کی کوشش کریں۔جہاں دوستوں سے خوشی حاصل ہوگی وہاں قسمت کی تبدیلی کوئی دوسرا رخ اختیار کرسکتی ہے کیونکہ دوست سرکشی اور بربادی پر اتر آئیں گے۔ محبت یا شادی کے معاملات میں آپ کی خواہش پوری نہ ہوگی اور خاندانی وقار اور عزت سے متعلقہ کوئی بات رکاوٹ کا باعث بنے گی۔

عطارد ۱۳ تاریخ تک گیارہویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد بارہویں گھر میں داخل ہوگا اور ۳۰ تاریخ کو طالع میں داخل ہوگا۔ جہاں یہ آپ کی خواہشات کے معاملات پر مدد آور اثرات مرتب کررہا ہے۔ بنیادی طور پر سوشل سرگرمیوں اور دوستی کے معاملات پر دباؤ ڈالے گا۔ مشترکہ سرگرمیوں والے کام جو دوسروں کی مدد سے تکمیل کو پہنچیں گے ان کے لیئے وقت موافق ثابت ہوگا۔ان کاموں کا اجر بھی ملے گا اور جوش وجذبہ بھی پیدا ہوگا۔ اگر کسی معاملے میں مدد کے خواہاں ہیں یا کسی خاص مشورے یا تعاون کی ضرورت ہے تو اب آپ کو فوری طور پر مثبت جواب ملے گا۔جن لوگوں سے تعلقات قائم ہونگے یہ لوگ آپ کے نقطہ نظر میں وسعت پیدا کریں گے۔ عطارد ۲، ۱۴، ۱۹، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ لہذا ان تاریخوں میں سوشل سرگرمیوں، سیر وتفریح، پارٹی، فنکشن، نشرواشاعت سے متعلق کام انجام دینا بہتر رہے گا۔ عطارد ۸، ۱۷ تاریخ کو اپنے پروگراموں میں لچک رکھیں کیونکہ اس وقت عطارد غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں قریبی افراد اور دوست ناقابل بھروسہ ثابت ہونگے۔

برج سنبلہ۔ ستارہ عطارد

حروف: پ۔ غ



پیدائش: ۔ اگست ۲۴ تا ستمبر ۲۳

اس ماہ زندگی میں ذاتی جائیداد اور میراث سے متعلق مصروفیات بڑھ جائیں گی۔ اس ماہ گھر بنانے کی کوشش کا آغاز بہتر رہے گا۔سفر ہوگا جو زندگی میں تبدیلی کا باعث بنے گا۔

عطارد ۱۳ تاریخ تک وتدالسماء پر رہے گا ۔اس کے بعد گیارہویں گھر میں داخل ہوگا اور ۳۰ تاریخ کو بارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ان دنوں میں بزنس سے متعلقہ معاملات اور رابطے میں بہتری ملے گی۔ ذرائع آمدورفت بھی بہتر رہیں گے۔ وہ افراد جو ملازمت کے حصول کی کوشش کررہے ہیں۔ انہیں لوگوں کی طرف سے مثبت جواب ملے گا۔اگر آپ ان سے کام لینا چاہتے ہیں تو وسط ماہ کے بعد ان سے رابطہ کرنا بہتر رہے گا۔ تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ ذہنی وسعت اور شعور کو بڑھانے کے لئے ہر طرح کی سرگرمی میں حصہ لیں۔ دوستوں کے ساتھ سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ تحریری کام اور مشاغل میں وقت لگانا بہتر رہے گا۔ روزگار کے حصول اور اسے ترقی دینے کیلئے لوگوں سے رابطہ قائم کریں۔ عطارد ۲، ۱۴، ۱۹، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

یکم تاریخ کو زہرہ مشتری کی تثلیث ہوگی۔ اس وقت کسی کام کی بنیاد رکھنے کے لئے اہم فیصلہ کریں۔ سرمایہ کاری اور دیگر کاروباری معاہدات کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ بیرون ملک سفر یا تعلیمی سرگرمیوں سے متعلق اگر معاملات ہیں تو ان میں بہتری پیدا کرسکیں گے۔

زہرہ ۱۴ تاریخ تک زائچے کے گیارہویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد بارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ دوست اور قریبی جاننے والے افراد آپ کے معاملات میں بے حد سرگرم اور اہم کردار ادا کریں گے۔وہ سرگرمیاں جن میں تعاون اور متفقہ سرگرمیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔اس رجحان کے تحت آپ کی امیدوں، خواہشات اور اہم مقاصد کو فائدہ نہیں پہنچے گا۔ زندگی میں اہم واقعات رونما ہونگے جو آپ میں خوش امیدی پیدا کردیں گے۔ چنانچہ نوٹ کرلیں کہ زہرہ اس ماہ کی ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہونے کا امکان ہے اور محبت کے معاملات سے متعلق ان کے خواب پورے ہوسکتے ہیں۔ کوئی شخص جس سے کافی عرصے سے میل جول اور اچھے تعلقات ہیں وہ اچانک رشتہ بھیج دے گا۔مندرجہ بالا تاریخیں محبت کی معاملات، ملنے ملانے، گفت شنید یا سیر وتفریح کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ شادی شدہ افراد کی گھریلو زندگی مزید خوشگوار ہوجائے گی اور ماحول میں ہم آہنگی پیدا ہوگی۔ وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے یا شادی کی دعوت یا کوئی فنکشن کرنا چاہ رہے ہیں تو اس مقصد کے لئے یہ ماہ موافق

ثابت ہوگا۔

۲۰ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔ اس سعد وقت میں ایسے لوگ مشورہ دیں گے جس سے آپ سرمائے کو شراکتی بنیادوں پر لگا سکیں۔ اس سے متعلق معلومات اکھٹی کریں یا کسی پروفیشنل شخص سے مشورہ کریں۔ قانونی امور میں حائل مشکلات اب دور ہوتی ہوئی محسوس ہونگی ۔ان دنوں پوری توجہ کے ساتھ ان مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

۲۷ تاریخ کو شمس زحل کا مقابلہ ہوگا ۔ کیریئر کے معاملات میں احتیاط رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ افسران کے کسی معاملے پر تنقید نہ کریں اس وقت آپ گھریلو معاملات اور کام کے معاملے میں پریشان ہوں گے غیر ضروری سوچیں اور خیالات پریشانی کا باعث بنیں گی۔ اپنے آپ کو بہتر مقام پر لے جانے کے لئے اپنی صلاحیتوں کا اظہار کرنا ہوگا ۔ کیونکہ یہ وقت آپ کے لئے ترقی لاسکتا ہے۔ اپنے خیالات کا اظہار بہتر انداز میں کرنے کی پوزیشن میں ہونگے اور جن لوگوں میں آپ اٹھے بیٹھیں گے ان کے ذریعے بھی آگے بڑھنے کے مواقع حاصل ہونگے۔

مریخ زائچے کے چھٹے گھر میں موجود ہوگا اور ۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ جس کا تعلق کام اور صحت کے معاملات سے ہے چنانچہ اس ماہ روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات بہت نمایاں رہیں گے۔ لہذا بہت سے محنتی افراد کی کوئی خواہش پوری ہوجائے گی اور اب انہیں ماضی کی کوششوں کا اجر بھی ملے گا۔ آفسران آپ کے کام سے مطمئن ہیں تو ترقی یا مرتبے اور حیثیت میں اضافہ لازمی ہے۔ کاروباری افراد کو اس وقت محتاط رہنا ہوگا جلد بازی میں سرمایہ کاری نہ کریں۔ وہ افراد جو موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں ان کے لئے یہ ماہ ان کے لیے تسلی بخش نہ ہو گا۔ ان معاملات کے لئے ۳، ۸، ۱۳، ۲۱، ۲۶ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ لہذا ان دنوں اہم معاملات اور دلچسپیوں کو تیزی سے آگے بڑھا سکیں گے۔ اس رجحان کے تحت صحت بھی اچھی رہے گی۔ ۱۰، ۱۷، ۲۳ تاریخ کو محتاط رہیں زیادہ محنت والا کام نہ کریں کیونکہ ان دنوں حادثہ پیش آسکتا ہے۔ اس ماہ کو یقیناً حوصلہ افزاء اور موافق پائیں گے۔

برج میزان ۔ ستارہ زہرہ

حروف :۔ ت ۔ ٹ ۔ ر ۔ ط



پیدائش :۔ ستمبر ۲۴ تا اکتوبر ۲۳

میزانی افراد اس ماہ دوستوں اور رشتہ داروں میں اہمیت اختیار کرجائیں گے ۔ کاروباری معاملات میں دشواری محسوس کریں گے۔

زہرہ ۱۴ تاریخ تک وتد السماء پر موجود رہے گا۔ اس کے بعد گیارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ یہ جاہ طلب اور مہم جو افراد کی موافقت میں ہوگا۔ دراصل یہ ماہ ان عورتوں اور لڑکیوں کے لئے بھی بے حد خوش قسمت ثابت ہوگا جو کسی خاص کیریئر میں ترقی کے لئے کوشاں ہیں۔ وہ افراد جو ملازمت کی تلاش میں ہیں یا اپنی دلچسپیوں اور مقاصد کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں، تاہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس ماہ ٹھوس نوعیت کے فوائد لائے گا تاہم وہ افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات اہمیت کے حامل ہیں ان کے لئے ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ تاریخ موافق ثابت ہو گی۔ کیونکہ ان دنوں زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ اس برج سے متعلقہ افراد عموماً ایسی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کو بے حد پسند کرتے ہیں جن کے نتیجے میں انہیں کسی کلب، گروپ، لائبریری، سوشل گروپ یا محفل میں شریک ہونا پڑے۔ اس قسم کی دلچسپیاں آپ کی زندگی میں بتدریج اہمیت اختیار کرجائیں گی۔

یکم تاریخ کو زہرہ مشتری کی تثلیث ہوگی۔ اس وقت کچھ ذاتی مقاصد پر نظر ثانی کرنا پڑے گی۔ ان کا تعلق خواہ کیریئر کے معاملات سے ہو خواہ کوئی دوسری خاص دلچسپی سے ہو۔ اس وقت کچھ ایسے حالات رونما ہوں گے جن کی وجہ سے معاملات کو نئے اور مختلف انداز سے دیکھنے کی قوت موجود ہوگی جس سے ذہن میں نئے خیالات بھی آئیں گے۔

عطارد ۱۳ تاریخ تک زائچے کے نویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد وتد السماء پر آموجود ہوگا اور ۳۰ تاریخ کو گیارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ چنانچہ وہ افراد جو تدریسی سرگرمیوں یا قانونی معاملات میں ملوث ہیں یہ ماہ ان کے لئے تسلی بخش ترقی لائے گا۔ لمبے سفر اور دور دراز خط و کتابت کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا۔ عطارد ۲، ۱۴، ۱۹، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ یہ تاریخیں کاروباری قانونی اور آفیشل معاملات کے ساتھ ساتھ تفریحی نوعیت کے سفر کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ اگر کسی معاملے سے متعلق گفت شنید میں شامل ہیں تو آپ کی باتوں پر توجہ دیں گے۔ کسی جگہ تقریر یا اظہار خیال کے لئے آپ کو مدعو کیا جائے گا۔ عطاردی نظرات آپ کی ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ کریں گے اور آپ کی

حاضر جوابی کو کئی گنا بڑھا دیں گے۔ تاہم اگر آپ ۸،۱۷ تاریخ کو سفر کر رہے ہیں تو ان دنوں بے حد محتاط رہیں اگر پبلک ٹرانسپورٹ سے سفر کر رہے ہیں تو سفر کے آغاز کے وقت کو دوبارہ چیک کر لیں اور دیگر قانونی یا آفیشل نوعیت کی بحث میں حصہ نہ لیں۔

۲۰ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔ یہ وقت قانونی معاملات کو سلجھانے اور معاہدات کو قانونی شکل دینے کے لئے موثر ثابت ہوگا۔ دور دراز کے سفر خوشی دے گا۔ کاروباری امور کے لئے خط و کتابت میں بہتری سے واسطہ پڑے گا۔ بیرون ملک کسی اہم معاملے کو حل کرنے میں آسانی ہو گی۔ تعلیمی سرگرمیوں کے سلسلے میں آگے بڑھنا بہتر رہے گا۔ مطالعہ اور روحانی علوم کی طرف توجہ دینے سے عقل و شعور میں وسعت پیدا ہوگی۔

۲۷ تاریخ کو شمس زحل کا مقابلہ ہوگا۔ قریبی رشتہ داروں کے ساتھ رقابت اور حسد کا بڑھ جانا نمایاں تبدیلی کی نشاندہی کر رہا ہے۔ قریبی رشتے ناتے اپنے مطلب کے لئے زیادہ مہربان واقع ہونگے۔ وہ افراد جو آپ سے محبت اور عقیدت سے پیش آئیں گے ان کے مقاصد جلد ہی کھل جائیں گے۔ آپ ملازمت کی غرض سے بیرون ملک جا رہے ہیں اور جن عزیز و اقارب کے سپورٹ کرنے کی وجہ سے تیاری کی ہیں وہ معاملہ رک جائے گا یا پھر کوئی شرط آپ کی زندگی کی کڑی آزمائش ثابت ہوگی۔

مریخ زائچے کے پانچویں گھر میں موجود ہوگا اور ۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ اس ماہ با قوت اثرات میں کمی واقع ہوگی۔ اس کی موجودگی پیشہ وارانہ سرگرمیوں اور طویل المعیاد منصوبوں میں ٹھراو آئے گا۔ جو انعامی اسکیموں، کھیلوں اور مقابلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں۔ تاہم ۱۰، ۱۷، ۲۳ تاریخ کو محتاط رہنا چاہئے کیونکہ ان دنوں حادثات پیش آنے کے امکانات ہیں اس کے علاوہ غلطیاں بھی کر سکتے ہیں۔ مریخ محبت کے معاملات میں بہتری کی امید پیدا کرے گا۔ غیر شادی شدہ افراد اور خاص طور پر لڑکیوں اور عورتوں کے لئے شادی و نسبت کے لئے مواقع لائے گا۔ یہ وقت ناپسندیدہ واقعات لائے گا۔ کوئی دعوت، مختصر سفر یا اتفاقیہ ملاقات جہاں خوش کن رہے گی وہاں دھوکہ و فریب بھی ملے گا یا کسی کی باتیں اذیت دیں گی۔ اس سلسلے میں ۳، ۸، ۱۳، ۲۱، ۲۶ تاریخ اہم ثابت ہوگی اور یہ تاریخیں خوشگوار اور تعجب انگیز باتیں بھی لاسکتی ہیں۔ اس ماہ کے وسط میں پڑوسیوں، قریبی ملنے جلنے والوں اور رشتہ داروں کے معاملات کی جانب زیادہ توجہ رہے گی اور زیادہ وقت انہی پر صرف ہوگا۔

برج عقرب۔ستارہ مریخ، پلوٹو

حروف:- ذ۔ز۔ض۔ظ۔ن



پیدائش:- اکتوبر ۲۴ تا نومبر ۲۲

اس ماہ شریک زندگی سے تعلقات میں اپنے غصہ کو قابو میں رکھیں۔ خواہشات کو قابو میں رکھیں۔ کاروباری معاملات و دیگر سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ کوئی بھی تبدیلی خوش کن ثابت ہوگی۔

مریخ زائچے کے چوتھے گھر میں موجود ہے یا اور ۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ کچھ مشکلات اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا اور مسائل کو سلجھانے میں سخت محنت کرنی پڑے گی۔ اس وقت گھر میں حادثات پیش آنے کا بھی خطرہ ہے۔ لہذا گیس یا بجلی کے آلات میں کچھ خرابی ہے تو کسی بھی قسم کا خطرہ ہر گز مول نہ لیں۔ چھوٹے بچوں پر خاص طور پر نگاہ رکھیں کیونکہ ان دنوں شرارت اور سرکشی اختیار کریں گے۔ مریخ گھریلو اور خاندانی تعلقات کو مضبوط بنادے گی۔ اگر گھر میں کوئی دعوت یا فنکشن کا انعقاد کرنا ہے تو اس مقصد کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہو گا۔ مریخ ۳، ۸، ۱۳، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ یہ وقت ان افراد کی موافقت میں ہو گا جو گھریلو حالات میں اہم تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جائے رہائش کی تبدیلی کے متعلق سوچ رہے ہیں مگر شک و شبے اور تذبذب کا شکار ہیں تو مثبت رویہ اختیار کریں اور جو بھی فیصلہ کرنا ہے واضح سوچ کے ساتھ کریں۔

یکم تاریخ کو زہرہ مشتری کی تثلیث ہوگی۔ آپ کو کوئی فیصلہ کسی دوست یا ساتھ کام کرنے والے کو پریشان کر سکتا ہے۔ اس پریشانی کا خیال کرتے ہوئے آپ کے لئے فیصلہ کرنا آسان نہیں ہوگا تاہم یہ ایسا وقت نہیں ہے کہ جب آپ فیصلوں کو صرف اس وجہ سے التوا میں رکھیں کہ کہیں دوسروں کے احساسات کو ٹھیس نہ پہنچے۔ اگر آپ تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں یا کسی موقع سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں تو مصالحت سے کام نہ لیں۔

زہرہ ۱۴ تاریخ تک زائچے کے نویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد دسویں گھر میں داخل ہو گا۔ چنانچہ یہ وقت لمبا سفر اختیار کرنے کے لئے خواہ وہ کاروباری غرض سے ہو یا تفریحی نوعیت کا موافق ثابت ہوگا۔ درحقیقت یہ وقت ملک سے باہر چھٹیاں گزارنے کے لئے بے حد موافق ثابت ہوگا۔ اگر آپ کوئی لمبا سفر اختیار نہیں کر رہے ہیں تب بھی مقامی لحاظ سے آپ خاصا فاصلہ طے کریں گے۔ آپ تعلیمی سرگرمیوں، کاروباری یا عمرہ کے سفر پر جا رہے ہیں تو آپ کا سفر خوشگوار ثابت ہوگا۔ زہرہ اس ماہ کی ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا قیمتی اشیاء کی خریداری سیر و تفریح، محبت کے معاملات اور کسی اسکیم میں روپیہ لگانا بہتر ثابت ہوگا۔ قانونی امور میں بھی یہ تاریخیں اہم ثابت ہونگی۔ آپ کے نزدیک اگر محبت کے معاملات سب سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں تو یہ ماہ ان معاملات کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔

زہرہ ۲، ۱۰، ۲۳ تاریخ کو نحس نظرات کے تحت ہوگا ان دنوں محتاط رہیں حکمت عملی سے کام لیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ بلا ارادہ ایسے کام کر بیٹھیں گے جس کی وجہ سے حسد اور رقابت کا سامنا ہوگا۔

۲۰ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہو گی۔ کاروباری شراکت داری کے امور اور روپے کے حسابات میں از سر نو جائزہ لیں۔ جائیداد سے متعلق قانونی چارہ جوئی بہتر رہے گی۔ اس وقت صحت کی خرابی کی وجہ سے پریشانی آسکتی ہے جس پر قابو پا سکیں گے۔ روحانی علوم اور مطالعہ کی طرف توجہ دیں اپنے خیالات اور سوچ کو مثبت انداز سے اپنائیں۔

۲۷ تاریخ کو شمس زحل کا مقابلہ ہو گا۔ معاہدات یا جائیداد سے متعلق امور میں لین دین یا خریداری ہوگی اس میں بہت سوچ سمجھ کر

روپیہ لگائیں اور قانونی امور کو مدنظر رکھیں۔ اگر کسی جلد منافع دینے والی اسکیم میں روپیہ لگایا ہے تو منافع دیر سے ملے گا۔ گورنمنٹ میں ٹھیکے دینے والے افراد اور اعلیٰ طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد سے اس ماہ احتیاط کریں۔ لین دین تحریری کریں۔ کسی پر اعتبار نہ کریں۔ تاہم اگر ایسی اسکیموں میں حصہ لیا جو مستقل ذرائع سے مالی فائدہ دے تو اس سے متعلق معلومات حاصل کریں۔ خاندانی جائیداد کے سلسلے میں قریبی رشتہ داروں کے درمیان اختلافات بڑھ جائیں گے۔ ہر شخص اپنی برتری ظاہر کرے گا اور اپنے قبضہ میں کرنے کی کوشش کرے گا۔ اگر ایسا معاملہ دربیش ہو تو قانونی طور پر مسئلہ حل کرنے کی کوشش کریں۔

عطارد ۱۳ تاریخ تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد نویں گھر میں داخل ہوگا اور ۳۰ تاریخ کو دسویں گھر میں داخل ہوگا۔ تعلیمی سرگرمیوں اور دینوی مقاصد کی طرف رجحان رہے گا اس سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ آگاہی فراہم کرے گا۔ یہ وقت کاروباری گفت شنید یا قانونی پیچیدگیوں کو سلجھانے اور مشورہ کرنے کے لئے موافق ثابت ہو گا۔ اس ماہ خط و کتابت کرنا یا دور دراز علاقے یا بیرون ملک کاروباری یا تعلیمی نوعیت کا سفر، ہر طرح سے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ شریک زندگی سے متعلقہ معاملات اور تحریری امور یا رابطے کئی طرح سے فائدہ دیں گے۔ وسط ماہ کے بعد لوگوں کے تعاون سے بہتر رہنمائی حاصل ہوگی۔ یہ وقت بہتر ملازمت حاصل کرنے کے سلسلے میں خط و کتابت یا دیگر الیکٹرونکس ذرائع استعمال کریں۔ والدین اور خاندان والوں کے ساتھ ہم آہنگی پائی جائے گی۔ عطارد ۲، ۱۴، ۱۹، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

برج قوس۔ ستارہ مشتری

حروف:۔ ف



پیدائش:۔ نومبر ۲۳ تا دسمبر ۲۲

اس ماہ قوسی افراد شراکت داری کے معاملات میں تناؤ کا شکار رہیں گے۔ سفر اہم تبدیلی لائے گا۔ قانونی معاملات ٹیکس اور انشورنس کے امور پر توجہ دیں۔

زہرہ ۱۴ تاریخ تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد نویں گھر میں داخل ہوگا۔ اس گھر تعلق شراکتی معاملات اور مالی معاملات سے ہے۔ اس ماہ مالی معاہدات پر زبردست دباؤ پڑے گا ایسا محسوس ہوتا ہے کہ زیادہ تر افراد اپنے ذرائع آمدنی کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دیں گے۔ جائیداد بنانے کی طرف زیادہ توجہ دیں گے۔ اگر آپ گھر کی حالت بہتر بنانا چاہتے ہیں یا بہتر گھر کی تلاش میں ہیں تو زہرہ کے نویں گھر میں داخلے کے بعد جو فیصلہ کرنا ہو کریں۔ وہ افراد جو کاروباری شراکت رکھتے ہیں امکان ہے کہ آپ کو کسی قریبی شخص کی خوش بختی کے نتیجے میں مالی فائدہ ملے گا۔ حالات جو بھی ہوں بہرحال ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو زہرہ سعد نظرات کے تحت ہوگا آپ کو کسی ایسی بات کا علم ہوگا جس سے آپ کو فائدہ پہنچے گا۔ وہ افراد جن کی کسی وجہ سے شریک زندگی سے کچھ عرصے سے ناراضگی ہے تو ان کے دوبارہ ملاپ کا امکان ہے۔ کچھ غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہو جائے گا۔ اس قسم کی بات اس دن ہوسکتی ہے، جس دن زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔

کیم تاریخ کو زہرہ مشتری کی تثلیث ہوگی۔ وہ افراد جو جائیداد کے لین دین کے معاملات کو آگے بڑھنا چاہتے ہیں اور اہم نوعیت کی گھریلو تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں۔ انہیں چاہیے کہ اس وقت فائدہ اٹھائیں۔ قسمت تبدیل کرنے کی تمام راستوں کو اپنانے کی کوشش کریں۔ ہوسکتا ہے کہ اچانک کوئی تبدیلی فائدہ کا باعث بنے۔

عطارد ۱۳ تاریخ تک طالع کے مقابل گھر میں رہے گا اور اس کے بعد آٹھویں گھر میں داخل ہوگا اور ۳۰ تاریخ کو نویں گھر میں داخل ہوگا۔ اس دوران وہ دوستی اور شراکتی اور تمام قریبی تعلقات پر دباؤ ڈالے گا۔ لوگوں کے ساتھ رابطہ ہوگا اور محفلوں میں شرکت کر کے تعلقات میں اضافہ کریں۔ یہ وقت ذہن کو تروتازگی عطا کرے گا۔ کاروباری ذہنیت رکھنے والے افراد کے لئے یہ ماہ مفید رہے گا تعلقات قائم ہونگے، اہم معاہدات پر دستخط کریں اور نئے خیالات پر عمل کرنے کا موقع ملے گا۔ آٹھویں گھر میں داخلے کے بعد میراث اور ترکہ کے امور میں قانونی معاملات پر توجہ دیں۔ غلط فہمی کسی بھی معاملے میں التواء پیدا کرے گی۔ ان تمام معاملات کے لئے ۲، ۱۴، ۱۹، ۲۴، ۲۹ تاریخ خاص طور پر موافق ثابت ہوگی۔ ان تاریخوں میں اہم خطوط لکھنے، نشر و اشاعت، سیر و تفریح کی سرگرمیاں اور تجارتی معاہدات کے لئے بھی یہ تاریخیں مفید ثابت ہونگی۔ تاہم ۸، ۱۷ تاریخ دوسروں کے ساتھ تعلقات اور معاملات طے کرنے کے لحاظ سے بے حد احتیاط کی متقاضی ہے۔

۲۰ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔ معاہدات، سرمایہ کاری کے سلسلے میں رابطے بہتر رہیں گے۔ پیشہ وارانہ معاملات اور ملازمت میں ترقی اور لوگوں سے رجوع کرنے کے لئے بہتر وقت ہوگا۔ یہ وقت سسرالی رشتہ داروں اور گھر کے افراد کے درمیان اہم تعلق کی بنیاد رشتوں کو جوڑ دے گا۔ سفر خوشی دے گا۔

۲۷ تاریخ کو شمس زحل کا مقابلہ ہوگا۔ گھریلو امور اور لوگوں کے درمیان متنازعہ معاملات بڑے مسائل کی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔ اس ماہ شادی اور نسبت والے معاملات شروع کر رہے ہیں تو ان کو موخر کر دیں۔ اس ماہ لوگ آپ کی کردار کشی کریں گے۔ کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہ دیں گے بلکہ لوگوں کے درمیان بے عزت کرنے کا ارادہ ہوگا۔ یہ وقت غلط فہمی لائے گا۔ رشتہ داری لالچ کی بنا پر قائم کی گئی ہوگی۔ تو بہت جلد راز فاش ہو جائے گا۔ اس وقت خودغرضی اتم موجود ہوگی اور بدگمانی پیدا کریں گے۔

مریخ زائچے کے تیسرے گھر میں موجود ہو

گا اور ۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ اس کی موجودگی خاندانی رشتہ داروں، تعلیمی معاملات اور تحریری کاموں میں رکاوٹ سے واسطہ پڑے گا۔ اس ماہ قریبی رشتہ دار پریشانی کا باعث بنیں گے۔ بلکہ دوستوں کے ساتھ تعلقات میں تناؤ کی کیفیت رہے گی۔ محبت کے معاملات میں مشکلات آئیں گی۔ رشتہ ہو جانے کے باوجود خوشی نہ ہو گی۔ سوشل سرگرمیوں میں قریبی افراد سے مدد ملے گی۔ آپ ہر کام با صلاحیت طریقے سے کریں گے۔ پرانی غلطیوں کا ازالہ کریں گے۔ خرید و فرخت اور مکینکل اور مشینری کی خریداری یا کسی انعامی اسکیم میں حصہ لینا بہتر ثابت رہے گا۔ کھیل اور ورزش کے ذریعے جسمانی و ذہنی نشوونما کریں۔ با قوت قدم اٹھانیسے خود اعتمادی میں اضافہ ہوگا۔ مریخ ۳،۸،۱۳،۲۱،۲۶ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم ۱۰،۱۷،۲۳ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا۔

برج جدی۔ستارہ زحل

حروف:۔ ج۔خ۔گ



پیدائش:- دسمبر ۲۳ تا جنوری ۲۰

اس ماہ گھر کے معاملات میں سکون میسر آئے گا۔ والدین اور بچوں سے متعلق معاملات پر خاص توجہ دیں گے۔ کاروباری سرمایہ کاری میں یہ وقت ذہنی تناؤ لائے گا۔ بہت سے کام اور معاملات ٹھراو کا شکار ہونگے۔

مریخ خانہ مال میں موجود ہوگا اور ۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ یعنی کاروباری لین دین میں احتیاط رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ حالات اس ماہ آپ کو بہترین سرمایہ کاری کرنے کا موقع دیں گے۔ روپیہ کمانے میں پوری مدد کرے گا۔ اخراجات کا بھاری بوجھ آئیں گے تاہم ان پر قابو پا سکیں گے۔ میکینکل اور ٹیکنیکل کام اس ماہ با آسانی ہوجایا کریں گے۔ اس ماہ دوستوں کے ساتھ بھرپور وقت گزاریں گے۔ اس ماہ لین دین اور حسابات میں غلطیاں ہونگی، اخراجات پر سے جلد غصہ آجایا کرے گا۔ تحمل مزاجی سے کام لیں۔ کچھ وقت مشکلات کا باعث بنے گا۔ اگر کسی کھیل میں حصہ لے رہے ہیں تو جسمانی چوٹ لگ سکتی ہے۔ مریخ ۳،۸،۱۳،۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں روپیہ کمانے کی دھن سوار ہوگی۔ مکینکل مشینری کی خریداری بہتر رہے گا۔ تاہم ۱۰،۱۷،۲۳ تاریخ کو محتاط رہیں جب کسی کے ساتھ جھگڑا یا حادثہ ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے۔

یکم تاریخ کو زہرہ مشتری کی تثلیث ہوگی۔ وہ افراد جو جائیداد کے لین دین کے معاملات کو آگے بڑھنا چاہتے ہیں اور اہم نوعیت کی گھریلو تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں انہیں چاہئے کہ اس وقت فائدہ اٹھائیں۔ قسمت تبدیل کرنے کی تمام راستوں کو اپنانے کی کوشش کریں۔ ہوسکتا ہے کہ اچانک کوئی تبدیلی فائدہ کا باعث بنے۔

عطارد ۱۳ تاریخ تک زائچے کے چھٹے گھر میں رہے گا اور اس کے بعد طالع کے مقابل آجائے گا اور ۳۰ تاریخ کو آٹھویں گھر میں داخل ہوگا۔ اگر روزگار سے متعلق آپ کو کسی معاملے نے الجھن میں ڈال رکھا ہے تو اب وہ واضع ہوجائے گا اور افواہوں یا لوگوں کی باتوں کی وجہ سے جو پریشانی تھی وہ بھی اب دور ہوجائے گی۔ اس ماہ آپ مستقبل کے تحفظ سے متعلقہ معاملات کی طرف توجہ دیں اور اپنی بہترین صلاحیتوں کو استعمال کریں۔ اگر آپ نیا کاروبار شروع کرنے کا ارادہ ہے تو نئے مواقع میسر آئیں گے۔ معمولی نوعیت کی رکاوٹوں پر باآسانی قابو پا سکیں گے اور آنے والا وقت زیادہ حوصلہ افزاء ثابت ہوگا۔ وسط ماہ کے بعد رشتہ دار اور شریک زندگی کے ساتھ معاملات میں کچھ غلط فہمیاں نقصان دیں گی۔ بہتر یہ ہے کہ اس ماہ وہ اپنی کامیابیوں کو مزید مستحکم بنائیں۔ ملازمت کی درخواستیں ارسال کرنے، انٹرویو دینے، معلومات حاصل کرنے اور کسی بھی نوعیت کے ذاتی کام کا آغاز کے لئے ۲،۱۴،۱۹،۲۴،۲۹ تاریخ کا وقت موافق ثابت ہوگا۔

۲۰ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔ کاروباری مراسم بہتر ہوجائیں گے۔ بینک سے قرضہ لیں یا انعامی اسکیموں میں شامل ہونا چاہیں تو امید کی نئی کرن اجاگر ہوگی۔ کوئی شخص آپ کی زندگی میں اہم تبدیلی پیدا کرے گا جس کے تعاون سے نمایاں کامیابی حاصل کریں گے۔ معاہدات جو نئی تبدیلی لاسکیں اور معلومات جو تخلیقی عنصر کو بڑھا سکے، ایسے راستے اختیار کرنا بہتر رہے گا۔ روحانی علوم کا مطالعہ کریں اور ذہنی سکون حاصل کریں۔

۲۷ تاریخ کو شمس وزحل کا مقابلہ ہوگا۔

حصول مال کا ذرائع، کاروبار اور سب سے زیادہ اثر ملازمت پر پڑے گا۔ نئی تبدیلی اور نئی امنگیں آپ کے مستقبل کی راہوں کو بدل دیں گی۔ اس وقت کسی بھی غیر ضروری سرمایہ کاری میں شامل نہ ہوں، اس ماہ کسی بھی اہم عہدے پر فائز لوگوں سے دھوکا کا امکان ہے۔ اس ماہ آپ کو سخت ذمہ داری یا فرائض ادا کرنے پڑیں گے۔ اقتصادی حالت کام اور کاروبار پر برا اثر ڈالے گی شائد بانڈز، شیئرز اور لاٹری سے مالی مدد حاصل نہ ہوسکے۔ اس دن کسی بھی حساس معاملے کو آگے بڑھانے یا تحریری کام یا معاہدات نہ کریں۔ ایسے لوگوں سے ملاقات ہوگی جو آپ کی رقم کو کسی خاص مقصد میں لگانے اور زیادہ سے زیادہ منافع کمانے کی طرف رغبت دلائیں گے، اس میں شامل نہ ہونا ہی بہتر رہے گا۔ والدین کے روپے کو کسی بھی مقصد میں لگانے سے گریز کریں۔ اہم چیزیں چوری یا گم ہونے کا اندیشہ ہے

ستارہ زہرہ ۱۴ تاریخ تک طالع کے مقابل رہے گا۔ اس کے بعد آٹھویں گھر میں داخل ہوگا۔ اس گھر کا تعلق ہر قسم کی شراکتی معاملات اور قریبی تعلقات سے ہے۔ چنانچہ یہ وقت محبت کے معاملات کے لئے کچھ مشکلات لائے گا۔ وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے ان کے لئے آنے والا وقت موافق ثابت ہوگا اس وقت محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تمام بندھن مزید مضبوط ہوجائیں گے۔ اگر کسی بھی معاملے میں مسائل کا سامنا ہے تو ان کے حل کے لئے ۷،۱۲،۱۶،۲۱،۲۶ تاریخ کا انتخاب کریں۔ زہرہ جب آٹھویں گھر میں داخل ہوگا تو ہر قسم کی گفت شنید اور بحث مباحثہ مصروفیت پیدا کریں گے۔ اگر آپ کسی اہم کاروباری معاملے کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں تو آپ کے حق میں بہتر یہی ہے کہ آپ حکمت عملی سے کام لیں اور بڑے ڈپلومیٹک انداز میں معاہدہ کریں۔

برج دلو۔ ستارہ زحل، یورنس



حروف:- س۔ش
ش۔ص

پیدائش:- ۲۱ جنوری تا ۱۹ فروری

اگر آپ ترقی کرنا چاہتے ہیں یا آمدنی میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں تو اس وقت اپنی کوششوں کا آغاز کردیں۔ رشتہ دار فائدہ دیں گے۔ دوستوں کے گھر والے بھی آپ کی مدد کریں گی۔

عطارد ۱۳ تاریخ تک زائچے کے پانچویں گھر میں رہیگا۔ اس کے بعد چھٹے گھر میں داخل ہوگا اور ۳۰ تاریخ کو ساتویں گھر میں داخل ہوگا۔ قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے ہونگے، میل جول بڑھے گا اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لے کر اپنی قابلیت کو بڑھا سکیں گے۔ امیدوں کی تکمیل جلد ہوگی۔ اس ماہ سفر بھی خوشگوار ثابت ہونگے۔ تحریری کام، اخبارات و رسائل کے ذریعے ادبی حلقوں میں شامل ہوسکیں گے۔ اس وقت آپ کی سوچ الگ طرح سے کام کرے گی۔ اس وقت قسمت کے نمبر، بانڈز کے نمبر، جوا، سٹہ اور بیرونی کرنسی کے حصول میں دلچسپی لیں گے اور اس میں انوسمنٹ کر کے اپنے مال و اسباب کو بڑھانے کی کوشش فائدہ دیں گی۔ عطارد کی موجودگی میں جو خط و کتابت ہوگی اس کا جواب ضرور ملے گا۔ ملازمین کے ساتھ رابطے کام کی رفتار کو تیز کردیں گے۔ ذہنی و جسمانی قوت کو بڑھانے کی ضرورت ہوگی۔ عطارد ۲، ۱۴، ۱۹، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

یکم تاریخ کو زہرہ مشتری کی تثلیث ہوگی۔ محبت کے معاملات میں بہتری ملے گی۔ کسی اہم تعلق کو بنانے کی جو کوششیں کرتے آئے تھے اب وقت آ گیا ہے کہ باہمت طریقے سے ان معاملات کو حل کرسکیں گے۔ کاروباری معاملات کو آگے بڑھانے کا موقع ملے گا۔ نئے رجحانات زندگی میں تبدیلی پیدا کریں گے۔

زہرہ ۱۴ تاریخ تک زائچے کے چھٹے گھر میں رہے گا اس کے بعد ساتویں گھر میں داخل ہوگا۔ لہذا اس ماہ روزگار کی سرگرمیوں کو اہمیت حاصل رہے گی۔ لیکن مشکلات سے واسطہ پڑے گا۔ وہ افراد جو موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں انہیں بہت محنت کرنی پڑے گی۔ وہ افراد جنہیں کام اور روزگار کے معاملات میں مشکل حالات کا سامنا ہورہا ہے یا وہ افراد جنہیں زائد کام سے واسطہ پڑا تھا ان کے بوجھ میں کمی آجائے گی لیکن ان کو کوئی بڑی برائی نہیں ملے گی۔ زہرہ بہت سے غیر شادی شدہ افراد کے کام کے ماحول میں محبت کا عنصر لانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اس وقت گہرے جذباتی تضادات بھی ابھر کر سامنے آسکتے ہیں۔ آپ کی زیادہ تر توجہ فاضل اوقات کی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کی طرف رہے گی۔ ان دلچسپیوں کو وسعت دینا چاہتے ہیں یا ان میں تبدیلی لانے کی کوشش ہے تو یہ وقت اس مقصد کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ سوشل زندگی میں سرگرمی آئے گی اور جوش پیدا ہوجائے گا۔ سیر و تفریح پر جانے اور لوگوں سے ملنے، نئے دوست بنانے اور زندگی سے لطف اندوز ہونے کا موقع ملے گا۔ چنانچہ اس ماہ کی ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ تاریخ محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگی۔

۲۰ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔ اس دن کے نزدیک آپ کا زیادہ تر وقت رشتہ داروں کے مطالبات کو پورا کرنے میں گزرے گا۔ تحریری کام، پبلشنگ، رسل و رسائل کے امور بھی فائدہ دیں گے۔ زائد اخراجات منافع کا باعث بنیں گے۔ کرنے پڑیں گے۔ نیا کام شروع کرنا چاہتے ہیں تو معاہدات کو تشکیل دیں ساتھ ہی معلومات اکھٹی کرنا بہتر رہیگا۔ ان دنوں قانونی مشورہ طلب کریں، باحیثیت افراد کا تعاون حاصل کریں، رشتہ داروں اور بھائیوں کا تعاون بھی کئی آسانی لائے گا۔

۲۷ تاریخ کو شمس زحل کا مقابلہ ہوگا۔ قریبی دوستوں کے ساتھ سماجی سرگرمیوں میں حصہ لے کر اپنے حلقے کو بڑھانے کی کوشش کریں اور ان لوگوں کے ساتھ تعلقات بنائیں تاکہ ان کی سوچ اور فکر سے فائدہ اٹھائیں۔ دوسروں سے رہنمائی حاصل ہو سکے۔ اور آنے والے دنوں میں اپنے ذرائع کو بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ اس وقت قسمت کی تبدیلی کوئی دوسرا رخ اختیار کرسکتی ہے کیونکہ جس طرح آپ چاہتے تھے آپ کی خواہش پوری نہ ہوسکے گی اور نہ کوئی بات رکاوٹ کا باعث بنے گی۔

مریخ طالع میں موجود ہوگا اور ۷ تاریخ کو رجعت کرجائے گا۔ اس کی موجودگی ذہنی اور جسمانی طور پر قوت فراہم کرے گی۔ اس ماہ جن کاموں کی طرف توجہ دیں گے، وہ کام تکمیل کو پہنچ سکیں گے۔ اگر کھیلوں میں حصہ لے رہے ہیں تو بہتر پوزیشن حاصل کریں گے۔ ترقی کرنے کے مواقع ملیں گے اور کاروبار کو وسیع کرنے کے علاوہ جہاں آپ ملازمت کررہے ہیں وہاں بھی آپ کی بہترین صلاحیتوں کے عوض ترقی کے امکانات روشن ہونگے۔ تعمیری کاموں میں حصہ لینا یا ٹیکنیکل شعبے میں مہارت حاصل کرنا بہتری لائے گا۔ اس ماہ ایسی سرگرمیوں میں حصہ لیں جس سے ذہنی قابلیت کو بڑھانے میں مدد ملے۔ مریخ ۳، ۸، ۱۳، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم ۱۰، ۱۷، ۲۳ تاریخ کو محتاط رہیں جب یہ غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ حادثہ یا جھگڑا ہونے کا اندیشہ ہے۔

برج حوت۔ستارہ مشتری،نیچون

حروف:- د۔چ



پیدائش:- فروری۲۰ تا مارچ۲۰

اس ماہ مالیاتی امور میں فائدہ ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے۔اس ماہ اچانک بیرون ملک سے خوش خبری ملے گی یا بہت پرانا دوست ملے گا۔ جس کی مدد سے نئے کیرئیر کا آغاز کریں گے۔

زہرہ۱۴ تاریخ تک زائچے کے پانچویں گھر میں رہے گا اس کے بعد چھٹے گھر میں داخل ہوگا۔ محبت کے معاملات، سوشل زندگی اور سیر وتفریح سے متعلقہ معاملات پر دباؤ پڑے گا۔ چنانچہ ان افراد کے لئے محبت کے معاملات دیرپا ثابت ہونگے۔ غیر شادی شدہ افراد کے لئے یہ وقت پرخوش ثابت ہوگا۔ زہرہ ۷،۱۲،۱۶،۲۱،۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ لہذا اس دن اتفاقیہ ملاقاتیں دیرپا نوعیت کے تعلق کا سبب بن سکتی ہیں۔محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تعلقات میں ہم آہنگی آئے گی۔ زہرہ ان افراد کو بھی فائدہ پہنچائے گا جو آرٹسٹک اور تخلیقی سرگرمیوں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ایسے افراد جو تھیٹر، ڈرامے یا فلم کی دنیا سے منسلک ہیں ان کے لئے یہ وقت بہتر ثابت ہوگا۔ اگر آپ انعامی اسکیموں یا ایسے کھیلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں جن میں جیتنے کے لئے خوش بختی کی ضرورت ہوتی ہے تو مندرجہ بالا موافق تاریخوں سے فائدہ اٹھائیں ۔تاہم زہرہ ۲،۱۰،۲۳ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ چنانچہ ان دونوں انعامی اسکیموں میں روپیہ نہ لگائیں۔

یکم تاریخ کو زہرہ مشتری کی تثلیث ہوگی یہ وقت ایسا ہے کہ جب آپ اپنے کیرئیر کے معاملات کو آگے بڑھا سکتے ہیں۔ترقی کرنے کے کئی مواقع حاصل ہونگے جن کے ذریعے اپنی پوزیشن کو بہتر بنا سکیں گے۔لین دین اور کاروباری معاہدات بہتر رہیں گے۔


ستارہ عطارد۱۳ تاریخ تک زائچے کے چوتھے گھر میں رہے گا اس کے بعد پانچویں گھر میں آجائے گا اور۳۰ تاریخ کو چھٹے گھر میں داخل ہوگا۔اس کی موجودگی گھر اور گھر کے مسائل حل کرنے، والدین کے ساتھ مل کر گھر کی حالت بہتر بنانے کی کوشش بارآور ثابت ہونگی۔اگر گھر تبدیل کررہے ہیں یا کسی جگہ کی خریداری کررہے ہیں تو بہتر وقت ملے گا اور گھر والوں کے لئے بہتر آسائش مہیا کرسکیں گے۔ اس ماہ ذہنی بے چینی ہوگی، ہر طرح سے زندگی میں تبدیلی لانا چاہیں گے۔زمین اور جائیداد کر خرید و فروخت کرکے بہت کچھ حاصل کرسکیں گے۔اس ماہ بحث مباحثہ اور الفاظ کے جادو سے اور اپنا پن دیکھا کر خریداروں کے دل مول لیں گے۔اس ماہ خط یا خبر سے خوشی ملے گی تو سفر کرنے پڑیں گے۔تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔کسی شعبے میں داخلہ لیں۔ محبت کے معاملات ہوں یا قسمت بدلنے کے، کسی کھیل یا انعامی اسکیم میں حصہ لینے کے، روپیہ کمانے کا موقع ملے گا۔ عطارد ۲، ۱۴، ۱۹، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات بنائے گا۔ان دنوں تحریری امور، پبلشنگ کے کام میں لوگوں کی مدد حاصل رہے گی۔

۲۰ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی ۔ سرمائے کو بہتر اسکیموں میں لگانے کا موافق وقت ہے۔اس میں کامیابی ملے گی۔ کام کو وسیع معاہدوں کے ذریعے ترقی دینے کے لیے قانونی مشورے حاصل کریں۔قریبی افراد یا رشتہ داروں سے تعاون حاصل کرسکیں گے۔بااختیار افراد کے ساتھ شراکت داری بہتر رہے گی۔ مطالعہ اور معلومات حاصل کرکے ہی آگے بڑھنا زیادہ سودمند رہے گا۔ یہ وقت روحانی علوم کی طرف بھی راغبت دلائے گا۔

۲۷ تاریخ کو شمس زحل کا مقابلہ ہوگا۔-مالی اور کاروباری پریشانی سے واسطہ پڑے گا- غیر ضروری اخراجات ہوں گے۔ گھر میں گھر کے افراد کے اخراجات ذہنی کوفت میں مبتلا کریں گے۔نئی طرز رہائش یا تبدیلی لانے کے لیے جائیداد کی تقسیم کرنے کے معاملات زور پکڑ جائیں گے۔اس ماہ کسی بھی معاملہ میں ملوث کر کے ملازمت سے نکال دیا جائے کا یا پھر ترقی روک دی جائے گی۔ رابطے نہ ہونے کی وجہ سے مالی نقصان کا بھی باعث بنے گا۔ گورنمنٹ یا بلدیہ کے ٹھیکے التواء کا باعث بنیں گا۔ ملازمین پروڈکشن نہ دے سکیں گے۔اخراجات ذہنی ٹنشن اور ڈپریشن کا باعث بنیں گے۔صحت کی طرف پوری توجہ دیں۔ پیٹ اور جگر کے امراض مشکلات پیدا کرسکتے ہیں۔

مریخ زائچے کے بارہویں گھر میں موجود ہوگا اور ۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ یہ ماہ آپ کے اردگرد زبردست سرگرمی کا سبب بنے گا۔ جس کی وجہ سے بعض اوقات معمولی نوعیت کی گھریلو تبدیلیوں اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا۔ مریخ ۱۰،۱۷،۲۳ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ان دنوں لوگوں سے تکرار اور جھگڑے کا بھی خطرہ ہے۔ کیونکہ یہ آپ کی رائے سے اتفاق نہ کریں گے۔تاہم ۳،۸،۱۳،۲۱،۲۶ تاریخیں پریشان کن قسم کے قریبی افراد سے نبٹنے کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ اگر اندر ہی اندر جو خوف اور غلط فہمیاں پریشان کررہی ہیں انہیں دور کرنے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ تاہم آپ کو حکمت عملی اور بے حد سوجھ بوجھ سے کام لینا ہوگا۔ کیونکہ کوا کبی رجحانات بے حد دھما کہ خیز صورت کی نشاندہی کررہے ہیں۔

جون کے ستارے



ذیل میں پہلی اور آخری تاریخوں میں ستاروں کے درجات دیئے گئے ہیں روزانہ مفصل رفتاروں کو برنی تقویم وکواکبی گائیڈ ۲۰۱۸ء میں ملاحظہ کریں۔

۱ — شمس

یکم کو شمس ۱۰ درجہ برج جوزا پر ہوگا -۲۲ تاریخ کو برج سرطان میں داخل ہوگا -۳۰ تاریخ کو ۸ درجہ برج سرطان پر پہنچ جائے گا۔

۲ — عطارد

یکم کو عطارد ۴ درجہ برج جوزا پر ہوگا۔۱۳ تاریخ کو برج سرطان میں داخل ہوگا -۳۰ تاریخ کو برج اسد میں داخل ہوگا -۳۰ تاریخ کو ایک درجہ برج اسد پر پہنچ جائے گا۔

۳ — زہرہ

یکم کو زہرہ ۱۴ درجہ برج سرطان پر ہوگا -۱۴ تاریخ کو برج اسد میں داخل ہوگا۔۳۰ تاریخ کو ۱۸ درجہ برج اسد پر پہنچ جائے گا۔

۴ — مریخ

یکم کو مریخ ۵ درجہ برج دلو پر ہوگا -۱۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا -۳۰ تاریخ کو ۹ درجہ برج دلو پر پہنچ جائے گا۔

۵ — مشتری

یکم کو مشتری ۱۵ درجہ برج عقرب پر بحالت رجعت ہوگا۔اسی برج میں حرکت کرے گا۔۳۰ تاریخ کو ۱۳ درجہ برج عقرب پر پہنچ جائے گا۔

۶ — زحل

یکم کو زحل ۷ درجہ برج جدی پر ہوگا -پورا مہینہ بحالت رجعت اسی برج میں حرکت کرے گا۔۳۰ تاریخ کو ۵ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۷ — یورنس

یکم کو یورنس صفر درجہ برج ثور پر ہوگا -سارا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔۳۰ تاریخ کو ایک درجہ برج ثور پر پہنچ جائے گا۔

۸ — نپ چون

یکم کو نپ چون ۱۶ درجہ برج حوت پر ہوگا۔ ۱۹ تاریخ کو رجعت کر جائے گا اور سارا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا -۳۰ تاریخ کو ۱۶ درجہ برج حوت پر پہنچ جائے گا۔

۹ — پلوٹو

یکم کو پلوٹو ۲۰ درجہ برج جدی پر ہوگا۔سارا ماہ بحالت رجعت اسی برج میں حرکت کرے گا -۳۰ تاریخ کو ۲۰ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۱۰ — عقدتین قمر

یکم کو راس ۸ درجہ پر برج اسد پر رجعت کی حالت میں حرکت کریگا -ذنب ۷ درجہ برج دلو پر حرکت کریگا۔

۲ کو یوم حضرت علیؑ ۱۰ کو شرف قمر ۱۲ کو لیلۃ القدر ۱۳ کو عطارد در سرطان ۱۴ کو زہرہ در اسد ۱۵ کو جمعۃ الوداع نیا چاند ☾ ۱۶ کو یکم شوال ۱۴۳۹ھ عید الفطر ۱۹ کو رجعت نپ چون ۲۱ کو شمس در سرطان ۲۳ کو قمر در عقرب ۲۷ کو رجعت مریخ ۲۹ کو عطارد در اسد ہوگا۔

نظرات کواکب بمعہ اوقات و عملی ہدایت

ماہ جون ۲۰۱۸ء

سعد/نحس	وقت	اختصار	نظرات	علمی ہدایت و رہنمائی
				(جمعہ ۱ جون ۲۰۱۸ء)
م	۵:۵۲	☽☌♄	قمر قران زحل	اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
س	۱۹:۱۲	☿△♂	عطارد تثلیث مریخ	کسی اہم معاملہ کی طرف توجہ دیں' فیصلہ کن اقدام کرنے کا موقع باہمی خیالات کا تناؤ موافق ثابت ہوگا۔
س	۱۹:۲۸	♀△♃	زہرہ تثلیث مشتری	اہم معاہدات اور فیصلے کے لئے سعد وقت' شادی بیاہ سے متعلقہ معاملات کو طے کرنے کا موافق وقت۔
س	۲۱:۴۰	☽✶♃	قمر تسدیس مشتری	ہر طرح سے لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
ن	۲۱:۵۶	☽☍♀	قمر مقابلہ زہرہ	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں' حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ملے گی۔
س	۲۳:۲۹	☽✶♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر و تفریح کریں' یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
				(ہفتہ ۲ جون ۲۰۱۸ء)
م	۸:۳۶	☽☌♇	قمر قران پلوٹو	کتابوں کے ذریعے یا کسی شخص کے مشوروں کے ذریعے اپنے باطن کو صاف کریں۔
س	۱۳:۳۳	♀△♆	زہرہ تثلیث نپ چون	فنون لطیفہ و انجینئرنگ کے معاملات میں مل کر پراجیکٹ پر کام کریں تو بے مثال کامیابی حاصل کرسکیں گے۔
				(اتوار ۳ جون ۲۰۱۸ء)
ن	۴:۵۷	☽□♅	قمر تربیع یورنس	خیالات کا انبار ہوگا' کچھ سوجھائی نہ دے گا نامکمل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
س	۱۵:۲۱	☽☌♂	قمر قران مریخ	اپنے مقاصد اور اپنی بات پر ڈٹے رہیں' اہم فیصلے کریں' تبدیلی لانے کا موقع ملے گا۔
				(پیر ۴ جون ۲۰۱۸ء)
س	۰۰:۰۵	☽△☿	قمر تثلیث عطارد	ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔
س	۶:۲۲	☽△☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی لئے منصوبہ بندی کریں' کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑسکتی ہے۔
ن	۱۰:۰۹	☽□♃	قمر تربیع مشتری	لین دین' بینک' قرضہ کے معاملات کو بہتر کریں' کسی بھی قسم کا نقصان برداشت سے باہر ہوگا۔
				(منگل ۵ جون ۲۰۱۸ء)
س	۱۷:۵۷	☽✶♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت' اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
				(بدھ ۶ جون ۲۰۱۸ء)
س	۶:۳۴	☽✶♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
م	۷:۰۱	☿☌☉	عطارد قران شمس	اہم معاہدات کی تشکیل اور اہم فیصلہ ہونے کی امید' ٹھوس بنیادوں پر اظہار خیال دوسروں کو متاثر کرے گا۔
س	۷:۲۰	♀☍♇	زہرہ مقابلہ پلوٹو	محبت کے معاملات میں جھگڑے اور فساد' علیحدگی کی بنیاد بنیں گے' حکمت عملی سے مسئلہ حل کریں۔
ن	۱۹:۱۰	☿□♆	عطارد تربیع نپ چون	خیالات منفی سوچوں کی طرف لے جائیں گے۔ دھوکہ اور فریب کے علاوہ غلط فہمیاں پیدا کی جائیں گی۔
س	۲۱:۳۷	☽△♃	قمر تثلیث مشتری	روحانی علوم کی طرف توجہ دیں' کسی بزرگ کے مشورہ پر عمل کریں' قانونی معاملات کو حل کرنے کا بہتر وقت۔
ن	۲۳:۳۱	☽□☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے کوئی فیصلہ نہ کریں' مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے' صرف دوسروں کی سنیں۔
				(جمعرات ۷ جون ۲۰۱۸ء)
م	۰۰:۲۴	☽☌♆	قمر قران نپ چون	دوستی اور اعتماد میں کمی آئے گی، دھوکہ اور فریب مل سکتا ہے، سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔
ن	۱:۳۳	☽□☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں' مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔
س	۸:۵۲	☽✶♇	قمر تسدیس پلوٹو	ذرائع آمدن کو بڑھانے کے لئے نئے راستے تلاش کریں' تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں سے فائدہ۔
ن	۱۱:۰۶	☉□♆	شمس تربیع نپ چون	قانونی معاملات کیلئے تجربہ کار افراد سے مشورہ کریں' اہم شخص دھوکہ دے گا۔
س	۱۱:۳۴	☽△♀	قمر تثلیث زہرہ	تعلقات بنانے کا بہتر وقت' سماجی سرگرمیوں اور کلب سے متعلقہ کام بہتر رہیں گے۔

				(جمعہ ۸ جون ۲۰۱۸ء)
س	۱۵:۵۵	☽✶♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے' ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
ن	۱۵:۵۶	☽□♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔ کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
				(ہفتہ ۹ جون ۲۰۱۸ء)
س	۱۲:۲۸	☽✶☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
ن	۱۶:۴۱	☽□♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔ وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
س	۲۱:۰۲	☽✶☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
				(اتوار ۱۰ جون ۲۰۱۸ء)
ن	۰۰:۳۶	☽□♀	قمر تربیع زہرہ	تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی' تاہم تنقید زیادہ ہوگی' روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
م	۱۱:۱۳	☽☌♅	قمر قران یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کا زیادہ اثر ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن وڈپریشن کا شکار ہونگے۔
س	۲۱:۱۹	☽△♄	قمر تثلیث زحل	بڑی عمر کے افراد سے مشورہ ضرور کریں' رہائش کی تبدیلی یا خریداری بہتر رہے گی۔
ن	۲۲:۲۰	☽□♂	قمر تربیع مریخ	یہ وقت انتشار' دباؤ لاتا ہے' اچانک کسی بات پر جھگڑا ہوسکتا ہے' دیکھ کر چلیں کوئی حادثہ ممکن ہے۔
				(پیر ۱۱ جون ۲۰۱۸ء)
ن	۱۰:۱۳	☽□♃	قمر مقابلہ مشتری	قریبی افراد روپے کے معاملات میں جھگڑا کریں گے' ہر شخص اپنی اہمیت زیادہ جتائے گا۔
س	۱۳:۲۲	☽✶♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر وتفریح کریں' یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
س	۲۰:۳۰	☽△♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم ورواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
				(منگل ۱۲ جون ۲۰۱۸ء)
س	۸:۲۸	☽✶♀	قمر تسدیس زہرہ	ذرائع آمدن کو بڑھانے کے نئے راستے ملیں گے' تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں میں فائدہ۔
				(بدھ ۱۳ جون ۲۰۱۸ء)
س	۰۰:۵۹	☽△♂	قمر تثلیث مریخ	اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔
ن	۱۴:۴۰	☽□♆	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا' خرید وفروخت میں ہوشیار رہیں' دھوکہ ہوگا۔
س	۱۶:۴۰	☿✶♅	عطارد تسدیس یورنس	نئے لوگوں سے واسطہ پڑے گا ذہنی اور جسمانی طور پر اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کا بہتر وقت۔
				(جمعرات ۱۴ جون ۲۰۱۸ء)
م	۰۰:۴۲	☽☌☉	قمر قران شمس	سوشل سرگرمیوں سے متعلق کاموں کے لئے بہتر' خاندانی تعلق بنانے کا بہتر وقت۔
س	۱۴:۳۴	☽✶♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت' اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
م	۱۸:۰۱	☽☌☿	قمر قران عطارد	ہر طرح کی معلومات حاصل کرکے' بہتر فیصلہ کریں' تحریر وتقریر کے لئے موافق۔
ن	۲۳:۰۹	☽☍♄	قمر مقابلہ زحل	بڑی عمر کے افراد کی بات پر سخت رویہ اختیار کریں' خاندانی جائیداد کا معاملہ بغیر کسی نتیجہ کے ختم ہوجائیگا۔
				(جمعہ ۱۵ جون ۲۰۱۸ء)
ن	۸:۳۱	♀□♅	زہرہ تربیع یورنس	اہم تعلق میں خرابی آئے گی' دوستی ختم ہوگی۔
س	۱۱:۰۹	☽△♃	قمر تثلیث مشتری	قلبی سکون کے لئے روحانی علوم کی طرف راغب ہوں' جو امید رکھیں وہ ضرور پوری ہوگی۔
س	۱۴:۳۹	☽△♆	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔ اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
ن	۲۱:۱۷	☽☍♇	قمر مقابلہ پلوٹو	اہم مسئلے کو حل کریں۔ جدوجہد بہتر صورت حال لائے گی ادراکی قوتوں سے کام لینے کا بہتر وقت۔
				(ہفتہ ۱۶ جون ۲۰۱۸ء)
ن	۶:۴۶	☿☍♄	عطارد مقابلہ زحل	تحریری کاموں' معاہدات' زمینداری اور جائیداد کے معاملات موخر کریں' جھگڑا ہو۔
ن	۱۴:۴۴	☽□♅	قمر تربیع یورنس	خیالات کا انبار ہوگا' کچھ سوجھائی نہ دے گا نامکمل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
م	۱۷:۱۳	☽☌♀	قمر قران زہرہ	اس وقت جذباتی ردعمل کا اظہار ہوگا۔ لوگوں میں زیادہ گھل مل جائیں گے' امیدیں پوری ہوسکتی ہیں۔

				(اتوار ۱۷ جون ۲۰۱۸ء)
ن	۲:۱۷	☽☍♂	قمر مقابلہ مریخ	سفر و مشینری کے کاموں میں احتیاط رکھیں' جلد بازی میں کام نقصان دیں۔
ن	۱۱:۲۲	☽□♃	قمر تربیع مشتری	اہم کاغذات اور روپے کا دھیان رکھیں چوری یا گم ہونے کا اندیشہ ہے۔
				(پیر ۱۸ جون ۲۰۱۸ء)
س	۸:۲۵	☽⚹☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
س	۱۶:۱۸	☽△♅	قمر تثلیث یورنس	نیا کام شروع کریں۔ فیصلہ کریں' بہتر نتائج ملیں گے۔ دوستی موافق رہے گی' تحریر و تقریر کے لئے موافق۔
				(منگل ۱۹ جون ۲۰۱۸ء)
س	۰۰:۳۸	☽△♄	قمر تثلیث زحل	بڑی عمر کے افراد سے مشورہ ضرور کریں' رہائش کی تبدیلی یا خریداری بہتر رہے گی۔
س	۱۱:۴۳	☽⚹☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
س	۱۳:۳۲	☽⚹♃	قمر تسدیس مشتری	ہر طرح سے لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
ن	۱۷:۴۸	☽☍♆	قمر مقابلہ نپ چون	اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔
				(بدھ ۲۰ جون ۲۰۱۸ء)
س	۰۰:۴۲	☿△♃	عطارد تثلیث مشتری	اہم معاہدات کی تشکیل' بینک سے قرضے کے حصول' انشورنس اور ٹیکس سے متعلقہ معاملے کے لئے موافق وقت۔
س	۰۰:۵۱	☽△♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم و رواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
ن	۱۵:۵۰	☽□☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے کوئی فیصلہ نہ کریں' مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے' صرف دوسروں کی سنیں۔
				(جمعرات ۲۱ جون ۲۰۱۸ء)
ن	۴:۴۷	☽□♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔ کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
س	۸:۳۱	☽⚹♀	قمر تسدیس زہرہ	ہر طرح کے حسابی کاموں کے بہتر وقت' اپنے پروگراموں کو پہلے سے ترتیب دیں۔
س	۹:۰۳	☿⚹♆	عطارد تثلیث نپ چون	رجحان اور خیالات منفرد پیدا ہو سکتے ہیں' لوگوں کی باتیں ذہن میں نئی روش کو جنم دیں گی۔
س	۹:۳۷	☽△♂	قمر تثلیث مریخ	مشکلات کا سامنا کرنے کی پوری قوت ہوگی' تعمیری کاموں کے علاوہ ٹیکنیکل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
ن	۲۱:۵۳	♀☍♂	زہرہ مقابلہ مریخ	محبت کے معاملات بہتری لائیں گے' بندھن کو مضبوط کرنے اور باہمی بات چیت کے لئے موافق۔
				(جمعہ ۲۲ جون ۲۰۱۸ء)
ن	۱:۴۸	☽□☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں' مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔
ن	۶:۳۳	☽□♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔ وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
				(ہفتہ ۲۳ جون ۲۰۱۸ء)
س	۲:۴۹	☽△☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی منصوبہ بندی کریں' کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑ سکتی ہے۔
ن	۳:۲۴	☽☍♅	قمر مقابلہ یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کے زیادہ اثر انداز ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن وڈپریشن کا شکار ہونگے۔
س	۱۰:۵۵	☉⚹♅	شمس تسدیس یورنس	کسی نئے پراجیکٹ کیلئے اہم معاملات طے کرنے یا تحریری کام کا بہتر وقت' ادراکی قوتیں مدد کریں گی۔
س	۱۱:۴۵	☽⚹♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
ن	۱۴:۲۳	☿☍♇	عطارد مقابلہ پلوٹو	خیالات منفی سوچوں کی طرف لے جائیں گے۔ دھوکہ اور فریب کے علاوہ غلط فہمیاں پیدا کی جائیں گی۔
ن	۱۷:۲۳	☽□♂	قمر تربیع مریخ	کسی شخص کی ضد غصہ کا باعث بنے گی' تاہم کسی کام کو جلد بازی میں کرنے سے گریز کریں۔
ن	۲۱:۳۳	☽□♀	قمر تربیع زہرہ	تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی' تاہم تنقید زیادہ ہوگی' روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
				(اتوار ۲۴ جون ۲۰۱۸ء)
م	۲:۱۰	☽☌♃	قمر قران مشتری	جن افراد کے ساتھ تعلقات استوار کریں گے' وہ آپ کو فائدہ دیں گے۔ کسی نیک کام میں حصہ لیں۔
س	۷:۲۲	☽△♆	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔ اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
س	۱۴:۵۸	☽⚹♇	قمر تسدیس پلوٹو	اپنے اصولوں کی طرف توجہ دیں' مفاد و اشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا' نئی سمت نظر آئے گی۔
س	۱۸:۵۹	☽△☿	قمر تثلیث عطارد	ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔ تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔

				(پیر ۲۵ جون ۲۰۱۸ء)
ن	۲۲:۱۸	♀□♃	زہرہ تربیع مشتری	لین دین، بینک، قرضہ کے معاملات کو بہتر کریں، کسی بھی قسم کا نقصان برداشت سے باہر ہوگا-دھوکہ ملے
				(منگل ۲۶ جون ۲۰۱۸ء)
س	۳:۳۱	☽✶♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے، ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی-
س	۱۳:۴۸	☽△♀	قمر تثلیث زہرہ	ہر طرح کے حسابی کاموں کے بہتر وقت، اپنے پروگراموں کو پہلے سے ترتیب دیں-
ن	۱۷:۵۳	☽□♆	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا، خرید و فروخت میں ہوشیار رہیں، دھوکہ ہوگا-
				(بدھ ۲۷ جون ۲۰۱۸ء)
ن	۱۸:۲۷	☉☍♄	شمس مقابلہ زحل	گھر کے افراد کے درمیان تلخ کلامی ہوگی، جائیداد کے معاملات سنگین صورت حال پیدا کریں گے-
				(جمعرات ۲۸ جون ۲۰۱۸ء)
س	۰۰:۴۰	☽△♅	قمر تثلیث یورنس	اتفاقی تبدیلی آئے گی، جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا-
م	۸:۳۳	☽☌♄	قمر قران زحل	اتفاقی تبدیلی آئے گی، جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا-
ن	۹:۵۲	☽☍☉	قمر مقابلہ شمس	سوشل سرگرمیوں میں کسی شخص کی بات جھگڑے کا باعث بنے گی، کوئی خوشی غم میں بدل جائے گی-
				(جمعہ ۲۹ جون ۲۰۱۸ء)
س	۰۰:۱۲	☽✶♃	قمر تسدیس مشتری	ہر طرح سے لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی، اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں-
س	۶:۰۶	☽✶♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر و تفریح کریں یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں-
م	۱۳:۵۶	☽☌♇	قمر قران پلوٹو	کتابوں کے ذریعے یا کسی شخص کے مشوروں کے ذریعے اپنے باطن کو صاف کریں-
				(ہفتہ ۳۰ جون ۲۰۱۸ء)
ن	۱۳:۰۰	☽☍☿	قمر مقابلہ عطارد	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں، حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ہوگی-
ن	۱۳:۳۷	☽□♅	قمر تربیع یورنس	خیالات کا انبار ہوگا، کچھ سوجھائی نہ دے گا نامکمل کاموں کی طرف توجہ دیں-
ن	۱۸:۰۰	☿□♅	عطارد تربیع یورنس	اس وقت مقابلے کا رجحان ہوگا، حسد اور بغض آپ کی سوچ کو مفلوج کرسکتی ہے-

بد قسمت زندگی کو بدلیے

۱۔ حب جاہ، لیڈری، شجاعت کے اسباب پیدا کرتی ہے۔

۲۔ یہ لوح دشمنوں اور مخالفوں کے عملی اقدام کو روکتی ہے۔ مخلفانہ حرکتوں کو ناممکن اور مخالف کا کوئی حربہ کامیاب نہیں ہوتا۔

۳۔ غیر متوقع نقصانات اور ترقی کے راستوں میں رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے سریع التاثیر ہے۔

۴۔ ذرائع آمدن، سرمایہ کاری، گورنمنٹ سیکیورٹیز اور سرٹیفکٹ، ڈالر، پاونڈ، یورو، لاٹری، بانڈز و شیئرز میں وسیع نفع دیتا ہے۔

۵۔ وہ لوگ جو ہر دفعہ کام یا روزگار میں ناکام رہتے ہیں ان کی زندگی میں تبدیلی لاتا ہے۔ ناکامی کو کامیابی میں بدل دیتا ہے۔

۶۔ قلبی امراض، وجع المفاصل (گٹھیا)، دل کی دھڑکن کی تکلیف میں شفایابی دیتی ہے۔

ماہ جولائی کی ۱۵ تاریخ تک اس لوح کے لئے اپنا نام لکھوائیں

www.ruhanidunya.com

عملِ حدیث

حضرت جنید بغدادیؒ کو انتقال کے بعد ایک بزرگ نے خواب میں دیکھ کر دریافت کیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ کیا۔ آپ نے فرمایا حقائق و معارف کی موشگافیاں، رموز توحید کی باریکیاں، عبادت و ریاضت، زہد و تقویٰ کا مبالغہ، غرض زندگی بھر کی تمام مجاہدانہ سعی کام نہ آئی اور تمام کی تمام کسی نہ کسی وجہ سے معطل کردی گئیں لیکن رات کے آخری حصے میں (تہجد کے وقت) چند رکعتیں جو پڑھا کرتا تھا وہی کام آئیں۔ اور وہی سبب نجات ہوگئیں۔

فرمایا جناب رسولِ خدا ﷺ نے کہ: رات کے آخری حصے میں خدائے کریم آسمان دنیا پر نزول جلال فرماتا ہے اور حکم فرماتا ہے کہ کیا کوئی مانگنے والا ہے جو مجھ سے طلب کرے اور میں اس کی تمنا پوری کروں۔ کیا کوئی مبتلائے قرض و افلاس ہے کہ میں اسے غنی کردوں۔

فرمایا رسولِ خدا ﷺ نے کہ: نمازِ صبح تک یہی آوازِ رحمت گونجا کرتی ہے اور مانگنے والے اپنی مرادیں پاتے ہیں۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں۔

ومن طلب العلا سهر الليائی۔

یعنی جس کو علوم مرتبت کی تمنا ہو اس سے کہہ دو کہ وہ راتوں کو جاگا کرے۔

میں عرض کروں گا کہ سرتاج العملیات اور افسر الاوراد بے داری شب (آخری حصہ میں) چار یا آٹھ رکعتیں نفل کی بہ نیت تہجد پڑھنا اور شافی مطلق سے اپنے مرض کی دوا طلب کرنا کافی ہے چاہے وہ مرض جسمانی ہو یا روحانی۔ جیسے قرض یا بیروزگاری وغیرہ۔ اس عمل پر مواظبت کرنے والے کے لئے کسی دوسرے عمل کی ضرورت نہیں ہے۔ بزرگان دین ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص بارہ برس تک نمازِ تہجد پڑھے وہ ولی کامل اور سیف زبان ہوجاتا ہے۔ رات کے آخری حصہ کی بیداری اور نمازِ تہجد ایک ایسی کیمیائے خالص ہے کہ جو دین اور دنیا کو زرِ نقد بنادیتی ہے۔ بس اگر کسی کو دینی یا دنیاوی مصائب نے گھیر رکھا ہے، قرض یا بے روزگاری نے پریشان کر رکھا ہے تو خدائے ذوالجلال کی آواز پر لبیک کہتا ہوا دوڑے اور اس منعم حقیقی سے لپٹ جائے جس کے خزانے داد و دہش سے ایک ذرہ کم نہیں ہوتے اور جب وہ خود بلاتا ہے اور غم سے رہائی دینے کا وعدہ کرتا ہے تو یقیناً وعدہ وفا فرماتا ہے

ان الله لا يخلف المعياد

(اللہ کبھی بھی وعدہ خلافی نہیں کرتا)۔ جب کوئی تکلیف یا ضرورت پیش آئے تو نمازِ تہجد شروع کرو اور گریہ وزاری کرتے ہوئے اور گڑگڑاتے ہوئے سجدہ میں گر جاؤ۔ بے شک رحم ہوگا اور مصائب کے بادل رحمت کی ہوائیں اڑا کر لے جائیں گی۔

وما توفيق الا بالله۔

حضرت کاش البرنی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور محققانہ تصنیفات

۱- عامل کامل حصہ اول	جفری قواعد کے سریع التاثیر عملیات' اسماء' موکلات' دعوات	قیمت ۳۶۰ روپے
۲- عامل کامل حصہ دوم	علم النقوش اور علم الالواح' علم تکسیر' علم الاعداد	قیمت ۵۵۰ روپے
۳- حل المقاصد	مستحصلہ عربی' اردو زبان میں سوال و جواب	قیمت ۱۴۸ روپے
۴- الساعت حصہ اول	روزانہ کام کرنے کی سعد اور نحس اثرات کا ساعتی نظام	قیمت ۴۵۰ روپے
۵- الساعت حصہ دوم	ساعتی نظام کی تفصیل معہ اعمال' اسماء' عزیمتیں' طلسم	قیمت ۳۶۰ روپے
۶- رموز الجفر	تسخیر' شرفات کواکب' اسمائے الٰہی' جفر کے حصہ آثار پر عظیم کتاب	قیمت ۴۲۵ روپے
۷- عددوں کی حکومت حصہ اول	علم الاعداد کے تجربات' نظریات نام کے اعداد سے قسمت' غیبی نمبر	قیمت ۴۵۰ روپے
۸- عددوں کی حکومت حصہ دوم	کل امور ہائے زندگی کے علاوہ کی نسبت و زائچہ اعداد کی تشریح	قیمت ۳۶۰ روپے
۹- قواعد عملیات	عملیات کرنے والوں کے لئے جملہ معلومات	قیمت ۳۴۰ روپے
۱۰- اسباق النجوم	نجوم کی ابتدائی معلومات' برجوں کی تفصیل معہ زائچہ بنانا	قیمت ۳۸۰ روپے
۱۱- رجوع ہمزاد	ہمزاد کو قابو کرنے کے طریقے اور عملیات	قیمت ۱۸۰ روپے
۱۲- جذب القلوب	اعداد متحابہ کا نظریہ و عملیات محبت اور حاضری مطلوب کے اعمال	قیمت ۱۵۰ روپے
۱۳- پتھروں کے سحری خواص	حصول برکات کے لئے جواہرات کا پہننا اور حقائق	قیمت ۲۸۰ روپے
۱۴- آثار النجوم حصہ اول	اصطلاحات و تشریحات' مکمل زائچے کی تفصیل	قیمت ۸۵۰ روپے
۱۵- آثار النجوم حصہ دوم	زائچے کے پڑھنے کا طریقہ' کردار' شادی' روپیہ' تعلیم' پیشہ	قیمت ۳۸۰ روپے
۱۶- روح قرآن حصہ اول	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت ۳۵۰ روپے
۱۷- روح قرآن حصہ دوم	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت ۳۵۰ روپے
۱۸- المختصر	عہد رسالت سے قرون اولی کی تاریخ	قیمت ۱۵۰ روپے
۱۹- بچے اور ستارے	بچوں کی پرورش' تعلیم اور پیشہ کی رہنمائی	قیمت ۲۸۰ روپے
۲۰- تعلقات	زن و شوہر کی مزاجی اور مقسومی کیفیت جاننا	قیمت ۱۸۰ روپے
۲۱- تقویم المومنین	شرعی نقطہ نظر سے تاریخوں کا نیک و بد	قیمت ۱۵۰ روپے
۲۲- برنی تقویم برائے سال	جاری سال کے ستاروں کی رفتاریں' ہر شخص کے حالات' گرہن' سفر' سعد و نحس اوقات' کلینڈر	قیمت ۲۰۰ روپے
۲۳- برنی روزانہ کواکبی گائیڈ	سرمایہ کاری' قمر سے متعلقہ کام' نظرات' ۱۸۰ صفحات پر مشتمل روزانہ کام کی اہم ڈائری	قیمت ۲۰۰ روپے
۲۴- تسویۃ البیوت	۲۴ گھنٹے پر مشتمل (ہر ۴ منٹ کا وقفہ) زائچے کے گھروں کے درجات۔ پاکستان کے سوشہروں	قیمت ۹۵۰ روپے
۲۵- اٹلس	دس ہزار (چھوٹے وبڑے شہر وگاؤں) پرمبنی پاکستان کی پہلی کتاب جس میں ہر شہر وگاؤں کا تفاوت وقت موجود ہے	قیمت ۱۲۰۰ روپے
۲۶- برنی کواکبی رفتاریں	۵۰ سال (۱۹۵۰ تا ۲۰۰۰ء) کی مکمل کواکبی رفتاریں' گرہن' رجعت واستقامت' اسلامی مہینے و تاریخ	قیمت ۱۲۵۰ روپے
۲۷- کواکبی کلینڈر	کواکب کی معلومات' نظرات' ستاروں کی رفتاریں' گرہن' منازل قمر' کواکب و قمر کا داخلہ معہ اوقات	قیمت ۱۰۰ روپے
۲۸- ضوء قمر	ہلال قمر (۱۹۰۰ تا ۲۰۲۵ء) عیسوی و ہجری کلینڈر	قیمت ۱۰۰ روپے
۲۹- تاشون (ناول)	حضرت کاش البرنیؒ کی روحانی اور علمی کاوشوں کو کہانی میں ڈھال کر خوبصورت انداز میں لکھا ہے۔	قیمت ۵۰۰ روپے

رسالہ روحانی دنیا کا نمونہ مفت منگوائیں اس کا سالانہ چندہ =/۹۶۰ روپے بذریعہ رجسٹری ہے-رقم بذریعہ منی آڈر کریں یا رسالہ وی پی سے منگوائیں-

حارث عثمانی پبلشر نے باہتمام اوراق پبلشرز سے چھپوا کر دفتر رسالہ روحانی دینا' پی آئی بی کالونی' کراچی ۷۴۸۰۰ سے شائع کیا